مِفتاحُ التّقویم

19 ع 61

مِفتاحُ التّقوِیم لِتطبیقِ الیوم والسّنِین

معروف بہ

مصنّفہ

جبیبُ الرحمٰن خان صابری

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند

ویسٹ بلاک۔۱، آر۔کے۔پورم، نئی دہلی۔110066

Miftah-ut-Taqweem

By

Habibur Rehman Khan Sabri

© قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

سنہ اشاعت :

پہلا ایڈیشن : 1977

دوسرا ایڈیشن : 1999

تعداد : 1100

قیمت : =/155

سلسلہ مطبوعات : 827

ناشر : ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ویسٹ بلاک ۱، آر۔ کے۔ پورم، نئی دہلی 110066

طابع : لاہوتی پرنٹ ایڈز، جامع مسجد، دہلی۔

پیش لفظ

"ابتدا میں لفظ تھا۔ اور لفظ ہی خدا ہے"

پہلے جمادات تھے۔ ان میں نمو پیدا ہوئی تو نباتات آئے۔ نباتات میں جبلّت پیدا ہوئی تو حیوانات پیدا ہوئے۔ ان میں شعور پیدا ہوا تو بنی نوع انسان کا وجود ہوا۔ اسی لیے فرمایا گیا ہے کہ کائنات میں جو سب سے اچھا ہے اس سے انسان کی تخلیق ہوئی۔

انسان اور حیوان میں صرف نطق اور شعور کا فرق ہے۔ یہ شعور ایک جگہ پر ٹھہر نہیں سکتا۔ اگر ٹھہر جائے تو پھر ذہنی ترقی، روحانی ترقی اور انسان کی ترقی رک جائے۔ تحریر کی ایجاد سے پہلے انسان کو ہر بات یاد رکھنا پڑتی تھی، علم سینہ بہ سینہ اگلی نسلوں کو پہنچتا تھا، بہت سا حصہ ضائع ہو جاتا تھا۔ تحریر سے لفظ اور علم کی عمر میں اضافہ ہوا۔ زیادہ لوگ اس میں شریک ہوئے اور انھوں نے نہ صرف علم حاصل کیا بلکہ اس کے ذخیرے میں اضافہ بھی کیا۔

لفظ حقیقت اور صداقت کے اظہار کے لیے تھا، اس لیے مقدس تھا۔ لکھے ہوئے لفظ کی، اور اس کی وجہ سے قلم اور کاغذ کی تقدیس ہوئی۔ بولا ہوا لفظ، آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ ہوا تو علم و دانش کے خزانے محفوظ ہو گئے۔ جو کچھ نہ لکھا جا سکا، وہ بالآخر ضائع ہو گیا۔

پہلے کتابیں ہاتھ سے نقل کی جاتی تھیں اور علم سے صرف کچھ لوگوں کے ذہن ہی سیراب ہوتے تھے۔ علم حاصل کرنے کے لیے دور دور کا سفر کرنا پڑتا تھا، جہاں کتب خانے ہوں اور ان کا درس دینے والے عالم ہوں۔ چھاپہ خانے کی ایجاد کے بعد علم کے پھیلاؤ میں وسعت آئی کیونکہ وہ کتابیں جو نادر تھیں اور وہ کتابیں جو مفید تھیں آسانی سے فراہم ہوئیں۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا بنیادی مقصد اچھی کتابیں، کم سے کم قیمت پر مہیا کرنا ہے تاکہ اردو کا دائرہ نہ صرف وسیع ہو بلکہ سارے ملک میں سمجھی جانے والی، بولی جانے والی اور پڑھی جانے والی اس زبان کی ضرورتیں پوری کی جائیں اور نصابی اور غیر نصابی کتابیں آسانی سے مناسب قیمت پر سب تک پہنچیں۔ زبان صرف ادب نہیں، سماجی اور طبعی علوم کی کتابوں کی اہمیت ادبی کتابوں سے کم نہیں، کیونکہ ادب زندگی کا آئینہ ہے، زندگی سماج سے جڑی ہوئی ہے اور سماجی ارتقاء اور ذہنِ انسانی کی نشو و نما طبعی، انسانی علوم اور ٹکنالوجی کے بغیر ممکن نہیں۔

اب تک بیورو نے اور اب تشکیل کے بعد قومی اردو کونسل نے مختلف علوم اور فنون کی کتابیں شائع کی ہیں اور ایک مرتّب پروگرام کے تحت بنیادی اہمیت کی کتابیں چھاپنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ یہ کتاب اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ امید ہے یہ اہم علمی ضرورت کو پورا کرے گی۔ میں ماہرین سے یہ گذارش بھی کروں گا کہ اگر کوئی بات ان کو نادرست نظر آئے تو ہمیں لکھیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں نظر ثانی کے وقت خامی دور کر دی جائے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ
ڈائریکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند، نئی دہلی

انتساب

بصد خلوص و احترام مفتاح التقویم لتطبیق الیوم والسنین کو مسئلۂ ولادتِ خیر الانام صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں جس کی تاریخی تحقیق کے دَوران یہ عالَمِ وجود میں آئی۔

طالبِ غُفران

حبیب الرحمٰن

مُقدّمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○[لہ]
نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ○[ٹہ]

1۔ تَدْرِیْسُ التَّوْقِیْت[سہ] لکھتے وقت مولنا احمد رضا خاں صاحب بریلوی کا رسالہ نُطْقُ الہِلال بارخ ولادِ الحبیب والوصال نظر سے گزرا۔ دراصل اسی رسالے نے مجھے نبیِ اکرم محمدٌ رّسولُ اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی تاریخِ ولادت کی تحقیق پر مائل کیا۔

2 دوراں تحقیق مسئلہ ولادت، قمری تاریخوں کو شمسی میں اور شمسی تاریخوں کو قمری میں بدلنے یا اُن تاریخوں کو دنوں کے ساتھ جانچنے کی ضرورت لاحق ہوتی رہی۔ اُس وقت استفادے کے لیے کوئی حوالہ حاضر پاس نہ ہونے کے باعث متعدد حسابی قاعدوں کو خود ہی وضع کرنا اور ان سے کام لینا پڑا۔ اسی ضمن میں کئی اہم تقویمی جدولیں بھی مُرتب ہو گئیں۔ اوائل 1961ء تک مسئلۂ ولادت پر کام تو پورا نہ ہو سکا[لعہ]، البتّہ تیں بابوں پر مشتمل اتنا مسالا شکل رسالہ مُحالہ فراہم ہو گیا جو بنامِ تاریخی مِفتاحُ التَّقْوِیْمِ لِتَطْبِیْقِ الْیَوْمِ وَالسِّنِیْن[ھہ] ○ سے موسوم ہوا۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا ضرورت کے لحاظ سے مفتاحُ التّقویم کے بابوں اور جدولوں میں اضافہ ہوتا گیا۔ اب بجائے تیں بابوں کے سات پر مشتمل یہ کاوش، مسئلۂ ولادت کی مرہونِ منّت ہے۔

3 مفتاح التّقویم کی تبویب و تصویب کے دوراں دو جدولیں سامنے آئیں۔ ایک گراوی اُس[ہہ] کی اور دوسری وُسْٹن فِلڈ مہلر کی

لہ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہرباں اور رحم والا ہے۔ ۱۲ منہ

ٹہ ہم اللہ کی تعریف بیاں کرتے اور اُس کے رسول کریم پر درود بھیجتے ہیں۔ ۱۲ منہ

سہ تدریس التّوقیت معروف بہ مُعَلِّمُ الْاَوْقَات ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ دونوں ناموں سے زُبرو بیّنات میں آعار واختتام کے ترتیب وار عیسوی اور ہجری سنہ نکلتے ہیں۔ ۱۲ منہ

لعہ تاریخ ولادت پر تحقیقی مقالہ بنام تاریخی ولادت خیر الانامی، ماہ نامہ تُرجماں، ماہ ذوالحجہ 1384ھ مطابق اپریل 1965ء، جلد 54، شمارہ 4 میں شائع ہو چکا ہے۔ ۱۲ منہ

ھہ دن اور برسوں کو تطبیق دینے والی تقویم کی کُنجی۔ ۱۲ منہ

ہہ A TABLE OF THE CHRISTIAN AND MAHOMMEDAN ERAS FROM THE BEGINNING OF THE HIJRA A D 622 TO A D 1900 EXTRACTED FROM CANONS CALCULATED BY ORDER OF THE CELEBRATED (باقی اگلے صفحے پر)

بلحاظِ ترتیب پہلے کی جدول نقشِ اوّل اور دوسرے کی نقشِ ثانی ہے۔ اوّل الذکر نے 1ھ سے 1318ھ تک اور آخر الذکر نے 1500ھ تک کے مداخل عیسوی تاریخ میں درج کیے تھے۔ دونوں نے 1165ھ تک تو عیسوی تقویم قدیم (جولیائی تقویم) سے اور اس سے آگے تقویم جدید (گریگوروی تقویم) سے مطابقت کی تھی۔ دونوں جدولوں کا باہمی فرق ایک تو یہ تھا کہ پہلے نے سلطان اُلغ بیگ بن شاہ رُخ بن امیر تیمور گورگان کے قانونِ دوم بہ‌ہزیجہ حادوط پر عمل کیا تھا (فقرہ 102) اور دوسرے نے قانونِ اوّل بہ‌ہزیجو حادوط کی پیروی کی تھی (فقرہ 98)۔ لہٰذا صرف دورِ صغیر کے پندرھویں اور سولھویں سال کے مدخلوں میں اختلاف تھا۔ دوسرا فرق یہ تھا کہ اوّل الذکر نے اسلامی طریقۂ شمار کے مطابق چاندرات کی پہلی تاریخ مانی تھی، جب کہ آخر الذکر نے رات گزار کر دن کو شمار کیا تھا۔ نتیجے میں ایک دن کا آگا پیچھا تھا۔ تیسرا نمایاں فرق یہ تھا کہ گراوی اُس نے صرف سالانہ ہجری مدخلوں کی عیسوی تاریخوں سے مطابقت کی تھی اور وُسٹن فلڈ نے سالانہ اور ماہانہ ہجری مدخلوں کے ساتھ دن اور عیسوی تاریخیں بھی درج کی تھیں۔ اس لحاظ سے آخر الذکر کی پیش رفت نسبتاً مکمل اور کارآمد تھی۔

لیکن دونوں فاضلوں میں سے ایک نے بھی اپنی جدول میں

(1) نہ تو سالِ اصطلاحی ہجری کے طول کا سالِ قمریِ حقیقی کے طول سے موازنہ کیا (فقرہ 147)،

(2) نہ ان کے ہیئتی تفاوت کا لحاظ رکھا اور

(3) نہ جدولی تاریخوں اور دنوں کو جانچنے کا طریقہ درج کیا۔

4 الف۔ میرا مطمحِ نظر مفتاحُ التّقویم میں

(1) مختلف تقویموں کا سرسری اور تنقیدی جائزہ لینا،

(2) اُصولِ تقویم کو پیش کرنا،

(3) عیسوی، ہجری اور شک تقویموں کے مدخلوں کو دریافت کرنا،

(4) تینوں تقویموں کے مطابق تاریخوں کے دن یا دنوں کے مطابق ان تقویموں کی تاریخوں کو معلوم کرنا،

(5) ایک تقویم کی تاریخ کو دوسری تقویم میں بدلنا،

(6) کسی تقویم کی مشکوک تاریخ یا دن کو جانچنا،

اور ان کے قاعدوں کو قلم بند کرنا ہے تاکہ صاحبِ استفادہ محض جنتری اور جنتری نما جدولوں کی دی ہوئی تاریخوں اور دنوں پر بھروسہ نہ کرے،

(بقیہ حاشیہ صـ) EASTERN ASTRONOMER, SULTAN ULUG BEG, GRANDSON OF TAMERLANE FROM THE EDITION OF THE LEARNED GRAVIUS. RE-PRODUCED IN W. DAVY'S ENGLISH PERSIAN AND ARABIC DICTIONARY, PRINTED IN GLOUCESTER, 8TH MARCH, 1780.

معہ WÜSTENFELD-MALER'SCHE VERGLEICHUNGS-TABELLENDER MOHAMMEDANISCHEN UND CHRISTLICHEN ZEITRECHUNG BY EDUARD MAHLER (LEIPZIG, 1926) کا اُردو ترجمہ مطبوعہ انجمن ترقیِ اُردو (ہند) نمبر 122 سنہ 1939ع۔

بلکہ مفتاح کے دیے ہوئے قاعدوں اور دائمی جدولوں سے مطلوبہ دن یا تاریخ کو خود استخراج کر کے یا کسی تاریخ میں شک ہو تو اُسے جانچ کر اطمینان کرلے۔

ب۔ اسی کے پیشِ نظر

(۱) مُتعدد عیسوی، ہجری اور شک دوامی اور غیر دوامی جدولیں وضع کر کے مُتعلقہ مقاموں پر درج کی ہیں،

(2) ہر تقویمی مسئلے کو ایک نہیں کئی طریقوں سے حل کیا ہے۔

ج۔ شروع میں جنتری نُما جدول شامل کرنے کا ارادہ نہ تھا، لیکن استفادہ کرنے والوں کی سُہولت کے لیے سہ تقویمی جنتری نُما جدولیں یعنی جَدوَل 14 اور جَدوَل 17 بھی مُرتّب کر کے شامل کی ہیں تاکہ اِن کی مدد سے ہجری تاریخوں کے مطابق جولیانی یا گریگوروی یا شک تاریخیں یا ان میں سے کسی تقویم کے مطابق دوسری تقویمی تاریخیں آسانی سے دریافت ہوسکیں۔

د۔ جَدوَل 14 کی ترتیب میں مُندرجۂ ذیل اُمور مدِنظر رکھے ہیں :

(۱) تقویمِ اصطلاحیِ ہجری کے سالِ ناقص و کامل کا تعیّن 1300ھ مشمولہ تک فقرہ 98 الف کے مطابق کیا ہے،

(2) سالِ اصطلاحیِ ہجری کے مَدخل 1166ھ مشمولہ مطابق 1752ء تک متروکہ (اولڈ اسٹائل) اور مروّجہ (نیو اسٹائل) عیسوی تاریخوں میں بقیدِ یوم دیے ہیں،

(3) سالِ اصطلاحیِ ہجری کا مَدخل چاند رات گزار کر آنے والے دن کو قرار دیا ہے،

(4) چوں کہ سالِ قمریِ حقیقی کے مقابلے میں ، سالِ اصطلاحیِ ہجری کے طول میں 1300ھ کے اختتام تک از روئے ہیئتِ تقریباً آدھے دن سے زیادہ کی کمی واقع ہوتی ہے (فقرہ 97 اور فقرہ 147) اِس لیے 1301ھ سے 2600ھ مشمولہ تک کے مَداخل فقرہ 98 الف کے تحت اور کمی مذکورہ کو پورا کرنے کے لیے 1301ھ سے 2609ھ مشمولہ تک کے مَداخل فقرہ 103 اور فقرہ 150 کے مطابق الگ درج کیے ہیں اور اِن دونوں مَدخلوں کے مطابق ان کی عیسوی اور شک تاریخیں بھی درج کی ہیں،

(5) تقویمِ اصطلاحیِ ہجری اور تقویمِ عیسوی کا جو سال، کامل (کبیسہ) ہے اُسے اِس '۔' خط سے ظاہر کر دیا ہے،

(6) تقویمِ اصطلاحیِ ہجری کے دورِ کبیر کے خانے کو لش سے ظاہر کیا ہے۔

جَدوَل 17 کی ترتیب میں اُمورِ مُندرجۂ جَدوَل 14 کے ساتھ ساتھ مُندرجۂ ذیل اُمور بھی ملحوظ رکھے ہیں۔

(7) 1ھ سے 1300ھ مشمولہ کے سالانہ اور ماہانہ مَدخل فقرہ 98 الف کے مطابق اور 1301ھ سے صرف کامل سالوں اور ان کے ماہانہ مَدخل فقرہ 103 اور فقرہ 150 کے بموجب تحریر کیے ہیں اور انھیں کے مطابق ان کی عیسوی اور شک تاریخیں بھی دی گئی ہیں،

(8) یوروپی جَدوَلوں کے مُقلّدوں کو فقرہ 136 د پر عملدرآمد کا مشورہ دیا ہے،

بظاہر جدول 14 اور جدول 17 یوروپی جدولوں کا چربہ ہے، لیکن درحقیقت اُن کی خامیوں اور فروگذاشتوں کا تکملہ ہے۔

۴۔ مفتاح التقویم کے ساتویں باب میں از سرِ نو سالِ اصطلاحیِ ہجری اور سالِ قمریِ حقیقی کے طولوں کا مُفصّل تنقیدی جائزہ لے کر سالِ اصطلاحیِ ہجری کے طول کی تصحیح کے لیے مُثبت تجویز پیش کی ہے۔

5۔ امید ہے کہ مِفتاحُ التقویم لِتطبیقِ الیوم وَالسّنین بلحاظِ ترتیب و تدوین نہ صرف اُردو میں بلکہ دوسری زبانوں میں بھی

فرد ہوگی اور علمِ تاریخ کے طالبوں اور عوام ہی کے لیے نہیں اَربابِ بصیرت کے لیے بھی بطورِ حوالۂ حاضر سالہا سال تک کام دے گی؛ نیز اس کے مُندرجہ حسابی قاعدے اور دائمی جدولیں مستقبل بعید میں جنتری نُما جدول 14 اور جدول 17 کی توسیع میں بھی مُمِد و مُعاوِن ثابت ہوں گی۔

6۔ آخر میں اگر جناب ڈاکٹر عبد العلیم صاحب کی قدر دانی کا اعتراف نہ کروں تو یہ ناسپاسی ہوگی۔ صاحبِ موصوف نے اس کاوش کو ملاحظہ فرما کر نہ صِرف اظہارِ پسندیدگی فرمایا بلکہ اُردو ترقی بورڈ کی جانب سے اِس کی طباعت کا اور از راہِ علم نوازی خود اِس کا تعارُف تحریر فرمانے کا بھی وعدہ فرمایا[ف] اور اِس طرح میری اِس سالہا سال کی محنت کو تلف ہونے سے بچایا۔

کاشانۂ صابری، بنگلہ آزاد خاں،
رام پور، اُتر پردیش (بھارت)
دوشنبہ، 15 رمضان 1395ھ
مطابق 22 ستمبر 1975ع
مطابق 31 بھادوں 1897 ش

طالبِ غُفران
حبیب الرحمٰن
یوسف زئی، قادری، نِظامی، صابری

ف افسوس موصوف کا 18 فروری 1976ء کو اچانک انتقال ہوگیا اور مِفتاح تعارُف سے محروم رہ گئی۔ ۱۲ منہ

فہرستِ مضامین

مِفتاحُ التَّقوِیمِ لِتَطبِیقِ الیَومِ وَالسِّنِین

61 ع 19

دوسرا باب

چھٹا باب

پہلا باب

مُختلِف تقویموں کا سَرسَری جائزہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَاءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا ہ وَقَدَّرَہٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ہ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہِ الَّذِیْ اَرْسَلَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا ہ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہِ الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ الْحِکْمَۃَ وَالْکِتٰبَ ہ

تعریف

2 - مُعاشَرتی ضرورتوں اور مذہبی رسموں کو سامنے رکھ کر دنوں کو زمانوں میں مُتّحد کرنے یا سائنسی احتیاجوں میں ہفتوں، مہینوں اور برسوں کو مجتمع کرنے کے طریقے کو **تقویم** کہتے ہیں۔ تقویم میں مستعمل زمانوں میں سے تین، یعنی دن، مہینا اور برس کی اَساس فلکی اَدوار پر قائم ہے۔ یہ زمانے انسانی زندگی کے لیے نہایت اَہَم ہیں۔ رہے وقت کے دوسرے پیمانے مثلاً دن اور ہفتے کی ذیلی تقسیمیں یہ سب مصنوعی اور فُرُوعی ہیں۔

3 - تقویم کی پیچیدگی کا اصلی سبب ہَیئتی اَدوار کا تَبایُنِ بُنیاد ہے۔ نیّرینِ اعظم کی ضیا باری کے زمانے اہلِ ہَیئت کے ہاں یومِ شمسی[1] اور ماہِ قمری[2] سے مَوسُوم ہیں۔ مَوسموں کی بازگشت سالِ فلکی[3] پر مُنحَصِر ہے۔ آج کل ماہِ قمری (نئے چاند سے نئے چاند تک) کا طول 29·53058 79 یوم اور سالِ فلکی (اعتدال[4] تا اعتدال) کا طول 365·24219 یوم ہے۔ دونوں کا آخری ہندسہ تقریباً بقدرِ واحدہ ناقابلِ اعتبار ہے۔ ماہِ قمری یا تقمیر[5] کا آخری ہندسہ تقریباً ساڑھے تین ($3\frac{1}{2}$) اور سالِ فلکی کا آخری ہندسہ تقریباً ایک صحیح ایک بٹا تین ($1\frac{1}{3}$) واحدے کے حساب سے ہر سَو سال میں تدریجاً گھٹ رہا ہے۔ دونوں کے طول سے ظاہر ہے کہ سالِ فلکی میں تقمیر کی تعداد 12·36826 68 ہے، جس کا آخری ہندسہ ہر صدی

ےہ ڈاکٹر جے، کے فودرنگھم کے تحقیقی مَقالے موسومہ "کلینڈر" مندرجۂ ناٹی کل المانک (گرینج) 1938ء سے بصد شکریہ ترمیم و اضافے کے ساتھ ماخوذ۔ ۱۲ منہ

عہ سب تعریفیں اُس اللہ کے لیے ہیں جس نے سورج کو روشن کیا اور چاند کو نور بخشا ۵ اور چاند کے لیے منزلیں مقرّر کر دیں تاکہ برسوں کی گنتی اور حساب جان لو ۵ اور درود و سلام نازل ہو اُس کے محبوب پر جس کو اُس نے حق کے ساتھ خوش خبری دینے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ۵ اور اُن کے آل و اصحاب پر بھی درود و سلام نازل ہو جو حکمت اور کتاب کے جاننے والے ہیں ۵ ۱۲ منہ

سہ ملاحظہ ہو اعداد و شمار مندرجہ SCHOCH'S NEUBEARBEITUNG DER SYZYGIENTAFELN VON OPPOLZER, MITTEILUNGEN DES ASTRONOMISCHEN RECHENINSTITUTS BERLIN-DAHLEM, BAND2, (باقی اگلے صفحے پر)

میں تقریباً تین واحدہ کم ہوتا جا رہا ہے۔ مطالعۂ تقویم میں ان زمانوں کا طولی تغیر[1] چنداں اہمیت نہیں رکھتا۔

مصری تقویم

4۔ بعید ترین زمانے سے مصریوں کا سال بارہ مہینوں پر مشتمل تھا۔ ہر مہینے کے تیس دن تھے اور سال کے اختتام پر پانچ دن اضافی ہوتے تھے۔ سال میں دنوں کی مجموعی تعداد 365 تھی۔ یہ سی روزہ مدت کی بنیاد صریحاً تقمیر پر رکھی گئی تھی تاکہ تقویم کسی تاریخ کو چاند کی متابعت کر سکے۔ نیز سالِ شمسی[1] سے تقویم کے قدیمی تعلق کا ثبوت اس سے بھی ملتا ہے کہ یہ چار چار ماہ کے تین موسموں یعنی طغیانی، تخم ریزی اور ذخیرہ اندوزی پر منقسم تھا، جنھیں متعلقہ مقاموں کے لحاظ سے قدیم مصریوں نے خطِ تصویری میں پیش کیا ہے۔ لیکن دیکھا جاتا ہے کہ تقویمی مہینے کو ممازجاتِ قمر[2] (تشکلاتِ قمر) سے یا تقویمی موسموں کو طبعی موسموں سے مربوط کرنے کی تمام انسانی کوششیں ازمنۂ سابقہ سے اب تک بے سود ہوئیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سالِ مصری اور تقویمی موسموں کا آغاز بتدریج رجعتِ قہقری کرتا 1505 سالِ فلکی یا 1506 سالِ مصری میں اپنی جگہ پر لوٹ آیا۔ اہلِ مصر نے بہرحال اس خامی کو محسوس کر کے سالِ طبعی[3] سے تقویم کا تعلق بحال رکھنے کی جد و جہد کی، مگر تنقیحی کارروائی انقلابین[4] یا اعتدالین[5] کی بجائے شعریٰ یمانی[6] کے طلوعِ شمسی[7] سے کی گئی جو جرمن محقق ہرشوش کی عہ تحقیق کے مطابق 365.2507 دن کی مدتِ وسطیٰ میں ممفس کے عرض[8] پر لوٹتا ہے۔ چناں چہ مصریوں نے سالِ طبعی کے طول کو 365.25 یوم مان کر 1461 سالِ تقویمی کا ایک دور ترتیب دیا جو تاریخ میں سوتھیسی دور[9] یا دورِ کلبُ الجبار[10] سے موسوم ہے اور اس طرح 1460 سالِ طبعی سے مطابقت قائم کی۔ چوں کہ اس زمانے کے تاریخی شواہد اور سلسلہ وار دستاویزی ثبوت کا فقدان ہے اس لیے اس طول کے دور کی اہمیت محض اصولی ہے۔

5۔ رومی تقویم میں جب تک جولیس قیصر[11] نے اصلاح نہیں کی یعنی 46 ق م تک مصری تقویم ہی بطور سرکاری تقویم مستعمل رہی، جس میں عاملوں کے اختیاراتِ تمیزی کی مداخلت اور عملی مشاہداتی تشخیص کے عوض ہر مہینے کا طول باضابطہ معیّن تھا۔ مصری تقویم کی رو سے دو رصدی مشاہدوں کے درمیانی اعداد کی تاریخ معلوم ہوتی تو دنوں کی صحیح تعداد متعیّن کر لی جاتی یا محاسب کے پاس ایسی دستاویز موجود ہوتی جس میں ہر ماہ اور ہر سال کے مختصّہ ایام و شہور کی واقعی تعداد مندرج ہو تو مطلوبہ تاریخوں کا دوسری سرکاری تقویم سے موازنہ کر لیا جاتا، ورنہ مطابقت ناممکن تھی۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ مصریوں کے ہاں کسی مسلسل سنہ کا رواج نہ تھا، بلکہ الگ الگ عہدِ حکومت کے سنین پر قناعت تھی، اس لیے

(بقیہ حاشیہ ص) NR.2 (1928) II.   1. SOLAR DAY. 2. SYNODIC MONTH. 3. TROPICAL YEAR. 4. EQUINOX. 5. LUNATION.

عہ ملاحظہ ہو اعداد و شمار مندرجہ DIE LANGE DER SOTHISPERIODEN BETRÄGT 1456 JAHRE, SELBSTVERLAG, BERLIN-STEGLITZ, 1928.

1. SOLAR YEAR. 2. PHASES OF THE MOON. 3. NATURAL YEAR. 4. SOLSTICES. 5. EQUINOXES. 6. SIRIUS. 7. HELIACAL RISING. 8. (MEMPHIS) مصر کے پرانے دارالسلطنت کا نام 9. SOTHIC CYCLE یونانیوں کا قول ہے کہ شعریٰ یمانی کو مصری سوتھس کہتے تھے۔ 10. DOG-STAR CYCLE. 11. JULIUS CAESAR.

کسی خصوصی سال کو شناخت کرنے میں سخت دشواری ہوتی تھی۔ چناں چہ عصرِ بطلیموسی[ا] کے فلکیوں نے عوام میں سنین کو روشناس کرکے اس کمی کو پورا کیا اور مصری تقویم کی سادگی اور باقاعدگی نے ماہرینِ ہیئت کو ترغیب دی کہ بعید ترین ماضی و مستقبل کے اوقات بلا خوفِ تردید استخراج کرنے کے لیے جدولیں مرتب کریں۔ دوسری صدی قبلِ مسیح میں مصری تقویم میں تحویل شدہ تقریباً چھ سو سالہ پرانے کلدانی مشاہدوں[1] کا ابرخس[2] کی تصنیف میں پتا ملتا ہے۔ یہ مشاہدے جزیرۂ روڈس میں ہوئے تھے اور مصری بطلیموس[عہ] نے دوسری صدی عیسوی میں نقل کیے تھے۔ دوسری صدی قبلِ مسیح میں مندرجہ 432 ق م کا ایک ایتھنسی مشاہدہ[3] بھی ملا ہے۔ یہ مشاہدہ مصری تقویم میں منتقلہ ایپی جی نس[4] فلکی کے رسالے میں موجود ہے جو مائلی ٹس[5] میں دستیاب ہوا ہے۔

6۔ ہر مصری مہینا خاص تیوہار سے منسوب تھا۔ تقریباً بارھویں صدی قبلِ مسیح میں تیوہاروں کا آخری تعین عمل میں آیا تھا۔ آرامی اور یونانی حوالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پانچویں صدی قبلِ مسیح سے پیشتر مصری مہینے اپنے تیوہاروں سے موسوم تھے۔

7۔ بطلیموس ارجی ٹس[6] کو 238 ق م میں ہر چوتھے سال چھ یوم کا اضافہ متعارف کرانے میں ناکامی ہوئی، مگر اگسٹس[7] (26 تا 23 ق م) کے عہدِ حکومت میں مزید کوشش بار آور ہوئی۔ جولیائی تقویم[8] کے مطابق 29 اگست 23 تا 22 ق م کو مصری سال کے اختتام پر ایک دن بڑھایا گیا تھا اور پھر ہر چوتھے سال کے اختتام پر ایک دن کا اضافہ ہونے لگا تاکہ سالِ تجدیدی یا اسکندری جولیائی تقویم کے مطابق سالِ کبیسہ[9] کے قبل 30 اگست کو اور دوسرے سال 29 اگست کو شروع ہوا کریں۔ اس اصلاح سے ہر مصری مہینے کو پرانی تقویم 26 تا 22 ق م میں اپنے مقام پر سالِ طبعی میں معین کرنا مقصود تھا۔ لیکن دیکھا جاتا ہے کہ سابقہ تقویم آسانی سے متروک نہیں ہوئی اور دونوں تقویمیں کم سے کم 238ء تک ساتھ ساتھ چلتی رہیں۔ غالباً سابقہ تقویم فلکیوں[10] اور منجموں[11] میں زیادہ مقبول رہی۔ بطلیموس نے اپنے سالانہ مظاہرِ فلکی[12] میں تو نئی تقویم سے جو نسبتاً آسان تھی کام لیا ہے، ورنہ ہمیشہ پرانی تقویم ہی استعمال کی ہے۔ تھیون[13] نے بھی چوتھی صدی عیسوی میں سابقہ تقویم کا حوالہ دیتے ہوئے عادتاً جدید تقویم ہی استعمال کی ہے۔

8۔ فارسیوں نے پرانی مصری تقویم کو شاید 500 ق م میں اپنا لیا تھا۔ اس کے اصلی خدوخال کا خاکہ اب پیش کرنا ناممکن ہے، البتہ کسی قدر مرتمہ شکل میں آج بھی یہ آرمینی تقویم[14] میں موجود ہے اور آرمینی سال کے آخری تین مہینے پرانے مصری سال کے پہلے تین مہینوں سے مطابقت رکھتے ہیں۔ ان کی اتباع میں آرمینی تقویم میں پہلے 5 یوم اضافی ہوتے ہیں اور باقی سال میں آرمینی مہینے مصری تقویم کے مقابلے میں 5 دن بعد شروع ہوتے ہیں۔ اسکندری تقویم آج بھی ابی سینیا اور کوپٹک کلیسا[15] کی تقویم ہے اور مصر اور شمالی افریقہ کے دوسرے حصوں میں زرعی مقاصد کے لیے مستعمل ہے۔

ا۔ سکندرِ اعظم کی وفات سے لے کر کلیوپترا کے زمانے تک بطلیموسی خاندان مصر پر حکمران تھا۔ ۱۲ منہ

عہ۔ دوسری صدی قبلِ مسیح کا اسکندری ہیئت داں، جس نے نظامِ شمسی کا مرکز کرۂ ارض کو قرار دیا تھا، برخلاف نظریۂ کوپرنیکس کے، جس نے نظامِ شمسی کا مرکز شمس کو ٹھہرایا ہے۔ جدید علمِ ہیئت کی بنیاد آخر الذکر کے نظریے پر قائم ہے۔ ۱۲ منہ

1 CHALDAEAN OBSERVATIONS 2 HIPPARCHUS. 3 ATHENIAN OBSERVATION 4 EPIGENES. 5. MILETUS.
6 PTOLEMY EUERGETUS 7. AUGUSTUS 8 JULIAN CALENDAR. 9 LEAP YEAR. 10. ASTRONOMERS
11. ASTROLOGERS. 12 PHENOMENA 13 THEON. 14 ARMENIAN CALENDAR. 15 COPTIC CHURCH.

بابلی تقویم 9۔ بابلی تقویم کے اُصول قبلِ مسیح کے تیسرے ہزار سال کے نصف آخر میں مُدوّن ہو چکے تھے۔ سال موسمِ بہار میں ماہِ نسانو[1] سے شروع ہوتا تھا۔ برس کے معمولاً 12 مہینے تھے، جس کا آغاز رویتِ ہلال پر منحصر تھا۔ اس تقویم میں اسلامی تقویم کو چھوڑتے ہوئے دوسری قمری تقویموں کی طرح ایک مہینا دُہرایا جاتا تھا تاکہ ہر مہینا سال کے مُعیّنہ موسم میں واقع ہو۔ بابل میں عموماً آخری مہینا آدارو[2]، گاہ چھٹا مہینا اُلولو[3] اور شاذونادر کوئی دوسرا مہینا دُہرایا جاتا تھا۔ لوند کے لیے کوئی باقاعدہ وقفہ مُعیّن نہ تھا۔ ایک الحاق سے دوسرے الحاق تک کی مُدّت چھ مہینے سے لے کر چھ سال تک مقرّر تھی۔ بخت نصرِ اوّل[4] کے عہدِ حکومت میں سنہ 747 ق م سے ہر مہینے کے مشاہدوں اور ہر مہینے سے مُفوّضہ دنوں کا باضابطہ اندراج ہونے لگا، جس سے اَرصاد کے درمیانی وقفے کا صحیح تعیّن ممکن ہوا اور ہیئتی ادوار خصوصاً خسوف کے قدروں کے اَوقات صحت کے ساتھ تشخیص کرنے کے ذرائع فراہم ہوئے۔ ایسی قدیم و صحیح ترین تشخیص جو کسی قدر معلوم ہی قرنِ سارو[5] (گہن کے اَدوار کا اعادہ) ہی، جس میں 223 تقمیروں کو ⅓ 6585 دن کے برابر دکھایا گیا ہی، جب کہ 223 تقمیروں کا ہیئتی طول 6585.323 تھا۔ اس حساب سے تقریباً اٹھارہ سو سال میں ایک دن کی غلطی ہوتی جس کا زمانہ چھٹی صدی قبل مسیح ہوتا۔ قرنِ ساروس سالِ فلکی کے طول سے آزاد ہی۔ مگر جی می نس[6] اور بطلیموس کہتے ہیں کہ اس دَور میں شمس کی حرکت طولاً لی گئی تھی جو 18 دورِ کامل اور ⅔ 10 درجے کے برابر تھی۔ مقدارِ مذکور کو طولِ شمسی پر بڑھانے کا صحیح وقت 6585.19 یوم تھا تاکہ 18 برس کی مدت میں سالِ طبعی کے مفروضہ طول میں تقریباً 0.14 یوم کی غلطی ہوتی۔

10۔ بابل میں دورِ مُثمّن سنہ 529 ق م سے سنہ 504 ق م تک جاری رہا۔ اس دَور میں بھی ہر مہینے کی لمبائی کا مدار رُویت پر تھا، لیکن لوند کے مہینوں کے مَقام معین تھے اور ہر آٹھ سالہ چکّر میں 99 مہینے تھے۔ اِس طرح آٹھ سالہ طولِ وسطی کی مقدار 2923.53 یوم کو صحیح مدت 2921.94 یوم سے جو بلحاظِ قیمتِ موصولہ 2922 یوم ہوتی تھی تطبیق دینی مقصود تھی۔ یہ چکّر جلد متروک ہوگیا اور اس کی جگہ مَن مانا لوند آگیا۔ اگر نبوری آنوز[7] اور سائیڈیناس[8] کی بابت شنابل[9] کی تاریخیں تسلیم کر لی جائیں تو زمانۂ مابعد میں ہیئتی مَقادیرِ مُستقلہ کی تشخیص میں مسلسل ترقی ہوئی۔ تقریباً سنہ 500 ق م میں نبوری آنوز نے ماہِ قمری کا طول 29.530614 یوم دریافت کیا، جس کی صحیح قیمت 29.530596 یوم تھی اور سال کا طول 365.2609 یوم قرار دیا، جس کی صحیح قیمت سالِ فلکی کے لیے 365.25 2425 3 یوم تھی۔ چوں کہ مہینے کی لمبائی کی بنا پر سال کی لمبائی ناہموار تھی اس لیے اس کا تقابُل سالِ شمسی اَوجی[10] سے کرنا زیادہ مناسب ہوتا، جس کی مدت 365.2598 دن تھی۔ تقریباً سنہ 383 ق م میں سائیڈیناس نے ماہِ قمری کا طول 29.530594 یوم اور سالِ فلکی کا طول 365.236 یوم تشخیص کیا۔ اسی سال بابل میں کبیسوں کا اُنیس سالہ دَور رائج ہوا اور اُس وقت تک جاری رہا جب تک کی بابلی تقویم کا سُراغ لگایا جا سکتا ہی۔ ہر اُنیس سالہ دَور میں سات الحاقی مہینے ہوتے تھے تاکہ 19 سال میں 235 تقمیریں پوری ہوں۔ ہر مہینے کا آغاز رُویت سے ہوتا رہا۔ آگے چل کر معلوم ہوگا کہ ایتھنس[11] میں بھی سنہ 432 ق م میں میتن[12] نے اسی قسم کے اُنیس سالہ ہیئتی دَور کی اشاعت کی تھی۔ اُنیس سالہ بابلی دَور کا منشاء یہ تھا کہ سالِ وسطی کو 12.3684 2 تقمیروں کا اور سالِ تقویمی وسطی کو 365.2468 دنوں کا بنایا

مـه بابلیوں کا چھتیس سو سالہ دَور جو اب غلط فہمی کی بنا پر 6585 دنوں اور 8 گھنٹوں کے ہیئتی دَور پر مشتمل ہی جس کے بعد سورج اور چاند اپنی جگہ پر لوٹتے ہیں۔ ۱۲ منہ

عـه ZEITSCHRIFT FÜR ASSYRIOLOGIE, N.F., BAND II (XXXVI) (1926), PP. 11, 16.

1. NISANNU. 2. ADDARU. 3. ULULU. 4. NABONASSAR-I. 5. PERIOD OF SAROS. 6. GEMINUS. 7. NABURIANOS. 8. CIDENAS. 9. SCHNABEL. 10. ANOMALISTIC YEAR. 11. ATHENS. 12. METON.

جائے، جو بلحاظ قیمتِ صحیحہ بقدر 0.0043 یوم زائد تھا۔ سائیڈیناس کی ستخرجہ قیمت بابت ماہِ قمری وسطی جدید یہودی تقویم میں موجود ہے۔ چوں کہ 19 برس میں 7 کبیسوں کا قاعدہ ہے اس لیے یہودی تقویم میں سال کی لمبائی 365.2468 دن مانی جاتی ہے۔

یونانی تقاویم 11۔ رومی عہد سے پہلے تمام یونانی تقویمیں قمری تھیں۔ ہر فرقے کی تقویم الگ تھی۔ بسخوف[1] نے تقریباً ایک سو یونانی تقویموں کی یکجائی فہرست بڑی کاوش سے[عہ] پیش کر کے راہِ تحقیق کھولی ہے۔ جب مختلف تقویموں سے سال شروع ہوتا تو وہاں موسموں میں بڑا اختلاف رونما ہوتا۔ اس لیے ضرورت کے وقت سال میں تیرھواں مہینا لوند کے بطور بڑھا کر کسی موسم سے تخمینی مطابقت قائم کر لیتے۔ بعض تقویموں میں چھٹا اور بعض میں بارھواں مہینا مکرر آتا۔ کچھ تقویمیں ایسی بھی ہیں جن میں لوند کے مقام ان کے برعکس تھے۔ صرف ایتھنس میں ایسی چار تحریری مثالیں محفوظ ہیں، جن میں کوئی الحاقی مہینا سال میں کسی مستثنیٰ مقام پر آیا ہو تو وہی مہینا دوسری جگہ بار بار آیا ہے۔ نہ صرف لوند کے مہینوں کا یہ حال تھا بلکہ ہر مہینے کے طول کی تعیین بھی عمالِ حکومت کے ہاتھ تھی۔ جب چاہتے رد و بدل کر لیتے۔ گو امتدادِ زمانے کے ساتھ ساتھ ہئیتی تقویموں کو زیادہ وقعت سے دیکھا جانے لگا تھا،[2] تاہم ایسی کوئی مثال نہیں ملتی کہ کسی ہئیتی تقویم کو قانوناً جگہ دی گئی ہو۔ چناں چہ پیلو پنیشی جنگ[سہ] کے دوران ایتھنسی قانونی سال[3] اور سالِ طبعی کا باہمی فرق 53[للعہ] یوم تھا۔ یہ تو وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ سرکاری مہینے چاند کی قید سے کب آزاد ہوئے، لیکن اتنا معلوم ہے کہ ارسطوفنس[4] جو 423 ق م میں قائم مقام ہوا تھا سحائب[5] میں چاند کی زبانی شاکی ہے کہ دنوں کی تعداد چاند کے مطابق نہیں ہوا کرتی۔

12۔ پانچویں صدی قبلِ مسیح میں اہلِ ایتھنس کے ہاں سالِ مجلسی[6] یا سالِ مالیہ[7] مروّج تھا، جو سالِ قانونی معمولی اور چاند کی پابندی سے آزاد تھا۔ مجلسِ شوریٰ کے پانسو عمائد دس ٹولیوں میں منقسم تھے۔ ہر ٹولی سال کے دسویں حصے تک فرائضِ منصبی انجام دیتی تھی۔ میرٹ[8] کا بیان ہے کہ یہ سال شمسی تھا، جس کے دن تخمیناً 365.25 تھے۔ یہ سال جولیائی تقویم کی رو سے 6 جولائی کو شروع ہوتا، مگر اس کے حقیقی طول میں حاکمِ مجاز کے اختیارات تمیزی کی بدولت تغیر و تبدل ہو جاتا۔ سرکاری اندراجوں میں مختلف مجلسوں کے مطابق سلسلہ وار تاریخیں درج ہوتیں، مگر مجسٹریٹوں کا داخلہ، تیوہار کی رسم، عدالت و مجلسِ قانون ساز کی نشستیں قمری مہینوں کے مطابق ہوتیں۔ بہر حال تقریباً 409 ق م میں مالی سال نے قمری تقویم میں جگہ پائی۔

عہ SCHANABEL, UBI SUPRA, AND FOTHERINGHAM, THE OBSERVATORY, LI (1928 OCT.) PP. 301-13.

عہ PAULY- WISSOWA, REAL-ENCYCLOPÄDIE, X (1919), PP 1567-1602.

سہ (PELOPONNESIAN WAR) ایتھنس اور اسپارٹا کی جنگ 431 تا 404 ق م۔ ۱۲۰ منہ

للعہ THE ATHENIAN CALENDAR (HARVARD UNIVERSITY PRESS, 1928) AND ATHENIAN FINANCIAL DOCUMENTS OF THE FIFTH CENTURY (UNIVERSITY OF MICHIGAN PRESS, 1932).

1. BISCHOFF. 2. ASTRONOMICAL CALENDARS. 3. ATTIC CIVIL YEAR. 4. ARISTOPHANES ارسطوفنس
5. CLOUDS. 6. SENATORIAL YEAR. 7. FINANCIAL YEAR. 8. MERITT.

13۔ یونانی قسم کی مقدونی تقویم[1] سکندر کی فتوحات کی بدولت مغربی ایشیا حتّٰی کہ مصر تک پھیلی، لیکن رومی عہد میں ایشیا کی یونانی تقویمیں خالص شمسی ہو گئیں۔

14۔ چھٹی صدی قبلِ مسیح سے پیشتر ٹینی داس کے کلیوسٹراٹس[2] کے عہد میں یونانی ماہرینِ ہیئت نے اَدوار کی تعداد کے ساتھ ہر ماہ اور ہر سال کا طول اور دَور میں اُن کا مقام معین کر کے دَور کو ہلکا کرنے کی امکانی کوشش کی تاکہ ماہِ اوسط اور سالِ اوسط کی صحیح ہیئتی قدریں برقرار رہیں چنانچہ حکومتِ بلدیہ کے اختیاراتِ تیزی سے آزاد تصحیح شدہ تقویم میں ایک تاریخ سے دُوسری تاریخ تک کے وقفے کو اِس دَور کے ذریعے شمار کرنا آسان ہو گیا۔ گو شروع میں اس کا بُنیادی مقصد محض اتنا تھا کہ چاند کی عمر اور سال میں موسم کی تشخیص کرنے میں سُہولت ہو، لیکن میتانی اور کلیفی اَدوار[3] آخرش فلکی مشاہدوں میں کام آنے لگے۔

15۔ کلیوسٹراٹس[4] کے ایجادی دَورِ مُثمّن کی تاریخ غالبًا وہ ہی جب بابل میں بھی اسی قسم کا دَور مُروّج تھا۔ اس کے 8 سال 99 تقمیروں اور 2922 دنوں کے مُساوی تھے۔ چوں کہ 99 تقمیروں میں 2923.53 یوم ہوتے ہیں اس لیے اگر اس قسم کا چکر جاری رہتا تو رُویت کی جدولی تاریخ میں جلد ہی فاش غلطی ہوتی۔ جی می نس[5] نے اس تقویم میں اصلاح کا تذکرہ تو کیا ہی، مگر تاریخوں کا حوالہ نہیں دیا۔ پہلے تو ہر 16 سال میں 3 دن بڑھاتے تاکہ 16 سال کا طول 198 تقمیروں اور 5847 دنوں کے برابر ہو چوں کہ 16 برس کے 5843.88 یوم اور 198 قمری مہینوں کے 5847.06 دن ہوتے تھے لہٰذا مہینے کی اس اضافی تصحیح سے سال کے طول میں بھاری غلطی ہونے لگی۔ آخر کار ہر 160 سال میں 30 دن کا مہینا نظر انداز کرنا پڑا تاکہ مدتِ مذکورہ 1979 تقمیروں اور 58440 دنوں کے برابر ہو۔ چوں کہ 160 برس کی ٹھیک ٹھیک لمبائی 58438.8 دن اور 1979 تقمیروں کی 58441.0 دن ہوتی تھی اس لیے ہر 160 سال میں صرف ایک دن کی تقریبی غلطی ہوتی تھی۔

16۔ مُثمّن اَدوار کی آخری تشکیل سے بہت پہلے ایتھنسی ہیئت داں میتن نے اپنا 19 سالہ دَور مُشتہر کیا جو 27 جون 432 سنہ ق م کو اُس وقت شروع ہوا جب بقولِ میتن مَیلِ شمسی انتہائی شمالی تھا اور ماہِ قمری سائرُوفورین[6] کی تیرھویں تھی۔ اس تقویم کے مہینوں کے نام ایتھنسی جیسے تھے اور چھٹا مہینا پوسی دِیَن[7] ایتھنسی قاعدے کے مانند دُہرایا جاتا، مگر ہر سال اور ہر مہینے کا طول دَور میں اپنے مُعیّنہ مقام کا پابند اور نافذِ کبیسہ تھا۔ اس دَور میں 19 برس کو 235 مہینوں اور 6940 دنوں کے برابر کیا گیا تھا۔ حال آں کہ 235 ماہ کا صحیح طول 6939.69 یوم اور 19 سالِ فلکی کا طول 6939.61 یوم ہوتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میتن نبوری آنوز بابلی کی مُستخرجہ قیمتِ سال سے واقف تھا، جس کے 19 برس میں 6939.95 دن ہوتے تھے۔

17۔ کے لی فس[8] نے اس تقویم میں اصلاح کی کوشش کی اور سال کی عام قیمتِ مُوصولہ 365.25 یوم مقرر کی اور 4 اُنیس سالہ وقفوں کو جمع کر کے 76 برس کا قَرن ترتیب دیا، جو 4 میتانی اَدوار کے مقابلے میں ایک دن کم تھا تاکہ 27759 یوم پر مشتمل قرن 940 تقمیروں کے مُتساوی ہو۔ اس ترکیب سے 19 برس 235 تقمیروں اور 6939.75 دنوں کے برابر ہو گئے۔ میتن کے مقابلے میں بلحاظِ ماہِ قمری اور سالِ فلکی یہ اصلاح بڑی حد تک وقیع تھی۔ کے لی فس کا پہلا دَور 330 سنہ ق م میں اُس وقت شروع ہوا جب اِنقلابِ صَیفی[9] اور نیا چاند[10] باہم مُنطبق تھے۔ دو صَدیوں تک ہیئتی

---

1. MACEDONIAN CALENDAR. 2. CLEOSTRATUS OF TENEDOS. 3. METONIC AND CALLIPIC CYCLES. 4. CLEOSTRATUS' CYCLE. 5. GEMINUS. 6. SCIROPHORION. 7. POSEIDEON. 8. CALLIPUS. 9. SUMMER SOLSTICE. 10. NEW MOON.

اسے بطور تاریخ استعمال کرتے رہے۔

18۔ آخری یونانی فلکی دَور کا موجد ابرخس[1] تھا، جس نے ہر چوتھے کے لیفی دَور سے ایک دن گرانا تجویز کیا تاکہ 304 برس کا چکر 3760 تقویموں اور 111035 دنوں کے برابر ہو۔ اس عمل سے ماہِ قمری کا طول 29.530585 یوم اور سال کا طول 365.24671 یوم قرار پایا۔ اوّل الذکر طول تو سائیدیناس بابلی کی استخراج کی ہوئی قیمت کے لگ بھگ ہے، جسے ابرخس نے اپنایا۔ رہا آخرالذکر تو وہ اُس کے عہد کے 19 سالہ دَور مُروّجہ بابل کے مماثل ہے، جس کی قیمت تقریباً 365.24667 یوم تھی، جو اُس نے اپنے اَرصاد سے استخراج کی تھی لیکن اس دَور کو نہ تو خود ابرخس نے اور نہ کسی دوسرے نے استعمال کیا۔

19۔ یہ حقیقت ہے کہ قمری تقویم زرعی موسموں کی صحیح تشخیص کے لیے قطعی ناموزوں تھی۔ اس لیے یونانی کسان بعض ثوابت کے سالانہ طلوع و غروب سے، یا انقلابین سے، یا پرندوں کی موسمی آمد سے موسموں کا صحیح اندازہ کیا کرتے تھے۔ اس ضمن میں ہیسی اوڈ[2] کی تصنیف 'کام اور دن[3]' سے بھی روشنی پڑتی ہے۔ 500 ق م میں بُنیادی طلوع و غروب کی سالانہ تاریخوں اور اُن سے متعلقہ موسمی علامتوں کے نقشے مرتب ہونے لگے تھے جو میتن اور اُکتی من[4] کی مشہورہ تقویموں میں شامل تھے۔

رومی تقویم

20۔ رومی تقویم جو آج دُنیا میں مُستعمل ہے اس کا مَاخذ شہرِ روم کی مقامی تاریخ ہے۔ قدیم تاریخی سَندوں سے پتا چلتا ہے کہ شروع میں 304 دنوں پر مشمولہ سالِ رومولس[5] جس کا آغاز مارچ سے ہوتا تھا، دس مہینوں پر منقسم تھا۔ نوما[6] نے سالِ قمری رُوشناس کرایا اور جنوری اور فروری کا اضافہ کیا۔ اس میں مطلق شبہ نہیں کہ رومی مہینے دراصل قمری تھے۔ تمام جمہوری عہد میں سال کا معمولی طول 355 یوم رہا، جو 12 تقمیروں سے بقدر 0.63 یوم متجاوز تھا۔ اس قلیل تجاوز کو کبھی 27 اور کبھی 28 دنوں کے ماہِ کبیسہ سے متوازن کرلیا جاتا۔ ضرورت پڑنے پر ایسا مہینا 23 فروری کے بعد داخل کیا جاتا، لیکن ماہِ کبیسہ بند ہونے کے بعد کم از کم تاریخی عہد میں فروری کے آخری 5 دنوں کا اعادہ نہیں ملتا۔ چوں کہ روم میں دنوں کا شمار آنے والے کلنڈس[7] (مہینے کی پہلی) نونز[8] (مہینے کی پانچویں یا ساتویں) یا ایڈس[9] (مہینے کی تیرھویں یا پندرھویں) سے ہوتا تھا۔ پس یہ خالص علمی مسئلہ ہے کہ مارچ کی کلنڈس سے پہلے پانچوں دن فروری کا جز ہوتے تھے یا ماہِ کبیسہ کے۔ مسلّمہ رومی سَندوں سے دونوں نظریوں کی تائید ممکن ہے۔ بہرحال ان 5 دنوں کا اعادہ نہ ہونے کے باعث تقویم کو چاند سے منحرف ہونا پڑا۔ ایسا کب ہوا معلوم نہیں۔ لیکن اگر اینی اس کے کسوف[10] کی تاریخ جو شہرِ روم کے 350 سال میں ہوا تھا صحیح ہے تو 400 ق م میں رومی تقویم کی 5 جون کو سورج گہن ملتا ہے، جس سے مستنبط ہوتا ہے کہ اُس تاریخ تک تقویم کا چاند سے تعلق نہ تھا۔ تاریخی دَور میں مارچ، مئی، کوئن ٹی لس[11] (جولائی) اور اکتوبر 31 دن کے اپریل، جون، سکسٹی لِس[12] (اگست) ستمبر، نومبر، دسمبر اور جنوری 29 دن کے تھے، لیکن فروری 28 دن کا تھا۔ مارچ، مئی، کوئن ٹی لس اور اکتوبر میں نونز ساتویں دن اور ایڈس پندرھویں دن ہوتی تھی۔ دوسرے مہینوں میں نونز پانچویں دن اور ایڈس تیرھویں دن ہوا کرتی تھی۔ عام طور پر ماہِ کبیسہ ایک سال بیچ آتا تھا، مگر الحاق کی حقیقی تنظیم پیشواؤں کے ہاتھ تھی۔

---

1. HIPPARCHUS. 2. HESIOD. 3. WORKS AND DAYS. 4. EUCTEMON. 5. THE YEAR OF ROMULUS 6. NUMA. 7. KALENDS. 8. NONES. 9. IDES. 10. ECLIPSE OF ENNIUS. 11. QUINTILIS. 12. SEXTILIS.

21۔ جولیس قیصر سنہ 63 ق م میں پیش وائے اعظم ہوا۔ اس کی پیشوائی میں کبیسہ اس کثرت سے ناغہ ہوئے کہ جنوری کی کلنڈس جو سنہ 64 ق م کے ختم پر جولیانی تقویم[1] کی 13 دسمبر کو یا اس کے قریب واقع ہوتی سنہ 47 ق م میں اسی تقویم کی 13 اکتوبر کو واقع ہوئی۔ مہینوں کو سالِ طبعی میں معیّنہ مقام پر لوٹانے نیز سال کو سنہ 46 ق م کے مطابق کرنے کے لیے قیصر نے نہ صرف 23 فروری کے بعد حسبِ دستور لوند کے 23 دن ایزاد کیے بلکہ نومبر اور دسمبر کے مابین لوند کے دو مزید مہینوں کا بھی اضافہ کیا، جن کا مجموعہ 67 یوم تھا تاکہ سنہ 45 ق م کی کلنڈس اُس تاریخ کو واقع ہو جو آج بھی جولیانی تقویم کی یکم جنوری کہی جاتی ہے۔ اُس زمانے سے ہر مہینے کا دَوران اپنی جگہ پر قائم ہوا اور مارچ کی کلنڈس سے قبل کا چھٹا دن ضرورت پر دُہرایا جانے لگا۔ اِلحاقی دن کو لاطینی میں 'بائی سکسٹم[2]' کہتے تھے، جس سے انگریزی 'بائی سکسٹائل[3]' اور پھر 'لیپ یَر[4]' بنا جو آج بھی مستعمل ہے۔

22۔ قیصر کی اصلاح شدہ تقویم میں جو اسکندریہ کے ہیئتی سوسی جی نس[5] کے تعاوُن سے مُدوَّن ہوئی تھی، سالِ اوسط کے لیے مصر کی رائج الوقت قیمت 365.25 دن ہی اپنائی گئی تھی اور 4 میں سے 3 سال ہر ایک 365 دن کا اور چوتھا سال 366 دن کا قرار پایا تھا۔ چوں کہ سالِ تقویمی تھا خالص شمسی اور سالانہ مَظاہرِ فلکی کا اُنھیں تاریخوں میں لوٹنا متوقّع اس لیے نئی تقویم کے ساتھ ایک المانک (جنتری یا زیج) بھی شائع کی گئی۔ اِس جنتری کی اشاعت نے کسانوں کو مُشاہدۂ مَظاہرِ فلکی سے بے نیاز کر کے اس قابل بنا دیا کہ وہ خود اس تقویم کی بدولت سالِ طبعی میں موسموں کا صحیح محل دریافت کرنے لگے۔

23۔ قیصر کا فرمان تھا کہ ہر چوتھے سال یوم کبیسہ بڑھایا جائے، لیکن پیشواؤں نے مفہوم غلط سمجھا اور 3 سال کے وقفے پر لوند کا عملدر آمد کیا۔ نتیجے میں سال 8 قبلِ مسیح 3 دن کی تاخیر سے شروع ہوا۔ آگسٹس قیصر نے 8 قبلِ مسیح تک کے تمام کبیسوں کو خارج کر کے اس غلطی کو درست کیا۔ پھر تو تیرھویں پوپ گریگوری[6] کی اصلاح واقع سنہ 1582 تک جولیانی تقویم کی بڑی سختی سے نگہداشت ہوئی۔ چوں کہ جدید تقویم کی رُو سے سنہ 45 ق م سالِ کبیسہ تھا اس لیے جو عیسوی سنہ 4 پر تقسیم ہو سکے سالِ کبیسہ ٹھہرا۔ جولیس قیصر کے اعزاز میں کوئن ٹی لس کا نام بدل کر سنہ 44 ق م میں جولائی (جولیس) اور آگسٹس قیصر کی یاد میں سکسٹی لس کا نام بدل کر سنہ 8 ق م میں اگست (اگسٹس) رکھا گیا۔ اِس کے بعد ناموں کو تبدیل کرنے کی تمام کوششیں ناکام ہی رہیں۔

24۔ روایاتِ قدیمہ سے ثابت ہوتا ہے کہ سال کا آغاز مارچ سے ہوتا تھا۔ عام طور پر سالوں کے نام قونصلوں کے نام پر رکھے جاتے تھے اور جب نئے قونصل دوسرے عہدیدار مجسٹریٹوں کے ساتھ اپنے عہدوں کا جائزہ لیتے تو نام بھی بدل دیے جاتے۔ کافی نشیب و فراز کے بعد 222 ق م میں عہدیداروں کی تاریخِ مُبادلہ 15 مارچ مقرّر ہوئی اور پھر سنہ 153 ق م میں یکم جنوری مُعیّن ہوئی۔ اِس کے بعد پھر کبھی تبدیلی نہیں ہوئی چناں چہ سرکاری سال کا پہلا مہینا جنوری قرار پایا۔ مشرقی صوبوں میں سال عمُوماً شہنشاہ کے جُلوس سے اور دوسرا سال اُس کی مَسند نشینی کے بعد نئے سال کے پہلے دن سے شروع ہوتا تھا۔ سال کا نیا دن جو اس مقصد میں کام آتا تھا ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں بدلتا رہتا تھا۔ جنوری سے نئے سال کا آغاز مغربی یورپ تک محدود رہا۔

---

1. JULIAN CALENDAR. 2. BISEXTUM. 3. BISSEXTILE. 4. LEAP YEAR. 5. SOSIGINES OF ALEX-ANDRIA. 6. POPE GREGORY XIII.

دَورُالتّصریح

25۔ منافع یا پیداوار پر خُمس (301 لغایت 303) کی وصولیابی کے لیے ایک پندرہ سالہ غیر ہیئتی دورالتّصریح[1] پہلی بار مصر میں 303ء میں جاری ہوا۔ اِس کی ابتداء غالباً اُس وقت ہوئی جب ڈایوکلیشین[2] نے 297ء میں مصر کو دوبارہ فتح کر کے محصول تشخیص کرنے کے لیے صوبائی مردم شماری کرائی تھی اور پھر ہر پندرھویں سال نئی مردم شماری ہوتی رہی۔ اس دَور کا ہر سال الگ بطورِ تصریح شمار ہوتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدیم ترین تصریحوں کا شمار نئے سالِ اسکندری سے ہوا تھا جو عموماً 29 اگست کو شروع ہوتا تھا، لیکن جب تک یہ باقاعدہ مالی سال رہا اِس کی تاریخِ شمار سیاسی مصالح کے لحاظ سے بدلتی رہی۔ مصر کے بعد دوسرے ممالک نے بھی تقلید کی جہاں سالہائے تخصیصی[3] سے موسوم ہوا۔ باعتبارِ تاریخِ آغاز اِس دَور کی شکلیں مختلف ہیں۔ یونانی یا قُسطُنطُنوی دَورالتّصریح یکم ستمبر کو بدلتا، رومی دَورالتّصریح جو 25 دسمبر یا یکم جنوری کو تبدیل ہوتا ہے گیارھویں صدی سے قبل کمیاب ہے۔

26۔ دورالتّصریح کا کسی سنہ ع کے سال سے تطابق کرنا ہو تو سال میں 3 جوڑ کر میزان کو 15 پر تقسیم کرنے کے بعد جو باقی بچے (یا کچھ نہ بچے تو 15) تبدیلی کے دن تک کا رومی یا یونانی دَورالتّصریح ہوگا۔ اگر دورالتّصریح کا کسی سال میں آغاز مطلوب ہو تو 3 کی بجائے 4 جمع کرنا چاہیے۔

یہودی تقویم

27۔ قدیم یہودی تقویم معمولی قسم کی قمری تقویم تھی۔ سال کے 12 مہینے تھے۔ ہر مہینا رویتِ ہلال سے شروع ہوتا تھا۔ جب ضرورت ہوتی بارھواں مہینا دُہرایا جاتا، جو زمانۂ مابعدِ جلاوطنی میں اَدار[4] سے موسوم ہے۔ شروع میں لَوند کی ذِمّہ داری حکام پر تھی، پھر سنہ ع کی ابتدائی صدیوں میں بَیتُ المَقدِس کے اُمورِ دین و انصاف کی مجلسِ عُظمیٰ کو تفویض ہوئی۔ فصلوں کی نشو و نما اور اُن کی ذخیرہ اندوزی کو ملحوظ رکھ کر یہودی عیدِ فِصَح[5] کو سال کے پہلے مہینے میں بڑے اہتمام سے مناتے تھے۔ اولڈ ٹسٹامنٹ[6] (عہد نامۂ عتیق) اور اَفوکرائی فا[7] میں اسرائیلی مہینوں کے نام ترتیب وار ملتے ہیں جو ہمیشہ ربیع کے ماہِ اَبیب[8] یا نِسان[9] سے شمار ہوتے ہیں۔ مہینوں کے نام شروع میں وہی تھے جو فنیقی کتبوں میں درج ہیں لیکن یہودیوں کی جلاوطنی کے بعد ان کی جگہ بابلی نام آ گئے۔ بہرکیف اسرائیلی کتبوں میں اِختتامِ سال کے حوالے بھی موجود ہیں جن سے خریفی سالِ نَو کا پہلو نکلتا ہے۔ یہ سال زرعی ہوگا، جو خریف کی جُتائی سے شروع اور انگوروں کے پکنے پر ختم ہوتا ہوگا۔ صحیفۂ نی ہیمیا[10] میں سالہائے جلوسی کا شمار خریف کے ماہِ تشری[11] سے کیا گیا ہے، حال آنکہ عہد نامۂ عتیق میں ہر جگہ اُن کا شمار اَبیب یا نِسان سے ہوتا ہے۔ سال کے دونوں آغازوں کی سند اَفوکرائی فا میں موجود ہے، مگر دیکھا جاتا ہے کہ مہینوں کا شمار نِسان سے ہوتا ہے۔ قبلِ مسیح کی آخری صدیوں میں خریفی سال تو شام میں اچھی طرح رائج ہو چکا تھا، غالباً اِسی بنا پر سالِ نَو تشری سے شمار ہوتا تھا۔

28۔ جنوبی مصر میں واقع اسرائیلی نوآبادی، اِلی فن ٹائن[12] کے مُلوکہ مخطوطوں سے، جو قدیم پے پرس کی چھال پر تحریر ہیں، واضح ہوتا ہے کہ پانچویں صدی قبلِ مسیح میں وہاں مہینے کی ابتداء غُرّہ (چاند رات) سے اُس وقت ہوتی جب غروبِ شمسِ اوسط یا شام کے چھ بجے کے بعد نیا قمرِ اوسط ہوتا۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں ایسی تقویم مُروّج تھی، جس کی تشخیص ہیئتی مشاہدوں کے عوض حساب پر مبنی تھی۔ بہرحال اس کا قیاس نہیں کہ اِلی فن ٹائن کا

---

1. INDICATIONS. 2. DIOCLETIAN. 3. DESIGNATING YEARS. 4. ADAR. 5. PASSOVER. — یہودیوں کی عید جس میں بھیڑ قربان کی جاتی ہے ۱۲ منہ 6 ۔ انجیلِ مقدس کا وہ حصہ جس میں شریعتِ موسوی کا ذکر ہے ۱۲ منہ 7 ۔ عہد نامۂ عتیق کے وہ حصے جنھیں اسرائیلی علماء کی مجلسِ اصلاح نے اصلی نہ مان کر خارج کیا ۱۲ منہ

8. ABIB. 9. NISAN. 10 THE BOOK OF NEHEMIAH. 11. TISHRI. 12. ELEPHANTINE.

طریقہ فلسطین میں بھی رائج ہوا ہو۔ فلسطین کی طرح اِلیٰ فن ٹائن میں بھی کبیسوں کی ترتیب بے قاعدہ ہی۔ سالہا ئے جُلُوسی نسان سے شروع ہوتے ہیں، حال آں کہ مذکورہ مخطوطے نی ہیمیا کے ہم عصر ہیں، جو اِن کے شمار کا تشری سے قائل ہی۔

29۔ تجربی تقویم کی جگہ دوسری تقویم نے لی، جس کی اصل کسی مشاہدے یا اختیارِ تمیزی کے عوض قواعدِ مقررہ پر مبنی تھی۔ موجودہ تقویم کی تاریخ نفاذ معلوم نہیں، تاہم عام طور پر یہ چوتھی صدی عیسوی سے منسوب ہی۔ اِس کی بنیاد تشری کے نئے قمرِ اوسط کے تعیّن شدید پر رکھی گئی ہی، جس میں سائیڈیناس بابلی کی مستخرجہ قیمتِ تقمیرِ اوسط[1] مستعمل ہی۔ کبیسہ کا عملدر آمد اُنیس سالہ دَور کے مطابق ہوتا ہی اس لیے سالِ تقویمی کا دَورانِ اوسط بھی وہی ہی جو 383ء ق م میں بابل میں مختار تھا۔ تشری تقویم کا حقیقی آغاز نئے مُعتدل چاند سے ہوتا ہی، جس کے قواعد پیچیدہ ہیں تاکہ ایامِ مبارکہ ہفتے میں بے محل نہ واقع ہوں۔ چناں چہ سالِ عمومی 353 یا 354 یا 355 دنوں کا اور سالِ کبیسہ 383 یا 384 یا 385 دنوں کا ہوتا ہی۔ مہینوں میں سے 10 کا دَوران معیّن ہی۔ رہا دوسرے مہینوں کا دَوران تو وہ سال کی لمبائی کے مطابق بوقتِ ضرورت مختلف ہوتا رہتا ہی۔ ماہِ کبیسہ ہمیشہ 30 دنوں کا ہوتا ہی اور ماہِ اَدار سے ایک ماہ قبل اِسی نام سے آتا ہی اور اَصلی اَدار اور دوسرا اَدار یا وِیدار بن جاتا ہی، جس کا معمولی طول 29 یوم ہوتا ہی۔

30۔ آج کل یہودیوں میں سنہ تخلیق[2]، یا سنہ کائنات مُروّج ہی، جس کا مبدء تاریخ[3] 7 اکتوبر 3761ء ق م سے لیا جاتا ہی۔

گریگوری تقویم

31۔ جیسے جیسے صدیاں آگے بڑھتی گئیں موسموں کی تقویمی تاریخیں بھی بتدریج سرکتی گئیں۔ پیش بیں نگاہوں نے محسوس کیا کہ تقریباً 11 ہزار سال میں ماہِ جنوری اپنے سرمائی حق سے محروم ہو جائے گا۔ چناں چہ ڈانٹے[4] نے اسی طرف توجہ دلائی ہی "مگر سوویں حصّے کا تغافل[؎] دُنیا میں پورے ماہِ جنوری کو پہلے ہی بے سرما بنا چکے گا"۔ یہاں سوویں حصّے سے مُراد سالِ تقویمی اوسط تعدادی 365.25 یوم اور سالِ فلکی مفروضہ تعدادی 365.24 یوم کا باہمی تفاضل ہی۔

32۔ تقویم کی یہ خامی سولھویں صدی عیسوی میں اُس وقت ظاہر ہوئی جب اعتدالِ ربیعی[5] اور ایسٹر بدر[6] (ماہِ کامل) یا یوں کہیے کہ ایسٹر کے چاند کا چودھواں دن دونوں مستعملہ جدولوں کے خلاف آئے۔ لہذا پوپ گریگوری سیزدہم نے 1582ء میں کلاوی اس[؎] کی تجویز پر فرمان جاری کیا کہ اعتدالِ ربیعی کو ایسٹر کی جدول میں اپنے مقامِ معیّنہ 21 مارچ پر واپس لانے کے لیے 4 اکتوبر 1582ء کے بعد آنے والے دن کو 15 اکتوبر شمار کیا جائے اور یومِ کبیسہ جو جولیائی تقویم میں ہر چوتھے سال بڑھایا جاتا ہی آیندہ اُن صدیوں میں جو چار پر تقسیم نہ ہو سکیں نظر انداز کیا جائے[؎]۔ چناں چہ 1600ء اور 2000ء کبیسہ ٹھہرے لیکن 1700ء، 1800ء اور 1900ء کبیسہ نہیں ہوے۔ حاصل یہ ہوا کہ سال کا طولِ اوسط 365.2425 یوم قرار پایا جو تیسری صدی قبل مسیح کے لگ بھگ تو درست تھا مگر سال کے حالیہ طول سے کسی قدر زائد ہی۔ اِس اصلاح سے بیک وقت محض صدیوں میں تصحیح ہوئی اور آسان جولائی قاعدہ ایک یا دو صدیوں کے لیے صحیح کے مماثل ہو گیا۔ ماہِ قمری کے لیے بھی عملاً سہولت ہو گئی۔ وہ اس طرح کہ گریگوری سال میں تحویل شامل کرنی چاہیں تو ایسٹر کے ماہِ تمام کی تاریخوں کو 3 دن پیچھے یا 7 دن آگے کیا جائے۔ اگر اس عمل سے ایسٹر کے چاند کا چودھواں

---

1. VEDAR. 2. ERA OF THE CREATION. 3. EPOCH. 4. DANTE. 5. VERNAL EQUINOX. 6. THE EASTER FULL MOON.

؎ PARADISO, XXVII, PP. 142-43. ؎ CLAVIUS, ROMANI CALENDAR II A GREGORIO XIII, P.M. RESTITUTE EXPLICATIO (ROME, 1603). ؎ گریگوری طریقۂ الحاق دراصل فاضل الوئی سی اس لیلی اس یا لوگی لیلی او گھی رالڈی (ALOYSIUS LILIUS OR LUIGILILIO GHIRALDI)

دن 19 اپریل کے بعد آئے تو سابقہ تقمیر کا ماہِ تمام ہی مان لیا جائے تاکہ ایسٹر کے چاند کی تاریخ تقویم میں 23 دن پیچھے ہٹ جائے۔ اگر اس منتقلی سے چاند کا چودھواں دن 19 اپریل کو واقع ہو تو اس کی بجائے 18 اپریل مقرر کی جائے۔

33۔ بوقتِ ضرورت ایسی منتقلی صدیوں میں بھی ہوتی ہے۔ سال کے ہر سیکڑے میں جو کبیسہ نہ ہو ایک روز کی پیش رَو منتقلی اور سال کے ہر 25 سیکڑے میں سے 8 میں ایک روز کی پس رَو منتقلی کی جاتی ہے۔ یہ پس رَو منتقلی پہلی بار 1800ء میں، پھر تین سو سالہ 7 وقفوں میں اور پھر چار سو سالہ ایک وقفے میں ہوتی ہے وقس علیٰ ہذا۔ اگر پس رَو اور پیش رَو منتقلیاں ایک ہی صدی میں واجب ہوئیں تو ماہِ کامل کی تاریخیں 19 سالہ دَور کے ہر برس میں صدیِ ماقبل کی طرح ہوں گی۔ تقویم اس طرح کام دے گی گویا ماہِ کامل کی تاریخیں دَور کے ہر سال کے لیے 21 مارچ لغایت 19 اپریل مشمولہ ہیں، بجز اُن پورے چاندوں کے جو 19 اپریل کو واقع ہوں 18 اپریل کو لَوٹا دیے جائیں اور جب کبھی ایسا اتفاق پیش آئے تو بَدر جو 18 اپریل کو دَور کے دوسرے سال میں واجب ہو 17 اپریل کو لَوٹایا جائے۔ اِس استثناء سے ایسٹر کے بَدر کے لیے آخری ممکنہ تاریخ 18 اپریل قرار دینی مقصود ہے۔

34۔ لیکن اس استثناء کے تحت ماہِ کامل کی تاریخوں کی منتقلیوں سے 19 سالہ دَور میں کسی خاص مَقام کے لیے ماہِ کامل کی متاخرہ تاریخوں پر اثر نہیں پڑتا۔ چناں چہ دَور کے چودھویں سال کا بَدر جو غیر اصلاح شدہ تقویم میں 12 اپریل کو آیا تھا اصلاح کے بعد 19 اپریل کی بجائے 18 اپریل کو رکھا گیا، لیکن 1700ء میں ایک یوم کی پیش رَو منتقلی اسے 21 مارچ پر ہٹا لائی، گویا کہ یہ 19 اپریل کو ہوا تھا۔ اس طرح چھٹے سال کا ماہِ کامل 1700ء میں 17 اپریل سے 18 اپریل کو منتقل ہوا، لیکن 1900ء میں بجائے 19 اپریل کو منتقل ہونے کے 18 اپریل ہی پر قائم رہا۔ اس کی آیندہ پیش رَو منتقلی 19 اپریل کی بجائے 18 اپریل کو اور پھر 21 مارچ کو ہوگی۔ اِس اِستثناء کا ماحصَل یہ ہے کہ ہر بَدر کی تاریخ کو دو پلٹے لے نے پڑتے ہیں یا تو 17 اپریل کو یا 18 اپریل کو تاکہ پورے چاندوں کو اپنے سابقہ مَقاموں پر لَوٹانے کے لیے 1 سے 30 پیش رَو منتقلیاں کرنی پڑیں، حال آں کہ ماہِ کامل کی مجموعی وُسعت محض 29 یوم مشمولہ ہے۔

35۔ بحیثیتِ مجموعی 57 لاکھ گریگوری سالوں کو 70499183 تقمیروں کے اور 2081882250 دنوں کے برابر کیا گیا ہے تاکہ تقمیر کا طولِ اوسط 29˙530585 9 یوم لیا جائے۔ اگرچہ اِس طول میں بلحاظِ موجودہ دن کے دس لاکھویں حصّے کے بقدر غلطی ہے، مگر یہ غلطی 3 سو سال میں درست ہو جائے گی۔ گریگوری تقویم کے مطابق سلسلہ وار 4 سو سالِ مَدَنی[1] میں کبیسہ کے صِرف 97 سال ہیں، اِس لیے

400 سالِ مَدَنی = (400 × 365 + 97) = 146097 یومِ شمسی اوسط

1 〃 〃 = (146097 ÷ 400) = 365˙2425 〃 〃 〃

سالِ مَدَنی کا یہ خفیف فرق کئی صدیوں تک سالِ فلکی سے مُطابقت کرتے وقت چنداں اثر انداز نہیں ہوتا۔ چوں کہ 400 گریگوری سال کے 146097 یوم یا 20871 ہفتے ہوتے ہیں اور ہفتے کے ایّام ہر 400 سال میں سال کے اُنھیں دنوں میں پلٹ تے ہیں، لہٰذا 57 لاکھ سال کے

(بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ) کی کاوش کا نتیجہ ہے۔ یہ شخص نیپلز کا باشندہ تھا اور فلکی ہونے کے ساتھ ساتھ طبیب بھی تھا۔ لیکن طریقۂ الحاق متعارف ہونے سے پہلے ہی فوت ہو گیا۔ اِس کے پس ماندہ کام کو کلاوی اس فلکی نے آٹھ سو صفحوں میں پورا کیا۔ ۱۲ منہ

1. CIVIL YEAR.

دورِ کامل کے بعد نہ صرف ایسٹر کے پورے چاندوں کا بلکہ ایسٹر کے اتواروں کا اعادہ بھی لازمی ہے۔

36۔ اس تقویم میں اپنی انتہائی صحیح قیمتِ اوسط اور انتہائی سادگیٔ عمل کو متّحد کرنے کی یہاں تک صلاحیت ہے کہ ایک سے لے کر 3 کامل صدیوں تک کے دوران میں ماہِ کامل کی تاریخوں کا تعیّن اِس آسانی سے ہوتا ہے جیسے کہ سب تقویمی سال ایک ہی دَوران کے ہیں اور 19 سالہ دَورِ بعینہٖ قابلِ اطلاق ہے اور وہ سادہ جَدوَل جو غیر اصلاح شدہ تقویم میں استعمال ہوتی چلی آئی تھی اب بھی کارآمد ہوتی ہے۔ یہ تقویم نصفُ النّہار کے اختلافوں سے پاک ہے۔ کسی خاص لمحے کا تعیّن کیے بغیر تمام دُنیا کے لیے ماہِ کامل کا ایک خاص دن مُعیّن کرتی ہے۔ ہَیئتی ماہِ کامل[1] ایک خاص لمحے میں منتخب نصفُ النّہار کے مطابق مختلف تقویمی ایّام میں، گاہ آسٹریلیا اور کناڈا میں ایک ہی تقویمی دن میں واقع ہوتا ہے۔ ہیئتی ماہِ کامل کا وقت شمس و قمر کی غیر مُساوی حرکت سے بھی مُتاثّر ہوتا ہے، لیکن تقویمی ماہِ کامل اِس قسم کی ناہمواریوں سے اُسی طرح اثر پذیر نہیں ہوتا جس طرح کہ مَدَنی زندگی میں مُروّجہ وقت دن کے غیر مُساوی طول سے مُتاثّر نہیں ہوتا۔

37۔ اِٹلی، فرانس، اسپین، پُرتگال اور پولینڈ نے 1582ء میں، بیشتر رومن کیتھولک جرمنی ریاستوں، ہالینڈ اور فلینڈرس نے 1583ء میں اور ہنگری نے 1587ء میں گریگوروی تقویم قبول کی۔ سوئزرلینڈ نے 1582ء سے 1812ء تک کی مدّت میں اِس کو بتدریج اپنایا۔ جرمن ڈچ پروٹسٹنٹ ریاستوں نے عموماً ڈنمارک کے ساتھ 1700ء میں، سلطنتِ برطانیہ نے 1752ء میں، سویڈن نے 1753ء میں اور جاپان نے 1873ء میں اسے اختیار کیا۔ چین اور البانیہ نے 1912ء میں، بلغاریہ نے 1916ء میں، سوویٹ روس نے 1918ء میں، رومانیہ اور گریس (یونان) نے 1924ء میں اور ترکی نے 1927ء میں اِس کو سرکاری تقویم تسلیم کیا۔ ایسٹر کے قواعد بہر حال اُن مشرقی کلیساؤں میں نامقبول رہے جو پاپائی اثر و اقتدار سے آزاد ہیں۔

38۔ جرمن پروٹسٹنٹوں نے گریگوروی تقویم تسلیم تو کرلی مگر ایسٹر کا حساب لگانے کے لیے گریگوروی قواعد قبول نہیں کیے، بلکہ حکم جاری کیا کہ نُقطۂ اِعتدالِ رَبیعی اور ایسٹر کے ماہِ کامل کی تاریخ کا تعیّن از روئے ہَیئت ریوڈلفائن کی جَدولوں[2] سے اور یورانین برگ کے نصفُ النّہار[3] سے کیا جائے۔ یہ مَرصَد ڈنمارک اور سویڈن کے مابین جزیرۂ ہوین میں واقع ہے۔ ایسٹر کی یہ ہیئتی تعیین جرمن پروٹسٹنٹوں میں 1700ء سے 1776ء تک اور سویڈن میں 1740ء سے 1844ء تک جاری رہی۔

39۔ برطانوی نوآبادیوں میں تقویم کی تبدیلی 2 ستمبر 1752ء کو واقع ہوئی اور 2 ستمبر کو 14 ستمبر تسلیم کیا گیا۔ جولیائی اور گریگوروی تقویموں کا باہمی فرق جو 1582ء میں ۱۰ یوم تھا 1752ء میں 11 یوم ہو چکا تھا، مگر اسکندری اور گریگوروی ایسٹر ایک دوسرے سے 5 ہفتوں سے زیادہ دور ہو چکے تھے۔

اِختلافاتِ مَبدءِ تقویم

40۔ عیسوی سنہ جسے ڈایونیسی اس اگزیگس[4] نے ایجاد کیا اور بیڈی[5] نے ہر دلعزیز بنایا تھا مختلف ملکوں میں سال کے مختلف ابتدائی دنوں سے مختلف اوقات میں رائج ہوا۔ اس سمبت کے شروع ہونے کی تاریخیں عام طَور پر 25 دسمبر، یکم جنوری اور 25 مارچ ہیں۔ سال کے اِن مختلف شماروں کو اِسٹائلز[6] کہتے تھے۔ چناں چہ اِٹلی میں اٹھارویں صدی تک عیسوی

---

1. ASTRONOMICAL FULL MOON. 2. RUDOLFINE TABLES. 3. THE MERIDIAN OF URANIENBORG. 4. DIONYSIUS EXIGUUS. 5. BEDE. 6. STYLES. طرز، تقویم، تاریخ

سمبت کے سال وینیشین اسٹائل[1] میں یکم مارچ سے، پسان اسٹائل[2] میں 25 مارچ سے پہلے اور فلورنٹائن اسٹائل[3] میں 25 مارچ کے بعد سے شروع ہوتے تھے۔ روم میں مختلف اسٹائل مختلف ضروریات میں مستعمل تھیں۔ انگلینڈ میں نےٹی وِٹی اسٹائل[4] جو 25 دسمبر سے شروع ہوتی تھی چودھویں صدی میں اَنن سی ایشن اسٹائل[5] سے تبدیل ہوئی جس کا آغاز 25 مارچ سے ہوتا تھا، لیکن گریگوروی تقویم کے اِجراء کے ساتھ 1752ء سے قانوناً اس کی جگہ سَرکم سائی ژن اسٹائل[6] جاری ہوئی جو یکم جنوری کو شروع ہوتی ہے۔ اِسکاٹ لینڈ میں سرکاری طور پر 1600ء سے سال کی ابتداء یکم جنوری سے ہونے لگی تھی۔ اولڈ اسٹائل[7] اور نیو اسٹائل[8] کے نام آغازِ سال کی مختلف تاریخوں کو پہچاننے کے لیے نہیں بلکہ جولیائی اور گریگوروی تقویموں کو شناخت کرنے کے لیے استعمال ہوتے رہے۔

41۔ قدیم رومی و یونانی لُغت میں سالوں کے عددی نام ہمیشہ ترتیب وار ہِندسوں میں دیے گئے ہیں۔ اس لیے سالِ ایک یا پہلے سال کے شروع ہوتے ہی عیسوی سَمبت کا آغاز ہوتا ہے۔ سالِ ماقبلِ مُتّصِل کو سالِ ایک قبلِ مسیح یا پہلا سال قبلِ مسیح کہتے ہیں۔ یکم سے پہلے سال کو ماہرینِ ہَیئت (٥) صفر سے تعبیر کرتے ہیں اور اس سے قبل کے سال کو (-١) منفی ایک کہتے ہیں جو مورّخوں کی اصطلاح میں 2 ق م ہوتا ہے۔ لہٰذا سالہائے قبلِ مسیح کو ہیئتی تاریخوں میں بدلنے کے لیے سال کی تعداد سے ا کو گھٹا کر حاصل کے قبل علامتِ منفی کو لگانا اور منفی تاریخوں کو قبلِ مسیح کی ہیئتی تاریخوں میں تبدیل کرنے کے لیے علامتِ منفی کو ہٹا کر سال کی تعداد میں ایک کو جمع کرنا ضروری ہے۔

جولیائی زمانہ یا مُدّت

42۔ فرانسیسی پروٹسٹنٹ فاضل مورِّخ، جوزِیفس جسٹس اسکالیجر[9] نے وقت کو عملی طور پر مُسلسل ناپنے کے لیے 28 سالہ دَورِ شمسی، 19 سالہ دورِ قمری اور 15 سالہ دَورالتّصریح کو ملا کر جولیائی زمانہ[10] ایجاد کیا جس کی مجموعی مُدّت 28 × 19 × 15 = 7980 سال ہے۔ چوں کہ جولیائی تقویم کی یکم جنوری کو ان اَدوار کا ایک ساتھ شروع ہونا مانتے ہیں اِس لیے ایک جولیائی مدّت میں ماضی و مستقبل کی دونوں تاریخیں آتی ہیں، جن کی تاریخی حوالوں میں ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اِس زمانے کو سَمبت پر تَفوّق حاصل ہے جس کا مُبدَءِ تاریخ تاریخی حُدود میں واقع ہے۔

43۔ جولیائی زمانے کے سال اب شاذ و نادر مستعمل ہیں، اَلبتّہ جولیائی زمانے کا دن فلکیات اور تقویمی جَدوَلوں میں اکثر و بیشتر استعمال ہوتا ہے۔ ایّام شماری کا صرف یہی ایک ایسا طریقہ ہے، جس میں مہینوں اور برسوں کی قید نہیں، اِس لیے جہاں دنوں کا صحیح وقفہ مطلوب ہوتا ہے وہاں یہ طریقہ خصوصاً کارآمد ہے۔ چناں چہ وقت اور دنوں کو کسروں اور تعداد میں بتایا جائے تو کسی خاص وُقوعے کی تخمین میں یا فلاں ستارہ یا سیّارہ کب نمودار ہوا تھا یا ہوگا کی تعیین میں سُہولت ہوتی ہے۔ اِس لیے ماہرینِ ہَیئت عمُوماً یکم جنوری 4713ء ق م کو نُقطۂ آغاز فرض کرکے مُنقضی ایّام میں واقعے کا اظہار کیا کرتے ہیں اور اسے اُس واقعے کی جولیائی تاریخ گردانتے ہیں۔ مثلاً ایک واقعے کی جولیائی تاریخ 2436383.15015 یوم ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ واقعہ

---

1. VENETIAN STYLE = شہرِ وینس کی تاریخ سے منسوب ہے۔ 2. PISAN STYLE. 3. FLORENTINE STYLE = شہرِ فلورنس کی تاریخ سے منسوب ہے
4. NATIVITY STYLE = تاریخِ میلادِ مسیح 5. ANNUNCIATION STYE = تاریخِ بشارت یعنی وہ تاریخ جس میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرتِ مریم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مژدۂ حمل سُنایا۔ 6. CIRCUMCISION STYLE = تاریخِ ختنۂ مسیح۔ 7. OLD STYLE = تقویم کہنہ یا پارینہ
8. NEW STYLE = تقویم جدید یا نَو 9. JOSEPHUS JUSTUS SCALIGER.
10. JULIAN PERIOD.

15015·0 × 24 ساعت بعد نصف النہارِ اوسطِ مقامی 28 جون 1958ء کو دن کے 3 بج کر 36 منٹ، 13 سکنڈ پر رُونما ہوا۔

مبدءِ تاریخ یا آغازِ سال

44۔ مُعاشرتی ضرورِیات کے لیے سالِ مدنی نصفُ اللَّیل مقامی سے شروع ہوتا ہی، لیکن فلکی مقاصد کے لیے سالِ فلکی اُس وقت شروع ہوتا ہی جب شمسِ اوسط کا صُعُودُ المُستقیم[1] ٹھیک (280°) دوسو اسّی درجے ہوتا ہی۔ اِسے سالِ بسلی مفروضہ[2] کہتے ہیں۔ دوسو اسّی درجے کی مقدار اس لیے اختیار کی گئی ہی کہ سالِ بسلی اور سالِ مدنی کی ابتداء میں تقریبی مُساوات قائم رہے۔ سالِ بسلی کے آغاز کو صفر (٥) سے ظاہر کیا جاتا ہی۔ یعنی 1961·0 کا مفہوم ہی کہ سالِ بسلی 1961 شروع ہوگیا۔

اسلامی تقویم

45۔ اہلِ اسلام میں سنہ ہجری مستعمل ہی، جو سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکۂ معظمہ سے مدینۂ طیبہ کو ہجرت فرمانے کے زمانے سے منسوب ہی۔ اِس سنہ کا آغاز 16 جولائی 622ء سے ہوتا ہی۔ اسلامی تقویم کی نُدرت یہ ہی کہ ہر سال کبیسہ کے بغیر 12 قمری مہینوں کا ہی، اِس لیے ہر مہینا 33 برس میں موسموں کا دَور پورا کرلیتا ہی۔ یکم مُحرّم سے سال اور رُویتِ ہلال کی شام سے مہینا شروع ہوتا ہی۔ مذہبی اُمُور کی انجام دہی کا مَدار تقمیری تاریخوں پر ہی۔ مُعاشرے میں آغازِ ماہ کے لیے کوئی حتمی قاعدہ بجز رُویتِ ہلال مقرر نہیں، بسا اوقات قریب کے شہروں میں بر بِنائے رُویت مہینے کی تاریخیں متضاد ہوتی ہیں، نیز جب تک تاریخوں کے ساتھ دنوں کا حوالہ موجود نہ ہو تاریخ کی صحیح طور پر مُطابقت ناممکن ہی۔

46۔ ہیئتی مقاصد کے لیے صحیح تر قاعدہ یہ ہی کہ 30 سالہ دَورِ اسلامی کے مہینے یکے بعد دیگرے 30 اور 29 دن کے لیے جاتے ہیں، بارھواں مہینا 29 دن کا 19 مرتبہ اور 30 دن کا 11 مرتبہ شمار کیا جاتا ہی، اِس طرح تقویم کی 360 تقمیریں 10631 دنوں کے برابر ہوتی ہیں، جن کا حقیقی دوراں 10631·012 یوم ہوتا ہی۔ لہٰذا ڈھائی ہزار سال میں ایک دن سے زیادہ کی غلطی نہیں ہوتی۔

ہفتہ

47۔ دسویں صدی قبلِ مسیح اور زمانۂ مابعد کی اشوری تقویموں[3] کے دیکھنے سے پتا چلتا ہی کہ ہر مہینے کی ساتویں، چودھویں، اُنیسویں، اِکیسویں اور اَٹھائیسویں کو نیز بعض دوسرے غیر مُساوی مُعیّنہ دنوں کو لوگ عُموماً کام کرنے سے اِجتناب کیا کرتے تھے[ع]۔ یہ بتانا کہ ہر ساتویں دن کی تعطیل کا رَواج کب سے ہوا اور کہاں تک پھیلا اب تک ناممکن ہی۔ شریعتِ مُوسَوی میں بھی ہر ساتویں دن، جس کو سبت[4] کہتے ہیں، کام سے مُحترز رہنے کی عام ہدایت موجود ہی۔ کچھ محققین کی رائے ہی کہ اسرائیلی ہفت روزہ زمانوں کا شمار اشوریوں کی مانند دراصل ہر مہینے کے شُیُوع سے ہوا ہوگا، لیکن یہ مَحض قیاس ہی۔ یوں کہ اسرائیلی ہفت روزہ مُدّت کا حساب مہینے اور درحقیقت تمام ہیئتی زمانوں سے آزاد رہ کر ہوتا تھا، جس کی قطعی شہادتیں موجود ہیں۔ اس کا رَواج یہودی کلیسا سے نصرانی کلیسا پہنچا، جہاں ہفتے کے پہلے دن کا، جس کو یومِ خداوندی[5] کہتے ہیں، خاص اِحترام کیا جاتا ہی۔

48۔ سنہ عیسوی کے شُیُوع سے کچھ ہی پہلے سات گھنٹوں، سات دنوں، سات مہینوں اور سات برسوں کے ترتیب وار تنجیمی زمانے[6] رائج ہوئے جو اسرائیلی اثر سے قطعاً پاک تھے۔ کاسی اُس دیو[7] کی تحقیق کے مطابق، جس کی صحت میں کلام نہیں، اس ہفت روزہ تنجیمی مُدّت کا مأخذ

ع LANGDON, BABYLONIAN MENOLOGIES AND THE SEMITIC CALENDARS, LECTURE II (1935) 5. LORD'S DAY.

1. THE RIGHT ASCEN OF THE MEAN SUN. 2. BESSELIAN FICTITIOUS YEAR. 3. ASSYRIAN ALMANACS. 4. SABBATH.

5. LORD'S DAY. 6. ASTROGICAL PERIODS. 7. CASSIUS DIO.

مصر ہی، جہاں دن اور رات الگ الگ بارہ بارہ ساعتوں میں تقسیم تھے۔ یونان زدہ مصر کے مروّجہ نظریے کے مطابق ساتوں سیاروں مشمولہ شمس و قمر کی ترتیب زمین سے اُن کے مفروضہ فاصلوں کے لحاظ سے اِس طرح تھی ــــــ زحل[1]، مشتری[2]، مریخ[3]، شمس[4]، زہرہ[5]، عطارد[6] اور قمر[7]۔ اِن میں کا ہر سیارہ ترتیب وار ایک ساعت حکومتِ مفروضہ کرتا تھا۔ لہٰذا 24 گھنٹے کا دن 7، 7 گھنٹے کے 3 دَورانوں اور 3 گھنٹے کے ایک دَوران پر مشتمل تھا اور دِن کے ہر مفروضہ والی کو سیاروں کی ترتیب کے اِعتبار سے یومِ گزشتہ کے مفروضہ والی سے 3 جگہ ہٹنا پڑتا تھا۔ چناں چہ دنوں کے مفروضہ والیوں کا سلسلۂ متواترہ اِس طرح تھا ــــــ زحل، شمس، قمر، مریخ، عطارد، مشتری اور زہرہ۔ اِن سیارَدی دنوں کو جلد عالم گیر شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی، مگر سیارَدی ساعتوں، مہینوں اور سالوں میں بجز نجومیوں کے کسی نے دل چسپی نہ لی۔ سیارَدی دنوں اور ساعتوں کا سب سے پہلا حوالہ پہلی صدی قبلِ مسیح کے ایک رسالے سے ملتا ہے، جس کا مُصنّف سیرافین[8] ہے۔ گو سیارَدی ہفتے کی اِبتداء دَراَصل یومِ زُحل سے ہوئی تھی مگر جلد ہی یومِ شمس عام طور پر ہفتے کا شروع مانا جانے لگا جس کی حقیقی وجہ یہ تھی کہ اسرائیلی ہفتے کے دن سے مُنطبق تھا، لیکن سیارَدی ساعتوں کا شمار زُحل ہی سے ہوتا رہا۔ اگرچہ ایک ایک دن کو ایک ایک سیارے سے منسوب کرنے میں عالم گیر اتّفاق ہے، مگر راتوں اور ساعتوں کی سیاروں سے نسبت کی بابت ایسا کوئی وِفاق موجود نہیں۔ سیاروں سے موسوم ہفتے کے دنوں کے نام خود بخود تمام مغربی یورپ میں رائج ہوئے، مشرقی یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کے ملکوں میں ان کا چلن نہیں ہوا۔ اَلبتّہ سکندر کے حملے کے بعد ہندستان میں ہفتے کے دنوں کے نام یونانی ہیئت کی اِتباع میں سیاروں پر رکھے گئے، جس کی قدیم ترین سَند سنہ 484 ع کا کتبہ ہے جو عہدِ گپتا کی یادگار ہے[ع]۔

دن کے ذیلی حصّے

49۔ قدیم ترین زمانے سے اہلِ مصر ہر دِن اور ہر رات کو 12 مُساوی ساعتوں میں تقسیم کرتے چلے آئے تھے، جن کا طول سال کے مختلف موسموں کے ساتھ ساتھ مختلف ہوتا تھا۔ چناں چہ یونانی اور رومی انھیں **ساعت ھائے زمانی**[9] کہنے لگے۔ تقسیمِ لیل و نہار کا بجنسہٖ قاعدہ دوسرے قاعدوں کے ساتھ بابِل اور اسائی ریا (اشوریا) میں بھی رائج تھا، جہاں ہر دن اور ہر رات کے تین پہر[10] (پاس) تھے اور ہر پہر کے 4 زمانی گھنٹے شمار ہوتے تھے۔

50۔ ہیئتی مشاہدوں اور پیش خبریوں میں اہلِ بابِل بیرو[11]، جیس[12] اور گار[13] میں وقت کا اظہار کرتے تھے۔ دن اور رات کی مجموعی مُدّت 12 مُساوِی بیروں پر منقسم تھی۔ ہر بیرو کے 30 جیس اور ہر جیس کے 60 گار تھے۔ سال کے 12 مہینوں اور ہر مہینے کے 30 دنوں کی مُناسَبت سے دن کی یہ تقسیم غالباً عمل میں آئی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ پیمائۂ وقت ہونے کی وجہ سے ان اصطلاحوں کا عام اطلاق زاویۂ ساعت[14] اور بعدۂ قوس[15] اور زاویوں کے پیمانوں پر ہونے لگا۔ چناں چہ جیس جو دن کا ساٹھواں حصّہ تھا آج بھی بصورتِ درجہ[16] قائم ہے۔ جیس کی ستّینی تقسیم[17] سامیوں کی ترسیم الاعداد کے مطابق ہے، جو بابلیوں کو وِراثتہً پہنچی تھی۔ وقت کی پیمائش طلوع یا غروبِ شمس سے ہوتی تھی[عہ]۔

ع THE JOURNAL OF THE ROYAL ASIATIC SOCIETY FOR 1912, pp. 1039ff.

عہ F. THUREAU — DANGIN, ESQUISSE D'UNE HISTOIRE DU SYSTÈME SEXAGÉSIMAL (1932), CHAPTER V.

1. SATURN. 2. JUPITER. 3. MARS. 4. SUN. 5. VENUS. 6. MERCURY. 7. MOON. 8. SERAPION. 9. TEMPORAL HOURS.
10. WATCH. 11. BĒRU. 12. GĒS. 13. GAR. 14. HOUR ANGLE. 15. ARC. 16. DEGREE.
17. SEXAGESIMAL SUB-DIVISION.

51 - کِدِنّو کی جدولوں[1] میں پہر موجود نہیں، مگر آدھی رات سے آدھی رات تک کا زمانہ چھ اوسط پہروں میں مُنقسِم ہے۔ پاسِ اوسط کا ساٹھواں حصہ جیس اور جیس کا ساٹھواں گار اور پھر اس کا ساٹھواں غَرض سب کے سب سِتّینی ہیں۔ مُعاشری اور مذہبی ضرورتوں نیز ہیئتی پیشین گوئیوں میں دن غروبِ آفتاب سے شمار ہوتا تھا، لیکن کِدِنّو کی جدولوں میں نِصفُ اللّیل سے شمار کیا گیا ہے۔ یہ نقطۂ آغاز فلکی جدولوں کے لیے واقعی نہایت مناسب ہے۔

52 - یونانیوں کے عہدِ حکومت میں شب و روز کو ساعت ہائے زمانی میں تقسیم کرنے کا رواج رومی یونانی دُنیا کی بدولت عام ہوا۔ ساعتوں کا شمار ہمیشہ طلوع و غروب سے ہوتا رہا، مگر سرکاری طور پر دن کا آغاز ایک مُلک کا دوسرے مُلک سے مختلف تھا چناں چہ ایتھنس اور مغربی ایشیا میں غروبِ آفتاب سے اور روم میں آدھی رات سے سرکاری دن شروع ہوتا تھا۔ مصر میں رات عمُوماً 2 دنوں کے مابَین شمار ہوتی تھی اس لیے رات کا وقت بتانے کے لیے دونوں دنوں کا حوالہ دیا جاتا تھا۔ ساعت ہائے زمانی دریافت کرنے کے لیے ساعتِ شمسی[2] (مِزوَلہ، دھوپ گھڑی) ایجاد ہوئی اور بطلیموس نے اس مقصد کے لیے اُصطُرلاب[3] میں خطُوط اُروشناس کیے۔

53 - ابرخس پہلا فلکی ہے، جس نے ہیئتی ضرورتوں میں ساعتِ اعتدالی[4] یعنی ساعتِ زمانیِ اوسط[5] یا ساعتِ زمانی سے کام لیا، جس کا طول اعتدالین کے مطابق تھا۔ پلینی[6] کہتا ہے کہ ابرخس نے بھی بابلیوں کی طرح دن کو نصفُ اللّیل سے شمار کیا تھا۔ بطلیموس نے المجسطی[7] کی جدولوں میں دن کا شمار اسکندریہ کے نِصفُ النّہارِ (زوال) اوسط[8] سے کیا تھا اور پورے دن کو یا تو مُساوی سِتّینی حصوں میں یا 24 مُساوی ساعتوں میں بانٹا تھا، نیز اپنے رسالۂ جداول میں بھی دن کا حساب اسکندریہ کے نصف النّہارِ اوسط سے لگایا تھا اور ایک نصف النّہار سے دوسرے نصف النّہار تک کے پورے وقفے یعنی دن کو 24 گھنٹوں پر اور ہر گھنٹے کو بقاعدۂ سِتّینی ذیلی حصوں پر تقسیم کیا تھا۔ آج کل کا طریقۂ تقسیم یعنی دن کی 24 مُساوی ساعتیں، پھر ان ساعتوں کی ذیلی تقسیمیں ——— دقیقے (منٹ) اور ثانیے (سکنڈ) ——— اسی سے ماخوذ ہیں۔ نصف النّہارِ اوسط کے انتخاب کو چھوڑتے ہوئے بطلیموس اور ابرخس کا طریقۂ تقسیم ایک جیسا تھا۔ نصف النّہارِ اوسط سے دن کو شمار کرنے کا 24 ساعتی طریقہ باستثنائے خطِ نصف النّہار یونان، روم اور عرب کی تہذیبوں نے اختیار کیا جو ہیئتی جدولوں اور تقویموں میں 1925ء تک مستعمل رہا۔

54 - خودکار میکانیکی کلاکوں کی ایجاد تک، جو چودھویں صدی میں ہوئی تھی، ساعتِ زمانی ہی عام ضروریاتِ زندگی میں مستعمل تھی۔ میکانیکی کلاک ناہموار طولی گھنٹے بجانے سے تقریباً قاصر تھے۔ اِس لیے اُنھوں نے شروع ہی سے ساعتِ اعتدالی بجائی۔ اطالیا اور بوہیمیا میں شام کے دُھندلکے سے یا تقریباً غروب کے آدھ گھنٹے بعد سے کلاکوں کی 24 اعتدالی ساعتیں ترتیب وار بجتیں۔ بعض کلاک ترتیب وار طلوع سے غروب تک 12 اور غروب سے طلوع تک 12 بجاتے تھے۔ بعض ملکوں میں آدھی رات سے آدھے دن تک کلاک ترتیب وار 12 اور پھر اسی طرح آدھی رات تک 12 بجاتے تھے۔ چودھویں صدی ختم ہونے سے قبل ہی اس قسم کے کلاک عام ہو گئے تھے۔ چناں چہ ان کی ساعتوں کو دن اور رات کی سابقہ ساعتوں سے مُمیّز کرنے کے لیے شروع ہی سے کلاک اور 12 گھنٹے والے دونوں سلسلوں کو عمُوماً قبلِ زوال[9] اور بعدِ زوال[10] کہنے لگے۔ عوامی زندگی میں

---

1. KIDDINNU'S TABLES. 2. SUN-DIAL. 3. ASTROLABLE. 4. EQUINOCTICAL HOUR. 5. MEAN TEMPORAL HOUR. 6. PLINY. 7. ALMAGEST. 8. MEAN NOON. 9. BEFORE NOON (ANTE-MERIDIEM). 10. AFTER NOON (POST MERIDIEM).

ساعتِ اعتدالیہ کے رَواج کے ساتھ ساتھ اس کی ہیئتی ذیلی تقسیم ــــــ منٹ اور سکنڈ ــــــ بھی رائج ہوئی۔ نصفُ اللّیل سے نصفُ النّہار تک کا وقتِ اوسط دریافت کرنے کے لیے پندرھویں صدی سے دھوپ گھڑیاں بننے لگیں۔

55۔ غروب سے 24 گھنٹے شمار کرنے کا اطالوی طریقہ اُنیسویں صدی کی ابتداء ہی میں متروک ہوگیا، لیکن ترکی میں جاری رہا، جہاں اوقات کا شمار غروب سے غروب تک ترتیب وارہ بارہ بارہ اعتدالی ساعتوں میں ہوتا رہا۔

56۔ کلاکوں کے روشناس ہونے کے بعد سے اٹھارویں صدی کے اختتام تک عوامی زندگی میں وقتِ شمسی مقامی مستعمل تھا۔ بیشتر ممالک نے اٹھارویں صدی کے آخر یا اُنیسویں صدی کے اوائل میں اور لندن نے سنہ 1792ع میں اس کی بجائے اپنے ہاں وقتِ اوسط[2] رائج کیا۔

57۔ جوں جوں دُنیا میں ریلوں کا جال وسیع ہوتا اور ترقّی پاتا گیا ریلوے منتظموں کو وقت کو شمار کرنے میں دشواری ہونے لگی۔ آخر کار وقتِ مقامی کی بجائے کسی ایک نصف النّہار[3] کے وقت کو اختیار کرنے ہی میں سُہولت نظر آئی۔ برطانیہ میں گرینچ کا نصف النّہار شروع ہی سے مروّج تھا اس لیے سنہ 1880ع میں اسی خط کا وقت مستقل طور پر منظور ہوا۔ اس کے بعد بیشتر ملکوں نے وقتِ وسطی مقامی کی بجائے وقتِ منطقہ[4]، جو سمت الرّاس گرینچ سے سالم گھنٹوں میں اور شاذ آدھا گھنٹہ متفاوت ہوتا ہے، اختیار کیا چناں چہ سویڈن نے سنہ 1879ع میں امریکہ کی بیشتر ریلوں نے سنہ 1883ع میں اور یورپی ممالک کی ریلوں نے اُنیسویں صدی کے اختتام کے قبل اسے اپنایا۔ ہندستان کی ریلوں اور تار گھروں میں وقتِ مدراس جو وقتِ اوسط گرینچ[5] سے (10 سی 21 م 5 گ) پانچ گھنٹا، اکیس منٹ اور دس سکنڈ آگے تھا سنہ 1905ع کے اختتام تک مروّج رہا۔ یکم جنوری سنہ 1906ء سے تمام ہندستانی ریلوں اور تار گھروں کے کلاک (50 سی 8 م) آٹھ منٹ اور پچاس سکنڈ بڑھا کر گرینچ سے پورے (5 گ) ساڑھے پانچ گھنٹے آگے کر دیے گئے۔ یہ ٹائم 'انڈین اسٹینڈرڈ ٹائم' (وقتِ معیاری ہندی) کے نام سے موسوم ہے۔

58۔ بُنیادی تقویموں میں دن کے 24 گھنٹوں کا شمار سنہ 1925ء کی ابتداء سے ایک نصف النّہارِ اوسط سے دُوسرے نصف النّہارِ اوسط تک کے عوض نصف اللّیل اوسط سے نصف اللّیل اوسط تک مروّج ہے۔ اسی نقطۂ آغاز سے وقتِ منطقہ اور وقتِ معیاری کا شمار ہوتا ہے۔ چناں چہ 31 دسمبر سنہ 1924ء کا ہیئتی دن 12 گھنٹے بڑا تھا اور سابقہ وقت کے اعتبار سے 5°31 دسمبر سنہ 1924ء یکم جنوری سنہ 1925ء کی صفر ساعت (نصف اللّیل)، یعنی نئے وقت کے برابر تھی۔ فلکیوں کی جماعتِ متحدہ نے سنہ 1928ء کے اجلاس مُنعقدہ لیڈن میں یکم جنوری سنہ 1925ء سے پیشتر کے وقت کے لیے وقتِ فلکی اوسط گرینچ[6] اور یکم جنوری سنہ 1925ء کی صفر ساعت کے لیے وقتِ عالمی[7] کی اصطلاحیں منظور کیں۔ جب سے یہی اصطلاحیں مروّج ہیں، لیکن انٹرنیشنل ایسٹرونومیکل یونین کی جنرل اسمبلی کی آٹھویں نشست[8] مُنعقدہ روم سنہ 1952ء کی تجویز پر ا جنوری سنہ 1960ء سے تمام قومی زیچوں (نیشنل المانکوں) میں اَوضاعِ فلکی (سیرِ کواکب) 'وقتِ عالمی' نصف اللّیل کی بجائے 'وقتِ تقویمی[9] نصف اللّیل' سے درج ہو رہے ہیں۔

سہ بحوالۂ ہوز ہو (WHO'S WHO) سنہ 1945ء، باب وقت، مطبوعہ ٹائمس آو انڈیا؛ لیکن العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ، جلد دوم، طبع اوّل، صفحہ 249 کے حاشیے اور صفحہ 431 سے ثابت ہے کہ جولائی سنہ 1905ء سے مدراس ٹائم متروک ہو کر گھڑیوں میں 5°82 شرقی کا وقت رائج ہوا۔ ۱۲ منہ

1. LOCAL SOLAR TIME. 2. MEAN TIME. 3. MERIDIAN. 4. ZONE TIME. 5. GREENWICH MEAN TIME. 6. GREENWICH MEAN ASTRONOMICAL TIME. 7. UNIVERSAL TIME (U.T) 8. THE EIGHTH GENENERAL ASSEMBLY OF THE INTERNATIOAL UNION HELD IN ROME, 1952. 9. EPHEMERIS TIME MID-NIGHT.

دوسرا باب

عیسوی اور ہجری تقویموں کا تنقیدی جائزہ اور محاسبہ

عیسوی تقویم

59۔ زمانے کو ناپنے کا موزوں ترین واحدہ دن ہے۔ نجومی نصف النہار سے نصف النہار تک مسلمان غروب سے غروب تک، ہندو طلوع سے طلوع تک اور ہمہ گیر تمدنی ضرورتوں میں نصف اللیل سے نصف اللیل تک کے وقفے کو دن مانتے ہیں۔

60۔ روزمرہ کی ضرورتوں میں، خواہ مذہبی ہوں یا معاشرتی، علمی ہوں یا عملی۔ نظری ہوں یا تجربی دنوں کو ہفتوں، مہینوں اور برسوں میں جمع کرنے کے قاعدے کو تقویم کہتے ہیں (فقرہ 2)۔

61۔ شہر روم کی بنیاد کے سات سو آٹھویں برس یکم جنوری 46 سنہ ق م کو روم کے جولیس قیصر سے موسوم شمسی تقویم کے پہلے سال کا آغاز ہوا۔ اس تقویم کا مجوز اسکندریہ کا باشندہ سوسی جی نس فلکی تھا۔ تقویم میں 3 سال متواتر 365 دن کے مقرر کیے گئے تھے اور چوتھا سال 366 دن کا قرار پایا تھا تاکہ چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے دن سال میں اپنی جگہ پر واقع ہوں۔

62۔ اس تقویم کا سال 12 مہینوں پر مشتمل ہے۔ صرف ایک مہینا 28 یا 29 دن کا ہوتا ہے۔ باقی میں سے 4 مہینے 30، 30 دن کے اور 7 مہینے 31، 31 دن کے شمار ہوتے ہیں ؎

جون و اپریل و ستمبر اور نومبر تیس دن
باقی انگریزی مہینے ہیں فقط اکتیس دن
گر برابر چار حصے ہوں سنہ مطلوب کے
فروری انتیس دن ہے ورنہ اٹھائیس دن

مہینوں کے مروجہ نام مع تعدادِ ایام جدول 1 میں صراحتاً درج ہیں۔

جدول 1۔ عیسوی مہینوں کے نام مع تعدادِ ایام

نمبر شمار	مہینا: انگریزی نام	مہینا: اردو/ہندی نام	دن	مجموعہ	نمبر شمار	مہینا: انگریزی نام	مہینا: اردو/ہندی نام	دن	مجموعہ
1	JANUARY	جنوری	31	0	7	JULY	جولائی	31	212
2	FEBRUARY	فروری	28 (29)	59	8	AUGUST	اگست	31	243
3	MARCH	مارچ	31	90	9	SEPTEMBER	ستمبر	30	273
4	APRIL	اپریل	30	120	10	OCTOBER	اکتوبر	31	304
5	MAY	مئی	31	151	11	NOVEMBER	نومبر	30	334
6	JUNE	جون	30	181	12	DECEMBER	دسمبر	31	365

63- اس میں تو کلام نہیں کہ جولیائی طریقۂ الحاق سَہل ترین اور اپنانے کے لائق ہے، مگر اس سے سال کی لمبائی تقریباً 11 منٹ 14 سکنڈ بڑھ جاتی ہے اور اصلاح کیے بغیر نہ تو تقویم ہی مدتِ مدید تک کام دے سکتی ہے اور نہ آغازِ سال و اعتدالِ ربیعی کے درمیانی وقفوں کی یکسانیت سدا برقرار رہ سکتی ہے۔ گو شروع میں سال کا طول ہیئتی بُنیاد پر قائم کیا گیا تھا، مگر تشخیصی خطا اعتدالِ ربیعی کے محل کو چند ہی صدیوں میں کھِسکانے لگی۔ جولیائی تقویم متعارف ہوئی تھی تو اعتدالِ ربیعی 25 مارچ کو ہوا تھا، نصرانی علماء کی مجلسِ شوریٰ کے زمانے میں جو ایسٹر کی تاریخ معیّن کرنے کے لیے 325ء میں منعقد ہوئی تھی 21 مارچ کو واقع ہوا اور 1582ء میں کہ تقویم کی تصحیح ہوئی ہے یہ رَجعت کرکے 11 مارچ کو پہنچ گیا۔

64- اعتدالِ ربیعی کو اپنے سابقہ مقام پر لانے کے لیے عیسائیوں کے تیرھویں گریگوری پوپ نے جولیائی تقویم سے 10 دن حکماً نسی کیے، یعنی 4 اکتوبر 1582ع کے بعد آنے والے دن کو 15 اکتوبر 1582ع شمار کیا اور چوں کہ جولیائی طریقۂ الحاق میں 400 سال کی مدت میں 3 دن کی غلطی پائی گئی اس لیے جو صدیاں 400 پر پوری پوری تقسیم ہوں اُنھیں کبیسہ اور جو تقسیم نہ ہوسکیں اُنھیں غیر کبیسہ یا معمولی قرار دیا۔ چناں چہ گریگوروی الحاقی قاعدے سے سال کی اکائی اور دہائی کے اعداد 4 پر تقسیم ہوں اور کچھ نہ بچے تو وہ سالِ کبیسہ ہے، ورنہ معمولی؛ لیکن صدیاں اُس وقت کبیسہ ہوتی ہیں جب اُن کے صِفروں کو نظرانداز کرتے ہوئے 4 پر پوری پوری منقسم ہوں۔

65- ہیئتِ جدیدہ کی صحیح ترین تشخیص کے مطابق 365·25 یوم کے جولیائی سال میں اعتدالِ اوسط کے اعتبار سے آفتاب کی ارضی المرکز طولی حرکت 27″·685 + 365° ہوتی ہے۔ پس سال کا طولِ اوسط تقریباً $365{\cdot}25 \times \frac{360^\circ}{360^\circ + 27''{\cdot}685}$ یوم = 365·2421977390089 یوم یا 365 دن، 5 گھنٹے، 48 منٹ، 45·88465036896 سکنڈ ہوا۔

66- گریگوروی قاعدے سے 400 سال میں 97 دن بڑھتے ہیں تو 400 برس میں 365 × 400 + 97 = 146097 دن ہوے اور نتیجے میں 365·2425 یوم یا 365 دن، 5 گھنٹے، 49 منٹ، 12 سکنڈ کا سال قرار پایا۔ یہ طولِ سالِ شمسی حقیقی سے (12 س 49 م 5 گ 365 د - 45·88465036896 س 48 م 5 گ 365 د) 26·11534963104 سکنڈ زیادہ ہے، جس کا تقریباً 3308 برس میں ایک دن بن جاتا ہے۔ چوں کہ 3308 اور 4000 میں کچھ زیادہ فرق نہیں اس لیے گریگوروی قاعدۂ الحاق میں یہ ترمیم تجویز کی گئی ہے کہ 4 ہزار اور اس کے تمام اِضعافی سال معمولی شمار کیے جائیں۔ اِس تصحیح کی روشنی میں کَوند کا قاعدہ یہ ہوا۔

الف - صدی کے آخری سال سے قطعِ نظر جس سال کے عدد 4 سے پورے پورے تقسیم ہوں، کبیسہ ہے۔

ب - صدی کے دو صِفروں کو چھوڑ کر جس صدی کے عدد 4 سے قابلِ تقسیم ہوں، کبیسہ ہے؛ لیکن

ج - چار ہزار اور اس کے اَضعاف جیسے 8 ہزار، 12 ہزار، 16 ہزار اور 20 ہزار وغیرہ معمولی سال ہیں۔

غرض کَوند کی یکسانیت 4 کے عدد سے قائم کی گئی ہے اور آخری تصحیح کے بعد سال کا آغاز 20 ہزار برس میں اپنے موجودہ مقام سے ایک دن سے زیادہ نہیں سرکتا۔

آیا مدنی و شمسی سالوں کی مُطابقت اس سے کم مدت میں کسی اور نہج سے ممکن ہے جاننے کے لیے کسر 0·2422 دن (فقرہ 65) کو، جو

ﮯ THE ENCYCLOPAEDIA BRITANNICA, VOL. IV, P. 569, EDITION, 1958.

شمسی سال کی بیشی دنوں کی سالم تعداد پر ظاہر کر رہی ہے، کسرِ مسلسل میں تبدیل کریں جیسے

تو کسروں کا تقریبی سلسلہ $\frac{1}{4}$، $\frac{7}{29}$، $\frac{8}{33}$، $\frac{31}{128}$، $\frac{132}{545}$، $\frac{163}{673}$ وغیرہ قائم ہوتا ہے۔

الف۔ کسر $\frac{1}{4}$ سے 4 برس میں ایک دن کا جولیائی کبیسہ نکلتا ہے، جو بہت زیادہ ہے۔ 4 سال میں ایک دن بڑھانے سے سال کی لمبائی 365 دن اور 6 گھنٹے ہوتی ہے۔

ب۔ کسر $\frac{7}{29}$ سے 29 سال میں 7 الحاقی یوم ملتے ہیں۔ یہ طریقۂ الحاق بھی غلط ہے۔ اس سے سال کی لمبائی 365 دن، 5 گھنٹے، 47 منٹ اور 35 سکنڈ ہوتی ہے۔

ج۔ کسر $\frac{8}{33}$ سے 33 برس میں 8 کبیسہ آتے ہیں۔ یعنی ہر چوتھے سال ایک دن کی بیشی 7 بار اور آٹھویں ایزادی پانچویں سال ہوتی ہے جس سے سال کی لمبائی 365 دن، 5 گھنٹے، 49 منٹ اور 5·45 سکنڈ ہوتی ہے۔

د۔ کسر $\frac{31}{128} = \frac{7+24}{29+99} = \frac{7+8\times3}{29+33\times3}$ سے 33 برس کے 3 اور 29 برس کا ایک دَور ملتا ہے اور نتیجے میں سال کا طول 365 دن، 5 گھنٹے، 48 منٹ اور 45 سکنڈ ہوتا ہے جو عملاً سالِ شمسی کے برابر ہے۔

کسر $\frac{8}{33}$ کا طریقۂ الحاق سہل ہونے کے باوجود صحیح تر بھی ہے، یعنی حقیقی سال کے مقابلے میں گو طول تقریباً 19·45 سکنڈ زیادہ ہے، مگر گریگوری طریقۂ الحاق (فقرۂ 66) کے مقابلے میں اس طور سے مدنی اور شمسی سالوں کی مطابقت قریب تر ہو جاتی ہے۔ جولیائی زمانے کا موجد جوزف اسکالیجر نیز ویلڈرا اور مانٹکلا وغیرہ فضلائے یورپ کہتے ہیں کہ زمانۂ حال کے اہلِ فارس حقیقتاً اسی طریقۂ الحاق پر کاربند ہیں اور 33 برس میں 8 دنوں کا اضافہ کیا کرتے ہیں۔ فارسیوں کا طریقۂ الحاق $\frac{7}{29}$ اور $\frac{8}{33}$ سے مرکب ہے۔ اگر $\frac{8\times3+7}{33\times3+29} = \frac{31}{128}$ کی ترکیب پر عمل درآمد ہو تو اُن کے سالِ فلکی کے طول کی تشخیص انتہائی صحیح ہو گی۔ کہتے ہیں کہ 33 سالہ دَور کا موجد عمر خیام ہے، جو اُن 8 ماہرینِ فلکیات میں سے ہے، جنھیں جلال الدین ملک شاہ، سلطانِ خراسان نے تقریباً سنہ 1079ع میں تقویم کی تصحیح یا ترتیب کے لیے مقرر کیا تھا۔

68۔ سال کا آغاز مقررہ وقت کی بجائے مظاہرِ فلکی پر منحصر ہوتا تو کبیسہ کے دن کبھی 4 اور کبھی 5 برس کے بعد بے ترتیب آیا کرتے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا، گو شاذ ہی سہی، کہ سال کے مدخل کی تشخیص ناممکن ہو جاتی۔ مثلاً سنہ 1793ع میں فرانس میں ایسی تقویم کو رواج دینے کی کوشش ہوئی تھی جس کے سال کا مدخل اعتدالِ خریفیِ حقیقی کا دن گزار کر بوقتِ نیم شب معیّن تھا۔ مان لیں کہ آفتاب برجِ میزان میں آدھی رات کے لگ بھگ آتا تو جدول

کی ذری سی غلطی سے اعتدال کا حقیقی دن مشکوک ہوجاتا اور اس اشکال کو رفع کرنے کے لیے رصد کا سہارا بھی بے کار ہوجاتا۔ اس لیے سال کو کسی معینہ الحاقی قاعدے سے شروع کرنے ہی میں سہولت تھی۔ مختلف طریقوں میں سے مجموعی طور پر گریگوری حساب نسبتاً آسان ہے۔ مگر اس میں شک نہیں کہ حسابی نقطۂ نظر سے 128 برس میں 31 دنوں کا اضافہ اکمل ہوتا۔ اس مدت میں لوند کا دن صرف ایک بار نظر انداز ہوتا اور پھر کسی مزید اصلاح کی ضرورت نہ رہتی اور خطا اتنی خفیف ہوتی کہ ایک لاکھ برس میں ایک دن سے زیادہ تجاوز نہ کرتی۔

69۔ یہ مسلّمہ ہے کہ عیسوی سنہ کے پہلے سال کا مدخل شنبہ تھا[لہ] اور سنہ 1960ع کا مخرج جولیائی تقویم سے جمعہ[عہ] اور گریگوری تقویم کی رو سے شنبہ[سہ] ہے تو ہمیں تنقیداً یہ دیکھنا ہے کہ جولیائی اور گریگوری حساب سے پہلا سال کس دن شروع ہوا؟

الف۔ جولیائی تقویم میں بلاتخصیص ہر چوتھا سال کبیسہ ہونے کے باعث مدنی سال کی لمبائی 365.25 یوم ہے (فقرہ 61 و 65)۔
پس بشمول 31 دسمبر
1960 جولیائی سال کے ایام = 1960 × 365.25 = 715890 ÷ 7 = باقی از قسمت صفر، گویا 7۔ اب مدخل جاننے کے لیے 7 کو نزولاً شمار کیا ——— جمعہ، پنجشنبہ، چہارشنبہ، سہ شنبہ، دوشنبہ، یکشنبہ، شنبہ ——— تو جولیائی حساب سے مدخل شنبہ ہوا۔

ب۔ گریگوری تقویم میں اگرچہ چوتھا سال کبیسہ ہے، مگر 3 صدیاں معمولی اور چوتھی صدی کبیسہ ہونے کی وجہ سے سال کی لمبائی 365.2425 یوم ہے (فقرہ 66) پس بشمول 31 دسمبر
1960 گریگوری سال کے ایام = 1960 × 365.2425 = 715875.3 یا اعشاریہ ساقط کرکے 715875 ÷ 7 = باقی از قسمت 6، جسے نزولاً شمار کیا ——— شنبہ، جمعہ، پنجشنبہ، چہارشنبہ، سہ شنبہ، دوشنبہ ——— تو گریگوری قاعدے سے مدخل دوشنبہ نکلا۔

ج۔ معلوم ہوا کہ دونوں تقویموں کے مبدء متضاد ہیں۔ پرانی کا مدخل شنبہ اور نئی کا دوشنبہ ہے۔ اگر تقویم نو کا پہلا برس سنیچر کو شروع ہوتا تو باقی از قسمت 6 کو صعوداً شمار کرنے پر ——— شنبہ، یکشنبہ، دوشنبہ، سہ شنبہ، چہارشنبہ، پنجشنبہ ——— مخرج یعنی 31 دسمبر سنہ 1960ع گریگوری کو پنجشنبہ ہوتا۔ اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ نئے حساب سے ت یم کا پہلا برس پرانی تقویم کے پہلے برس سے دو روز بعد شروع ہوا۔

حرفِ اصطلاحی کا دَوران

70۔ ہفتے کے 7 دن اور سال کے 365 دن ہیں اور دونوں باہم عدد مفرد ہیں۔ اس لیے 2 متواتر سال ایک ہی دن سے شروع نہیں ہوسکتے۔ سال کو ہفتے پر تقسیم کرنے پر 52 ہفتے پورے ہونے پر ایک دن بچتا ہے۔ معلوم ہوا کہ سال جس دن شروع ہوتا ہے اُسی دن ختم ہوتا ہے۔ اگر سالِ معمولی اتوار کو شروع ہو تو اتوار ہی کو ختم ہوگا اور آیندہ سال سوموار

لہ THE ENCYCLOPAEDIA BRITANNICA, VOL, IV, P. 569, EDITION, 1958.

عہ THE INDIAN EPHEMERIS AND NAUTICAL ALMANAC, 1961, P. X.

سہ THE INDIAN EPHEMERIS AND NAUTICAL ALMANAC, 1961, P. 382.

کو شروع ہوگا۔ اگر سالِ کبیسہ کا مدخل اتوار ہو تو ایک دن بڑھنے کی بنا پر اس کا مخرج سوموار ہوگا اور اگلے برس کا نیا دن منگل ہوگا۔ آیئے ہفتے کے دنوں کو ابجد کے پہلے 7 حرفوں سے تعبیر کریں تاکہ جنوری کی پہلی کے لیے 'ا' دوسری کے لیے 'ب' اور تیسری کے لیے 'ج' یہاں تک کہ ساتویں کے لیے 'ز' آنے تو ظاہر ہے کہ 'ا' پھر آٹھویں کو لوٹے گا غرض اسی طرح سال کے 365 دنوں میں ان حرفوں کا دَوران گھڑی کی سمت میں بشکل 1 ہوتا رہے گا۔

شکل 1
صعودی

71۔ ہفتہ عموماً یکشنبے سے شروع ہوتا ہے، اس لیے اتوار کو **یومِ اصطلاحی** اور سال میں جس حرف پر یہ واقع ہو اس حرف کو **حرفِ اصطلاحی** سے موسوم کریں تو تقویم میں سال کا مدخل دریافت کرنے میں آسانی ہوگی۔ اوپر کی مثالوں میں دیکھ چکے ہیں کہ سال کا مدخل سال بسال گھڑی کی مخالف جانب بشکل 2 سرکتا ہے۔ چناں چہ حرفِ اصطلاحی بھی ہر چوتھے برس اپنے سابقہ مقام سے 5 جگہ پیچھا جاتا ہے۔ تقویمِ قدیم کے سَو سال میں اس کا فرق $5 \times 25 = 125$ جگہ اور چار سو سال میں $125 \times 4 = 500$ پہنچتا ہے، جو ہفتے پر منقسم ہو کر محض 3 درجے رہ جاتا ہے؛ لیکن تقویمِ جدید کی 4 صدیوں میں 3 لوند چھوڑ دیے جاتے ہیں اس لیے حرفِ اصطلاحی 400 برس کے بعد لازماً ترتیبِ سابقہ پر لوٹتا ہے۔

شکل 2
نزولی

دَورِ شمسی کا استعلام

72۔ دورِ شمسی کی مدت $4 \times 7 = 28$ برس ہے، جس کے بعد ہفتے کے دن پھر اپنی پہلی ترتیب سے شروع ہوتے ہیں۔ پرانی عیسوی تقویم کا پہلا سال دورِ شمسی کے دسویں برس شروع ہوا تھا، اس لیے دورِ شمسی کا سال جاننے کے لیے یہ قاعدہ ہے۔

قاعدہ:- عیسوی سنہ میں 9 جوڑ کر حاصل کو 28 پر تقسیم کریں تو خارجِ قسمت ادوارِ گزشتہ کی اور باقی از قسمت دَورِ رَواں کے سال کی تعداد ہوگی۔ اگر باقی نہ رہے تو سالِ زیرِ بحث اٹھائیسواں مُراد دَور کا آخری سال ہوگا۔

73۔ قاعدۂ مذکورہ کو تسہیلاً الجبری ضابطے میں

$$\text{دَورِ شمسی} = \left(\frac{\text{س} + 9}{28}\right)_{\text{ب}} \qquad (1)$$

پیش کرتے ہیں جس میں س سے سالِ مطلوب مُراد ہے اور ب سے باقی از قسمت جو س + 9 کے حاصل کو 28 پر تقسیم کرنے پر حاصل ہوتی ہے۔

مثال۔ 1961ء کا دَورِ شمسی جاننا چاہتے ہیں،

تو بموجب مساوات (1) $\text{دَورِ شمسی} = \left(\frac{\text{س} + 9}{28}\right)_{\text{ب}} = \frac{1961+9}{28} = 70\frac{10}{28}$،

لہٰذا 1961ء دَورِ شمسی کا دسواں برس ٹھہرا۔

دَورِ شمسی اور حرفِ اصطلاحی

74۔ دَورِ شمسی کی وساطت سے سال کا حرفِ اصطلاحی جاننے سے پہلے ملحوظ رکھیں کہ

الف۔ نصرانیوں کا پہلا سبت سنیچر کو شروع ہوا تھا (فقرہ 69) اِس لیے اُس سال کا، جو دَورِ شمسی

کے اعتبار سے دسواں برس ہے، حرفِ اصطلاحی ب تھا، یعنی دوسرے دن اتوار تھا۔ اُس کے بعد آنے والے یا دَورِ شمسی کے گیارھویں سال کا حرف آ تھا پھر شنبہ۔ دَورِ شمسی کا تیرھواں یا پُرانی عیسوی تقویم کا چوتھا سال کبیسہ تھا جس کے حروف ۃ و تھے اور سالِ مابعد یا پانچویں سال کا د۔ علیٰ ہذاالقیاس۔

ب۔ لیکن صدی کے اختتام پر نئی (گریگوری) تقویم میں چوں کہ صدی کبیسہ نہیں ہوتی، حرفوں کی مذکورہ ترتیب قائم نہیں رہتی، اس لیے دَورِ شمسی صرف صدی کے دَوران ہی میں کارآمد ہے اور صدی یا صدی کے بعد کام نہیں دے سکتا۔

جولیائی تقویم کے حرفِ اصطلاحی کا استخراج

75۔ اب حرفِ اصطلاحی دریافت کرنے کا بُرہانی طریقہ پیش کرتے ہیں۔ فرض کریں کہ ح سے کسی سنہ کے سالِ مطلوب کے حرفِ اصطلاحی کا درجہ مراد لیں تو سالِ آیندہ کا نوروز لازماً ح - 1 ہوگا اور س یعنی سال کی کسی تعداد کے بعد ح - س ہونا چاہیے۔ لیکن ہفتے کے دن 7 ہیں اور ح کبھی ہفتے سے متجاوز نہیں ہوسکتا، اس لیے سمبت کے پہلے سات برس بیت چکنے پر س کی تعداد ہمیشہ ح سے بڑھتی جائے گی۔ لہذا ح کو سات کے کسی ضعف جیسے 7 × ہ سے مضاف کریں تو عملِ تفریق ممکن ہوگا اور ضابطہ 7 ہ + ح - س بقاعدۂ الجبرا مرتب ہوگا۔ سالِ ماقبلِ سنہ عیسوی کا حرفِ اصطلاحی ج تھا، پس اُس سال کے لیے ح = 3، نیز سالوں کو 365 دنوں کا شمار کرتے ہوئے کسی سالِ مابعد، مراد س کے لیے ح = 7م + 3 - س ہوتا ہے، مگر ہر چوتھے سال ایک دن کی بیشی نتیجے میں حرفِ اصطلاحی کو اور ایک روز پیچھے کرتی ہے، اس لیے مذکورہ اسلوبِ تحریر میں واحدے کی تعداد کے لحاظ سے بقدر س/4 یا (س/4)ہفتہ کمی ہونی چاہیے جو س کو چار سے تقسیم کرنے کے بعد خارجِ قسمت کو محض عددِ صحیح میں پیش کرے گی۔ اب تقویمِ قدیم میں حرفِ اصطلاحی کی مُساوات

ح = 7 + 3 - س - (س/4)ہ . . . . (2)

قائم ہوئی، جس کے وسیلے سے سنہ تقویمِ قدیم کے آغاز سے اصلاح تک ہی نہیں بلکہ بعد کے سالوں کا بھی نوروز جان سکتے ہیں۔

مثال 1۔ سنہ 571ع تقویمِ قدیم کا یومِ مُدخل معلوم کرنا ہے،

تو س = 571، اور ہ یہاں = 102،

اب بموجب مُساوات (2) ح = 7 ہ + 3 - س - (س/4)ہ،

یا ح = 7 ہ + 3 - 571 - (571/4)ہ،

یا ح = 7 ہ + 3 - 571 - 142،

یا ح = 7 × 102 - 710،

یا ح = 714 - 710 = 4 = د

یعنی چوتھے دن یکشنبہ تھا، اِس لیے سالِ مذکور کا یومِ مطلوب پنجشنبہ ٹھہرا۔

مثال 2۔ سنہ 1582ع جولیائی یعنی تقویمِ قدیم کا نوروز جاننا ہے،

تو س = 1582، اور ہ یہاں = 283،

اب بموجب مُساوات (2) ح = 7 ہ + 3 - س - (س/4)ہ،

یا ح = 7 ھ + 3 - 1582 - (1582/4)ھ،

یا ح = 7 ھ + 3 - 1582 - 395،

یا ح = 7 × 283 - 1974،

یا ح = 1981 - 1974 = 7 = ن،

یعنی ساتویں دن یکشنبہ تھا، اِس لیے یوم مدخل دوشنبہ ہوا۔

مثال 3۔ 1961ع پُرانی تقویم کا نیا دن دیکھنا ہی،

تو س = 1961، اور ھ یہاں = 350،

اب بموجب مُساوات (2) ح = 7 ھ + 3 - س - (س/4)ھ،

یا ح = 7 ھ + 3 - 1961 - (1961/4)ھ،

یا ح = 7 ھ + 3 - 1961 - 490،

یا ح = 7 × 350 - 2448،

یا ح = 2450 - 2448 = 2 = ب،

یعنی مدخل شنبہ۔

گریگوروی تقویم کے حرفِ اصطلاحی کا استخراج

76۔ مساوات (2) کو تقویم جدید پر نافذ کرنے کے لیے پہلے اُن 10 دنوں کا اضافہ کریں جو 1582ع میں نظر انداز کر دیے گئے تھے (فقرہ 64)، دوسرے 1600ع سے ہر بیتے سیکڑے کے لیے ایک دن لوند کا بڑھائیں، آخر میں اکائیوں کو اُسی عدد کی چوتھائی سے گھٹائیں کیوں کہ ہر چوتھی صدی نئی تقویم میں کبیسہ ہی اور سمبت کی اکائی اور دہائی کو گرانے کے بعد (فقرہ 64 و 66 ب) صدی کی تعداد کو ص سے ظاہر کریں تو ح کی قیمت بقدر

10 + (ص - 16) - ((ص - 16)/4)ھ . . . . (3)

بڑھتی ہی۔ اس صورت میں مُساوات (2) اور (3) مل کر نئی مُساوات

ح = 7 ھ + 3 - س - (س/4)ھ + 10 ((ص - 16)/4)ھ . . . . (4)

قائم ہوئی، لیکن 3 + 10 = 13، دن یا (ہفتہ گرا کر کہ ح کی قیمت پر اثر نہیں پڑتا) 6 دن ہوتے ہیں تو اب مُساوات (4) کی مختصر صورت یہ ہوئی

ح = 7 ھ + 6 - س - (س/4)ھ + (ص - 16) - ((ص - 16)/4)ھ . . . . . (5)

اس مُساوات کی مدد سے گریگوروی اصلاح کے زمانۂ مابعد کے ہر سنہ کا یوم مدخل دریافت کر سکتے ہیں۔

مثال۔ 1961ع تقویم جدید کا یوم مدخل مطلوب ہی،

تو اس مثال میں س = 1961، (س/4)ھ = (1961/4)ھ = 490، ص = 19، ص - 16 = 3 اور ((ص - 16)/4)ھ = صِفر ہی، پس بموجب مُساوات (5)

ح = 7 م + 6 ـ 1961 ـ ($\frac{1961}{4}$)ہ + (19 ـ 16) ـ ($\frac{16-19}{4}$)ہ،

یا ح = 7 م + 6 ـ 1961 ـ 490 + 3 ـ صفر،

یا ح = 7 × 349 ـ 2442،

یا ح = 2443 ـ 2442 = 1 = ا = یکشنبہ

77 ـ تقویم جدید کے مطابق تصحیح سے پہلے یا بعد کے کسی سال کا حرفِ اصطلاحی استخراج کرنے کے لیے مساوات (2) میں ترمیم کی ضرورت ہے ـ اوّل یہ کہ نئے حساب سے پہلے سال کا آغاز دوشنبے سے ہوا ہے (فقرہ 69 ب و ج) جس کا حرفِ اصطلاحی سَن اور سالِ گزشتہ کا آ تھا ـ اس لیے سالِ ماقبل کا ح = ا ہوا ـ پس صدی کے درمیانی سال کا مدخل معلوم کرنے کی مساوات

ح = 7 م + 1 ـ س ـ ($\frac{س}{4}$)ہ . . . . . . (6)

ہوتی ہے ـ دوم یہ کہ نئی تقویم میں صرف چوتھی صدی اور اس کا ضعف کبیسہ ہونے کی بنا پر ہر گزشتہ صدی پر ایک دن کی بیشی اور ہر چوتھی صدی پر ایک دن کی کمی ح کی قیمت پر بقدر

(ص ـ 4) . . . . (7)

اثر انداز ہوتی ہے ـ لہذا صدی اور بعد کے سَنوں کے لیے مساوات کی یہ شکل ہوئی ـ

ح = 7 م + 1 ـ س ـ ($\frac{س}{4}$)ہ + (ص ـ 4) . (8)

مثال 1 ـ 571ء تقویم جدید کا نوروز دریافت طلب ہے،

تو مثالِ ہذا میں س = 571، ($\frac{س}{4}$)ہ = ($\frac{571}{4}$)ہ = 142، اور (ص ـ 4) = (5 ـ 1) = 4 ہے، پس

حسبِ مساوات (8) ح = 7 م + 1 ـ 571 ـ 142 + 4،

یا ح = 7 × 102 ـ 708،

یا ح = 714 ـ 708،

یا ح = 6 = و = سہ شنبہ

مثال 2 ـ 1582ء تقویم نو کا مدخل مطلوب ہے،

تو س = 1582، ($\frac{س}{4}$)ہ = ($\frac{1582}{4}$)ہ = 395، اور (ص ـ 4) = (15 ـ 3) = 12 ہے، پس

حسبِ مساوات (8) ح = 7 م + 1 ـ 1582 ـ 395 + 12،

یا ح = 7 × 281 ـ 1964،

یا ح = 1967 ـ 1964،

یا ح = 3 = ج = جمعہ

مثال 3 ـ 1961ء گریگوری تقویم کا نیا دن جاننا ہے،

تو س = 1961، ($\frac{س}{4}$)ہ = ($\frac{1961}{4}$)ہ = 490، اور (ص ـ 4) = (19 ـ 4) = 15 ہے، پس

حسبِ مُساوات (8) ح = 7 م + 1 - 1961 - 490 + 15،
یا ح = 7 × 348 - 2435،
یا ح = 2436 - 2435،
یا ح = 1 = ا = یکشنبہ

78 ۔ سالِ معمولی کا مَدخَل و مَخرَج ایک ہوتا ہے، مگر سالِ کبیسہ یا صدی کبیسہ کا مُبْتَدَءٔ ایک نہیں ہوتا (فقرہ 70)، اِس لیے پُرانی یا نئی تقویم کا درمیانی سال یا صدی کبیسہ ہو تو محرّرۂ بالا مُساواتوں میں باقی از قسمت سے اُس سال یا صدی کا مَخرَج اور باقی از قسمت + 1 سے مَدخَل نکلتا ہے مثلاً 1960ء تقویمِ جدید کا حرفِ اصطلاحی نکالیں تو باقی از قسمت 2 حاصل ہوگا۔ اس پر ایک بڑھائیں تو تین ہوگا۔ اب 3 = ج = جمعہ اور 2 = ب = شنبہ۔ یِ کبیسہ کے حرفِ اصطلاحی دو ہوتے ہیں۔

عیسوی دَوامی جَدول کی افادیت اور استعمال

79 ۔ اوپر لکھی مُساواتوں سے بنی چار سو سالہ اصطلاحی حرفوں کی **جدول 2** سے **دَورِ شمسی** اور **جولیانیُ تقویم** کے یومِ مَدخَل دَواماً اور **گریگوری تقویم** کے یومِ مَدخَل 3999 سال تک دریافت کر سکتے ہیں۔

80 ۔ **جدول 2** کے حصّۂ الف میں صدی کے **درمیانی سال** یعنی 1 تا 99 کے بعد حرفوں کے 4 کالم ہیں۔ **دَورِ شمسی** اور **جولیانیُ تقویم** کے لیے صِرف پہلا کالم مختص ہے اور **تقویمِ جدید** (**گریگوری تقویم**) کی 4 صدیاں ایک ایک کالم سے متعلق ہیں۔

الف ۔ دَورِ شمسی کے کسی سال کے مَدخَل کا حرفِ اصطلاحی دیکھنے کے لیے سنہ عیسوی میں 9 جمع کر کے 28 پر تقسیم کریں (فقرہ 72) اور باقی از قسمت کو اور کچھ باقی نہ رہے تو 28 ہی کو خانۂ درمیانی سال میں دیکھیں تو اُس کے سامنے کالم ایک میں حرفِ مطلوب ملے گا۔

ب ۔ پُرانی تقویم کے کسی سال کا حرفِ اصطلاحی جاننے کے لیے سنہ عیسوی کو 28 پر قسمت کر کے باقی از قسمت کو اور پورا تقسیم ہو جائے تو 28 ہی کو خانۂ درمیانی سال میں دیکھیں تو اُس کے محاذی کالم ایک میں حرفِ مطلوب ملے گا۔

ج ۔ نئی تقویم کے کسی سال کے مَدخَل کا حرفِ اصطلاحی دریافت کرنے کے لیے سَمبت کی اکائی اور دہائی حذف کر کے صدی کو 4 سے تقسیم کریں تو باقی از قسمت سے کالم متعلقہ ظاہر ہوگا یعنی ضابطۂ مذکورہ فقرات 76 و 77 میں مستعملہ علامتِ س کی بجائے یہاں کالم کی پیشانی پر مندرجہ علامتِ ص صدی کی تعداد بتاتی ہے۔

81 ۔ جدول زیرِ بحث کے حصّۂ ب میں ہر مہینے کے آگے حرفِ اصطلاحی متعلقہ اور اُن کے نیچے دن تاریخ وار درج ہیں۔

مثال 1 ۔ سنہ 622ء تقویمِ پارینہ کی 16 جولائی کا دن معلوم کرنا ہے،

تو 622 ÷ 28 = باقی از قسمت 6 حاصل ہوا۔ جدول کے حصّۂ الف میں 6 کے سامنے کالم ایک میں ج تحریر ہے پس جولائی کا حرفِ اصطلاحی ج قرار پایا۔ اب حصّۂ ب میں جولائی کے سامنے ج کے نیچے دیکھیں تو 16 تاریخ کے محاذ میں یومِ مسئول جمعہ مکتوب ہے۔

مثال 2 ۔ سنہ 1960ء تقویمِ نو کی 31 دسمبر کا دن جاننا ہے،

تو اِس مثال میں س = ص = 19، اور (س/4)ب = (ص/4)ب = 3،

اب حصۂ الف کے حرفِ اصطلاحی کے تیسرے کالم میں 60 کے مقابل دیکھیں تو جَ بَ درج ہے۔ پتا چلا کہ یہ سال کبیسہ ہے اور اس کے شروع کے دو مہینوں کا حرف جَ اور بقیہ مہینوں کا بَ ہے، اس لیے حصۂ ب میں دسمبر کے مقابل بَ کے نیچے خانۂ یوم میں دیکھیں تو 31 تاریخ کی سیدھ میں شنبہ درج ہے۔

مثال 3۔ 3999ء تقویمِ نو کی 31 دسمبر کا دن دیکھنا ہے،

تو یہاں س = ص ۔ 39، اور (س/4)ب = (ص/4)ب = 3،

اب حصۂ الف کے حرفِ اصطلاحی کے تیسرے کالم میں 99 کے مقابل دیکھیں تو جَ تحریر ہے۔ جدول ا کے حصۂ ب میں دسمبر کے مقابل جَ کے نیچے خانۂ یوم میں 31 تاریخ کی سیدھ میں جمعہ تحریر ہے۔

عیسوی دوامی جدول 2

حرفِ اصطلاحی — الف

صدی کے درمیانی سال				ص 1	ص 2	ص 3	ص 4
صفر				ج	ہ	ز	ب، ا
1	29	57	85	ب	د	و	ز
2	30	58	86	ا	ج	ہ	او
3	31	59	87	ز	ب	د	ہ
4	32	60	88	و، ہ	ا، ز	ج، ب	د، ج
5	33	61	89	د	و	ا	ب
6	34	62	90	ج	ہ	ز	ا
7	35	63	91	ب	د	و	ز
8	36	64	92	ا، ز	ج، ب	ہ، د	و، ہ
9	37	65	93	و	ا	ج	د
10	38	66	94	ہ	ز	ب	ج
11	39	67	95	د	و	ا	ب
12	40	68	96	ج، ب	ہ، د	ز، و	ا، ز
13	41	69	97	ا	ج	ہ	و
14	42	70	98	ز	ب	د	ہ
15	43	71	99	و	ا	ج	د
16	44	72	.	ہ، د	ز، و	ب، ا	ج، ب
17	45	73	.	ج	ہ	ز	ا
18	46	74	.	ب	د	و	ز
19	47	75	.	ا	ج	ہ	و
20	48	76	.	ز، و	ب، ا	د، ج	ہ، د
21	49	77	.	ہ	ز	ب	ج
22	50	78	.	د	و	ا	ب
23	51	79	.	ج	ہ	ز	ا
24	52	80	.	ب، ا	د، ج	و، ہ	ز، و
25	53	81	.	ز	ب	د	ہ
26	54	82	.	و	ا	ج	د
27	55	83	.	ہ	ز	ب	ج
28	56	84	.	د، ج	و، ہ	ا، ز	ب، ا

حرفِ اصطلاحی — ب

مہینا اور تاریخ	حرفِ اصطلاحی اور دن						
جنوری 31، اکتوبر 31	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
فروری 28 (29)، مارچ 31، نومبر 30	د	ہ	و	ز	ا	ب	ج
اپریل 30، جولائی 31	ز	ا	ب	ج	د	ہ	و
مئی 31	ب	ج	د	ہ	و	ز	ا
جون 30	ہ	و	ز	ا	ب	ج	د
اگست 31	ج	د	ہ	و	ز	ا	ب
ستمبر 30، دسمبر 31	و	ز	ا	ب	ج	د	ہ

1	8	15	22	29	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ
2	9	16	23	30	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ
3	10	17	24	31	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ
4	11	18	25	.	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ
5	12	19	26	.	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ
6	13	20	27	.	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ
7	14	21	28	.	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ

یادداشت :- جدول 2 کے

الف ۔ پہلے کالم میں پرانی (جولیائی) تقویم کے پہلے سال کا حرف ب ہی،
ب ۔ چوتھے کالم میں نئی (گریگوری) تقویم کی صفر صدی کے پہلے سال کا حرف شا ہی،
ج ۔ تیسرے کالم میں نئی تقویم کے 3999 سال کا حرف ج ہی،

چوں کہ 4000 سال حساباً معمولی ہی، اس لیے اس کا حرف لازماً ب ہوگا، جس کو جدول 3 کے صفر کالم میں صفر درمیانی سال کے سامنے تلاش کریں۔

82 ۔ ہم جانتے ہیں کہ گریگوری قاعدے سے 4 ہزار سال اور اس کے اضعاف معمولی سال ہیں، اس لیے جدول 3، حسب منشائے فقرہ 66 ج مرتّب کرکے درج کرتے ہیں تاکہ نئی تقویم کے مطابق سنہ 4000 ع سے سنہ 7999 ع تک کے یوم مدخل دریافت کیے جاسکیں۔

مثال 1 ۔ سنہ 4093 ع نئی تقویم کی 14 جنوری کا دن جاننا ہی،

تو س = ص = 40، اور (س/4) ب = (ص/4) ب = $\frac{40}{4}$ = باقی صفر،

اب حصۂ الف، کالم 4 کے تحت 93 کے سامنے ۵ تحریر ہی جس سے حسب قاعدۂ معلومہ 14 جنوری کا دن سہ شنبہ دریافت ہوا۔

مثال 2 ۔ سنہ 4440 ع گریگوری کا مخرج دیکھنا ہی،

تو س = ص = 44، اور (س/4) ب = (ص/4) ب = $\frac{44}{4}$ = باقی صفر،

اب حصۂ الف کالم 4 کے نیچے 40 کے مقابل ب آ مکتوب ہی، چوں کہ صدی کا درمیانی سال کبیسہ ہی اس لیے بقاعدۂ معلومہ آ سے مخرج دریافت کیا تو یکشنبہ نکلا۔

عیسوی دوامی جدول 3

حرفِ اصطلاحی

الف حرفِ اصطلاحی

صدی کے درمیانی سال				ص 1	ص 2	ص 3	ص 4
صفر				د	و	ا	ج، ب
1	29	57	85	ج	ہ	ز	ا
2	30	58	86	ب	د	و	ز
3	31	59	87	ا	ج	ہ	و
4	32	60	88	ز، و	ب، ا	د، ج	ہ، د
5	33	61	89	ہ	ز	ب	ج
6	34	62	90	د	و	ا	ب
7	35	63	91	ج	ہ	ز	ا
8	36	64	92	ب، ا	د، ج	و، ہ	ز، و
9	37	65	93	ز	ب	د	ہ
10	38	66	94	و	ا	ج	د
11	39	67	95	ہ	ز	ب	ج
12	40	68	96	د، ج	و، ہ	ا، ز	ب، ا
13	41	69	97	ب	د	و	ز
14	42	70	98	ا	ج	ہ	و
15	43	71	99	ز	ب	د	ہ
16	44	72	.	و، ہ	ا، ز	ج، ب	د، ج
17	45	73	.	د	و	ا	ب
18	46	74	.	ج	ہ	ز	ا
19	47	75	.	ب	د	و	ز
20	48	76	.	ا، ز	ج، ب	ہ، د	و، ہ
21	49	77	.	و	ا	ج	د
22	50	78	.	ہ	ز	ب	ج
23	51	79	.	د	و	ا	ب
24	52	80	.	ج، ب	ہ، د	ز، و	ا، ز
25	53	81	.	ا	ج	ہ	و
26	54	82	.	ز	ب	د	ہ
27	55	83	.	و	ا	ج	د
28	56	84	.	ہ، د	ز، و	ب، ا	ج، ب

ب

مہینا اور تاریخ	حرفِ اصطلاحی اور دن						
جنوری 31، اکتوبر 31	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
فروری 28 (29)، مارچ 31، نومبر 30	د	ہ	و	ز	ا	ب	ج
اپریل 30، جولائی 31	ز	ا	ب	ج	د	ہ	و
مئی 31	ب	ج	د	ہ	و	ز	ا
جون 30	ہ	و	ز	ا	ب	ج	د
اگست 31	ج	د	ہ	و	ز	ا	ب
ستمبر 30، دسمبر 31	و	ز	ا	ب	ج	د	ہ

1	8	15	22	29	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ
2	9	16	23	30	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ
3	10	17	24	31	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ
4	11	18	25	.	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ
5	12	19	26	.	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ
6	13	20	27	.	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ
7	14	21	28	.	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ

HRKU

یادداشت :۔ جدول 3 کے

الف ۔ صفر کالم میں، صفر درمیانی سال کے محاذ میں 4000 سال گریگوروی کا حرف محض ب ہے، کیوں کہ حساباً یہ سال کبیسہ نہیں بلکہ معمولی ہے۔

ب ۔ تیسرے کالم میں گریگوروی تقویم کے 7999 سال کا حرف د ہے۔

عیسوی مدخل کا حساباً استعلام 83 ۔ پرانی اور نئی تقویم کے مدخل نکالنے کی متعدد الجبری مساواتیں پہلے تحریر ہو چکی ہیں اب سہل حسابی قاعدے درج کرتے ہیں ۔

الف ۔ سالِ معمولی کے دنوں کو ہفتے پر بانٹیں تو 52 ہفتے پورے ہو کر ایک دن، تین سال میں 3 دن اور چوتھے سال کبیسہ میں 52 ہفتے پورے ہو کر 2 دن بچتے ہیں ۔ پس بشمولِ کبیسہ 4 سال میں 3 + 2 = 5 دن ہوے ۔

ب ۔ اٹھائیس برس میں 21 معمولی اور 7 کبیسہ ہونے کے باعث 21 + 7 × 2 = 35 دن ہوے، جنھیں ہفتے پر تقسیم کریں تو کچھ نہیں بچتا ۔

ج ۔ ہر چوتھا سال کبیسہ ہونے کی بنا پر سو سال میں $\frac{5 \times 100}{4} = 125$ دن زیادہ ہوتے ۔ مگر ہر سواں برس گریگوروی قاعدے سے کبیسہ نہیں ہوتا اس لیے 124 دن ہوے ۔ پس ہفتے نکال کر سو سال میں 5 دن اور تین سو سال میں ایک دن باقی رہا ۔

د ۔ چوتھی صدی میں 6 دن زیادہ ہوتے ہیں، اِس لیے چار سو سال میں 6 + 1 = 7 دن زیادہ ہوے، یعنی پورا ہفتہ ۔

توضیح ب و د سے ثابت ہوا کہ ہفتے کے ایّام جولیائی تقویم میں 28 سال کے بعد اور گریگوروی تقویم میں 400 سال کے بعد پلٹتے ہیں ۔

قاعدۂ اول :۔ جولیائی تقویم کے مطابق کسی سنہ ع کا نیا دن جاننے کے لیے ایک سال کم کی تعداد کو 28 پر تقسیم کر کے باقی از قسمت کے ہر 4 سال کے لیے 5 دن اور ما بقی ہر سال کے لیے ایک دن شمار کریں؛ پھر حاصلِ جمع کو ہفتے پر تقسیم کریں تو باقی از قسمت کو یکشنبے سے صعوداً شمار کرنے پر اُس سال کا یومِ مدخل برآمد ہوگا ۔

مثال :۔ 1582ء کا مدخل پرانے حساب سے دریافت کرنا ہے،

تو 1582 - 1 = 1581 کے زیادہ دن گنیں (1581 ÷ 28) باقی 13،

12 سال کے زیادہ دن $(5 \times \frac{12}{4}) = 15$

1 سال کے زیادہ دن . = 1

مجموع = 16 ÷ 7 = باقی 2 = دوشنبہ

قاعدۂ دوم :۔ گریگوروی تقویم کی رو سے کسی سنہ ع کا نوروز دریافت کرنے کے لیے ایک سال کم کی تعداد کو چار سو پر تقسیم کریں، جو بچ رہے اُس میں سے ہر سو برس کے لیے 5 دن اور باقی ماندہ میں سے ہر 4 سال کے لیے 5 اور 4 سے کم کے لیے فی سال ایک دن زیادہ شمار کریں ۔ مجموع پر محفوظ کے 2 بڑھائیں، اِس لیے کہ تقویمِ جدید کا پہلا دن دوشنبہ تھا، اور پھر ہفتے پر تقسیم کریں تو خارج قسمت سے سالِ مسئولہ کا نوروز حاصل ہوگا ۔

مثال :۔ 1582ء کا نیا دن نئے حساب سے معلوم کرنا ہے،

تو 1582-1 = 1581 کے زیادہ دن شمار کریں، (1581 ÷ 400) باقی 381،

300 سال کے زیادہ دن (3 × 5) = 15

80 〃 〃 〃 ($5 \times \frac{80}{4}$) = 100

1 〃 〃 〃 . . = 1

محفوظ . . . . . = 2

افزون = 118 ÷ 7 = باقی 6 = جمعہ

جولیائی مدت

84 - پرانی تاریخوں میں عموماً دورِ شمسی، دورِ قمری اور دور التصریح کے حوالے ملتے ہیں۔ تینوں دوروں کی تاریخی مطابقت کی خاطر فرانس کے پروٹسٹنٹ فاضل جوزف اسکالیجر نے 28 سالہ دور الشمس، 19 سالہ دور القمر، اور 15 سالہ دور التصریح کو ملا کر جولیائی مدت ایجاد کی، جس کا مدخل سہ شنبہ اور مجموعی زمانہ 28 × 19 × 15 = 7980 سال ہوتا ہے۔ چوں کہ جولیائی تقویم کی یکم جنوری کو مذکورہ ادوار کا ایک ساتھ شروع ہونا تسلیم کرتے ہیں اِس لیے جولیائی مدت میں ماضی و مستقبل کی دونوں تاریخیں آ جاتی ہیں، جن کی تاریخی حوالوں میں ضرورت ہوتی ہے۔ اِس وجہ سے اِس کو سمبت پر تفوق حاصل ہے۔

85 - عیسوی سنہ کا پہلا سال دورِ شمس کے دسویں، دورِ قمر کے دوسرے اور دور التصریح کے چوتھے برس شروع ہوا تھا۔ لہٰذا ایسا عدد تلاش کریں کہ جب اُسے 28، 19 اور 15 پر تقسیم کریں تو باقی از قسمت ترتیباً 10، 2 اور 4 حاصل ہو۔

فرض کریں س سے دور الشمس، ص سے دور القمر اور ح سے دور التصریح مراد لیں تو عددِ مسئولہ کو 28س + 10، 19ص + 2، یا 15ح + 4 سے ظاہر کریں گے۔ پس دونوں مساواتیں یہ ہوتی ہیں۔

28س + 10 = 19ص + 2 = 15ح + 4،

اب 28س + 10 = 19ص + 2 یا ص = س + (9س + 8)/19 مساواتوں کو حل کرنے کے لیے ک = (9س + 8)/19 ہو تو س = 2ک + (ک − 8)/9 حاصل ہوتی ہے۔

مان لیں (ک − 8)/9 = کہ؛ تو ک = 9کہ + 8؛ پس

س = 18کہ + 16 + کہ = 19کہ + 16 . . . . (1)

پھر 28س + 10 = 15ح + 4، تو 15ح = 28س + 6، یا ح = 2س − (2س − 6)/15 ملتی ہے۔

فرض کریں (2س − 6)/15 = ل؛ تو 2س = 15ل + 6، اور س = 7ل + 3 + ل/2،

مان لیں ل/2 = لہ؛ تو ل = 2لہ؛ نتیجے میں

س = 14لہ + 3 + لہ = 15لہ + 3 . . . . . . (2)

اب س کی دونوں قسموں کو متساوی کریں تو 15لہ + 3 = 19کہ + 16 حاصل ہوتی ہے، چوں کہ لہ = کہ + (4کہ + 13)/15،

فرض کریں (4کہ + 13)/15 = م؛ تو 4کہ = 15م − 13، اور کہ = 4م − (م + 13)/4 ملتی ہے۔

مان لیں (م + 13)/4 = مہ؛ تو م = 4مہ − 13 ہوتی ہے؛ چوں کہ کہ = 16مہ − 52 − مہ = 15مہ − 52،

اب اِس مُساوات میں مر کوئی بھی عدد ہو سکتا ہے، بشرطیکہ 15 مر کی قیمت 52 سے کم نہ ہو۔ لہٰذا مر کی کم سے کم مطلوبہ قیمت 4 ہوتی ہے، اِس لیے 15 × 4 = 60، اب مر = 4 تصوّر کریں تو ک = 60 ـ 52 = 8؛ اور نتیجے میں س = 19 ک + 16 تو س = 19 × 8 + 16 = 168 لہٰذا عددِ مطلوب 28 × 168 + 10 = 4714۔

86۔ عددِ مطلوب دستیاب ہونے کے بعد عیسوی سَمبت اور جولیائی مدّت کی مُطابقت یہ ہوتی ہے۔

سنہ	1،	2،	3،	4،	س
مُدّت	4714،	4715،	4716،	4717،	4713 + س

جس سے صاف ظاہر ہے کہ مر سے جولیائی مدّت کا سال مُراد لیں اور س سے عیسوی سنہ کا سال تو دیکھتے ہیں کہ

مر = 4713 + س، اور س = مر ـ 4713

87۔ عیسوی سنہ سے پہلے کے برسوں کو شمار کرنے کا کوئی ہمہ گیر طریقہ مُعیّن نہیں۔ ماہرینِ تاریخیات عام طور پر سنہ 1 ق م کو مَنفی ایک (ـ 1)، سنہ 2 ق م کو مَنفی دو (ـ 2) اور سنہ 3 ق م کو منفی تین (ـ 3) گنتے ہیں۔ اِس طرح

سنہ	ـ 1،	ـ 2،	ـ 3،	ـ 4،	ـ س
مُدّت	4713،	4712،	4711،	4710،	4714 ـ س

جب مر = 4714 ـ س، اور س = 4714 ـ مر؛

لیکن ماہرینِ فلکیات سنہ 1 ق م کو صِفر شمار کر کے حسابی تسلسُل قائم رکھتے ہیں۔ چناں چہ

سنہ	صِفر	ـ 1،	ـ 2،	ـ 3	..... ـ س
مُدّت	4713،	4712،	4711،	4710،	4713 ـ س

پس اِس صورت میں

مر = 4713 ـ س، اور س = 4713 ـ مر۔

88۔ جولیائی مدّت کا دن نصف النّہارِ اوسط سے شمار ہوتا ہے اور جب بوقتِ صِفر ساعت نصف اللّیلِ اوسط سے یومِ مَدَنی مرّوَجہ (فقرہ 58) شروع ہوتا ہے تو اس کے بارہ گھنٹے گزر چکتے ہیں۔

89۔ آج کل جولیائی مُدّت کے سال شاذ مستعمَل ہیں؛ البتہ جولیائی مُدّت کے ایّام فلکیات اور المناخ کی تقویمی جدولوں میں بیشتر استعمال ہوتے ہیں۔ ایّام شماری کا یہ طریقہ سال و ماہ کی پابندی سے آزاد ہے اور جہاں دن کے صحیح وقفے کی ضرورت ہو وہاں خُصُوصاً کارآمد ہے۔ اس طرح وقت کو کسروں اور دنوں کو عددوں میں بتانے پر کسی خاص وقوعے کی تخمین میں یا فلاں ستارہ کب نمودار ہوا تھا یا ہوگا کی تعیین میں آسانی ہوتی ہے۔ نجومی عُمُوماً یکم جنوری سنہ 4713 قبلِ مسیح کو مَدخل مان کر منقضی دنوں میں واقعات کا اظہار کیا کرتے ہیں اور اِسے اُس واقعے کی جولیائی تاریخ گردانتے ہیں، مثلاً کسی واقعے کی جولیائی تاریخ 2437091٫797801 یوم درج ہے تو اِس کا مفہوم ہے کہ یہ واقعہ 6 جون سنہ 1960ع کو 0٫797801 × 24 گھنٹے قبلِ نصف النّہارِ اوسط مَقامی یا صبح کے 7 بج کر 8 منٹ، 50 سکنڈ وقتِ اوسط مقامی پر رُونما ہوا۔

عیسوی تاریخ کا جولیائی ایام میں مبادلہ

۹۰ ۔ سالِ قبلِ مسیح کے کسی سال کی تاریخ کو جولیائی دنوں میں بدلنا ہو تو

الف ۔ پہلے سالِ مسئولہ سے ایک کم کرکے ہیئتی سال میں تبدیل کریں اور اِس کا ہزار برس کے اَقلِ ضِعف سے تفاضُل لیں تو سالِ محوّلہ سالِ عیسوی میں بدلے گا؛ پھر

ب ۔ جدول 4 مشمولہ سے اِس مبدّلہ سالِ عیسوی کے مُساوی جولیائی دنوں کی تعداد لے کر ہر ہزار سال کے ضِعف کے لیے 365250 دن مَنقُوص کریں، تو ایامِ مطلوبہ حاصل ہوں گے۔

مثال ۱ ۔ 17 فروری سنہ 3102 ق م کے جولیائی ایام استخراج کرنا ہیں اور دن معلوم کرنا ہے،

تو بموجب الف ۔ ہیئتی تاریخ = - 3101 ، فروری 17،

1000 x 4 = + 4000،

تفاضُل = + 899 ، فروری 17،

اب بموجب ب ۔ صفر جنوری سنہ 880 کے جولیائی دن از جدول 4 الف	2042477
〃 〃 سے صفر فروری (۱۹ سال) کے جولیائی دن از جدول 4 ب	6971
〃 فروری سے 17 فروری کے 〃 〃	17
مجموع = 17 فروری سنہ 899 کے 〃 〃	2049465
365250 دنوں کے چوگنے 〃 〃	1461000 -
تفاضُل = 17 فروری سنہ 3102 ق م کے 〃 〃	588465

اب 17 فروری سنہ 3102 ق م کا دن معلوم کریں ۔ پس 588465 ÷ 7 = باقی از قسمت 3 ۔ چونکہ جولیائی تقویم کے پہلے سال کا مدخل سہ شنبہ تھا (فقرہ 84) اِس لیے صُعُوداً شمار کیا ۔ سہ شنبہ، چہار شنبہ، پنجشنبہ ۔ لہٰذا یومِ مسئولہ پنجشنبہ تھا۔

مثال 2 ۔ یکم اکتوبر سنہ 2015 ق م کے جولیائی دن دریافت کرنا ہیں اور دن دیکھنا ہے،

عہ یہ سنہ طوفانِ نوح کا مَبدء ہے ۔ ابو مَعشر ابو ریحان کے حساب سے طُوفان کا آغاز 17 فروری سنہ 3102 ق م یوم پنجشنبے کو ہوا تھا، لیکن جرمن یونیورسٹی کے فاضل پروفیسر سخاوُ (SACHAU, EDWARD C) نے جنھوں نے البیرونی کی کتاب الآثار الباقیہ کا عربی سے جرمن زبان میں ترجَمَہ کیا ہے، طُوفان کا پہلا دن جمعہ شمار کیا ہے ۔ یہی کلیگ سمبت کا مبدء ہے ۔ اِس طرح سنہ کلیگ اور سنہ طوفانِ نوح دونوں ایک ہیں، گو نام اور مَبدء مختلف ہیں ۔ اختلافِ مَبدء کی وجہ یہ ہے کہ ابن البازیار نے کتاب القِرانات میں طُوفان کا وقت پنجشنبے اور جمعے کی درمیانی رات تحریر کیا ہے ۔ اِس لیے بعض نے طوفانِ نوح کا پہلا دن شبِ طوفان سے پہلے پنجشنبے کو اور بعض نے شبِ طوفان کے بعد جمعے کو قرار دیا ہے ۔ ۱۲ منہ

عہ تاریخِ ولادتِ حضرتِ ابراہیم علیٰ نبیّنا علیہ الصّلوٰۃ والسّلام ملاحظہ ہو THE ENCYCLOPEDIA BRITANNICA, P 681, VOL 17, EDITION IX.

توبموجب الف ہیئتی تاریخ = - 2014، اکتوبر ۱،

3000 + = 1000 x 3،

تفاضل = + 986، اکتوبر ۱،

اب بموجب ب - صفر جنوری 980 ستہ کے جولیائی دن از جدول 4 الف	2079002
" " سے یکم اکتوبر (6 سال) کے جولیائی دن از جدول 4 ب . .	2466
مجموع = یکم اکتوبر 986 ستہ کے جولیائی دن	2081468
365250 دنوں کے تگنے " "	1395750
تفاضل = یکم اکتوبر 2015 ستہ ق م کے " "	685718

پس 685718 ÷ 7 = باقی از قسمت 5، جسے نزولاً شمار کیا تو سہ شنبہ ہوا۔

مثال 3۔ 26 فروری 747 ستہ ق م کے جولیائی دن نکالنا ہیں،

توبموجب الف ہیئتی تاریخ = - 746، فروری 26،

1000 + = 1000 x 1

تفاضل = + 254، فروری 26،

اب بموجب ب صفر جنوری 240 ستہ کے جولیائی دن از جدول 4 الف	1808717
" " سے صفر فروری (14 برس) کے جولیائی دن از جدول 4 ب .	5145
" فروری کا سے 26 فروری کے " "	26
مجموع = 26 فروری 254 ستہ کے " "	1813888
365250 دنوں کے ایک گنے " "	365250 -
تفاضل = 26 فروری 747 ستہ ق م کے " "	1448638

91۔ سالِ بعدِ مسیح کی کسی تاریخ کو جولیائی دنوں میں بدلنا ہو تو اُس کے مُساوی جولیائی ایام جدول 4 الف و ب سے حاصل کریں۔

مثال 1۔ 20 اپریل 571 عیسوی ستہ تقویم پارینہ کو جولیائی دنوں میں دکھانا ہے،

عہ یہ تاریخ جلوس بخت نصر اوّل (NEBUCHAD NEZZAR-I) کی بموجب THE ENCYCLOPEDIA BRITANNICA, P. 681, VOL. IV, EDITION IX.

عہ تاریخ ولادت باسعادت سیدِ عالم نبیٔ اکرم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم بموجب نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال مصنفہ مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیے ماہ نامۂ برہان کی جلد 54، شمارہ 4 میں شائع شدہ ہمارا تحقیقی مقالہ ولادتِ خیر الانامی 13 ھ 84، جس کے مطابق تاریخ ولادت 9 دسمبر جولیائی مطابق 11 دسمبر گریگوری 569 ستہ یوم دوشنبہ ہے۔ ۱۲ منہ

تو 560 برس کے جولیانی دن از جدول 4 الف	1925597
صفر جنوری سے صفر اپریل (11 سال) کے جولیانی دن از جدول 4 ب .	4108
" اپریل سے 20 اپریل کے " "	20
مجموع = 20 اپریل 571 ء تقویم قدیم کے " "	1929725

مثال 2۔ 16 جولائی 622 ء تقویم پارینہ کو جولیانی دنوں میں بدلنا ہے۔[1]

تو 620 سال کے جولیانی دن از جدول 4 الف	1947512
صفر جنوری سے صفر جولائی (2 برس) کے جولیانی دن از جدول 4 ب .	912
صفر جولائی سے 16 جولائی کے " "	16
مجموع = 16 جولائی 622 ء پرانی تقویم کے " "	1948440

مثال 3۔ 5 جون 1960 ء گریگوری کو جولیانی ایام میں تبدیل کرنا ہے۔

تو 1960 برس کے جولیانی دن از جدول 4 الف	2436934
صفر جنوری سے صفر جون (5 ماہ) کے جولیانی دن از جدول 4 ب .	152
صفر جون سے 5 جون کے " "	5
مجموع = 5 جون 1960 ء گریگوری کے " "	2437091

---

[1] پہلے سالِ ہجری کی پہلی تاریخ یعنی یکم محرم 1ھ ۱۲ منہ

جولیائی ایام منقضی بتاریخ صفر جنوری بوقت نصف النہار اوسط

جدول 4 — الف

900	800	700	600	500	400	300	200	100	0	سال عیسوی
2049782	2013257	1976732	1940207	1903682	1867157	1830632	1794107	1757582	1721057	0
2057087	2020562	1984037	1947512	1910987	1874462	1837937	1801412	1764887	1728362	20
2064392	2027867	1991342	1954817	1918292	1881767	1845242	1808717	1772192	1735667	40
2071697	2035172	1998647	1962122	1925597	1889072	1852547	1816022	1779497	1742972	60
2079002	2042477	2005952	1969427	1932902	1896377	1859852	1823327	1786802	1750277	80
1900 عہ	1800 عہ	1700 عہ	1600	1500	1400	1300	1200	1100	1000	سال عیسوی
2415019	2378495	2341971	2305447	2268932	2232407	2195882	2159357	2122832	2086307	0
2422324	2385800	2349276	2312752	2276237	2239712	2203187	2166662	2130137	2093612	20
2429629	2393105	2356581	2320057	2283542	2247017	2210492	2173967	2137442	2100917	40
2436934	2400410	2363886	2327362	2290847	2254322	2217797	2181272	2144747	2108222	60
2444239	2407715	2371191	2334667	2298152 عہ	2261627	2225102	2188577	2152052	2115527	80
2900 عہ	2800	2700 عہ	2600 عہ	2500 عہ	2400	2300 عہ	2200 عہ	2100 عہ	2000	سال عیسوی
2780262	2743738	2707213	2670689	2636165	2597641	2561116	2524592	2488068	2451544	0
2787567	2751043	2714518	2677994	2641470	2604946	2568421	2531897	2495373	2458849	20
2794872	2758348	2721823	2685299	2648775	2612251	2575726	2539202	2502678	2466154	40
2802177	2765653	2729128	2692604	2656080	2619556	2583031	2546507	2509983	2473459	60
2809482	2772958	2736433	2699909	2663385	2626861	2590336	2553812	2517288	2480764	80
3900 عہ	3800 عہ	3700 عہ	3600	3500 عہ	3400 عہ	3300 عہ	3200	3100 عہ	3000 عہ	سال عیسوی
3145504	3108980	3072456	3035932	2999407	2962883	2926359	2889835	2853310	2816786	0
3152809	3116285	3079761	3043237	3006712	2970188	2933664	2897140	2860615	2824091	20
3160114	3123590	3087066	3050542	3014017	2977493	2940969	2904445	2867920	2831396	40
3167419	3130895	3094371	3057847	3021322	2984798	2948274	2911750	2875225	2838701	60
3174724	3138200	3101676	3065152	3028627	2992103	2955579	2919055	2882530	2846006	80
4900 عہ	4800	4700 عہ	4600 عہ	4500 عہ	4400	4300 عہ	4200 عہ	4100 عہ	4000 عہ	سال عیسوی
3510746	3474222	3437697	3401173	3364649	3328125	3291600	3255076	3218552	3182028	0
3518051	3481527	3445002	3408478	3371954	3335430	3298905	3262381	3225857	3189333	20
3525356	3488832	3452307	3415783	3379259	3342735	3306210	3269686	3233162	3196638	40
3532661	3496137	3459612	3423088	3386564	3350040	3313515	3276991	3240467	3203943	60
3539966	3503442	3466917	3430393	3393869	3357345	3320820	3284296	3247772	3211248	80

عہ 15 اکتوبر 1582ء تا 31 دسمبر 1599ء مشمول کے دنوں کی تعداد سے دس (10) دن کم کریں۔ ۱۲ منہ

عہ جدول میں 1700، 1800، 1900 وغیرہ جو سال کبیسہ نہیں کے دنوں کی تعداد جنوری منفی ایک (-1) کی درج ہے۔ لہذا صفر اور 31 کے عددوں پر جو سالہائے مذکورہ کی صفر جنوری و صفر فروری کے ہیں ایک دن بڑھا کر ترتیب وار ایک اور 32 شمار کریں۔ ۱۲ منہ

یادداشت 1۔ جولیائی دن نصف النہار کو پورا ہوتا ہے۔ جولیائی دنوں کی تعداد بوقتِ صفر ساعت وقتِ عالمی (نصف اللیل) یعنی جو جدولِ ہذا سے حاصل ہو دنوں کی تعداد سے 0.5 ناقص کریں۔
2۔ جولیائی مدت کے پہلے سال کا مدخل سہ شنبہ ہے۔

جدول 4 تعدادِ ایّامِ ماہانہ ب

سال	صفر جنوری	صفر فروری	صفر مارچ	صفر اپریل	صفر مئی	صفر جون	صفر جولائی	صفر اگست	صفر ستمبر	صفر اکتوبر	صفر نومبر	صفر دسمبر
0	0 عہ	31 عہ	60	91	121	152	182	213	244	274	305	335
1	366	397	425	456	486	517	547	578	609	639	670	700
2	731	762	790	821	851	882	912	943	974	1004	1035	1065
3	1096	1127	1155	1186	1216	1247	1277	1308	1339	1369	1400	1430
4	1461	1492	1521	1552	1582	1613	1643	1674	1705	1735	1766	1796
5	1827	1858	1886	1917	1947	1978	2008	2039	2070	2100	2131	2161
6	2192	2223	2251	2282	2312	2343	2373	2404	2435	2465	2496	2526
7	2557	2588	2616	2647	2677	2708	2738	2769	2800	2830	2861	2891
8	2922	2953	2982	3013	3043	3074	3104	3135	3166	3196	3237	3257
9	3288	3319	3347	3378	3408	3439	3469	3500	3531	3561	3592	3622
10	3653	3684	3712	3743	3773	3804	3834	3865	3896	3926	3957	3987
11	4018	4049	4077	4108	4138	4169	4199	4230	4261	4291	4322	4352
12	4383	4414	4443	4474	4504	4535	4565	4596	4627	4657	4688	4718
13	4749	4780	4808	4839	4869	4900	4930	4961	4992	5022	5053	5083
14	5114	5145	5173	5204	5234	5265	5295	5326	5357	5387	5418	5448
15	5479	5510	5538	5569	5599	5630	5660	5691	5722	5752	5783	5813
16	5844	5875	5904	5935	5965	5996	6026	6057	6088	6118	6149	6179
17	6210	6241	6269	6300	6330	6361	6391	6422	6453	6483	6514	6544
18	6575	6606	6634	6665	6695	6726	6756	6787	6818	6848	6879	6909
19	6940	6971	6999	7030	7060	7091	7121	7152	7183	7213	7244	7274

HRKU

ہجری یا اسلامی تقویم

92 - سنہ 622ء میں نبیِ اکرم محمد رسولُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مکّۂ مُعظّمہ سے مدینۂ منوّرہ کو ہجرت فرمائی تھی، چناں چہ سنہ ہجری اسی واقعۂ عظیمہ کی یادگار ہے۔ یہ سنہ خلیفۂ دوم حضرت عُمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں 20 جُمادی الآخرہ سنہ 17ھ یا پُرانے عیسوی حساب سے 9 جولائی اور نئے حساب سے 12 جولائی سنہ 638ء یوم پنجشنبے کو حضرتِ علی کرّم اللہ تعالیٰ وجہہ کی تجویز پر جاری ہوا اور حضرتِ عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے سے سال کا پہلا مہینا مُحرّم قرار پایا۔ سنہ ہجری کے پہلے سال کا آغاز جولیائی مدّت کے 1948439 دن گزرنے کے بعد 16 جولائی (تقویمِ پارینہ) یا 19 جولائی (تقویمِ جدید) سنہ 622ء یا 28 اساڑھ سنہ 544 شک سے ہوا ہے، یعنی یکم مُحرّم سنہ 1ھ کو یوم المبارک جمعہ تھا۔

93 - اِس سنہ کے تغیری حساب کو شمسی حساب کے برابر لانے کے لیے کوئی لَوند کا مہینا نہیں رکھا جاتا۔ اِسلام کے دینِ فِطرت ہونے کی بِنا پر شارِع علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے اُصولِ فِطرت اور دینی مصلحت پر مبنی طریقۂ حساب پسند فرمایا تاکہ اسلامی مہینے اَدلتے بَدلتے موسم میں آتے رہیں۔ چناں چہ تقلّبِ ایّام کے باعث ہجری تقویم کے مہینے تقریباً 33 شمسی سال میں دَورہ پورا کرلیتے ہیں۔ اگر موسموں کی تطبیق کے لیے شمسی سال اختیار کرلیا جاتا یا قمری حساب ہی میں اور تقویموں کی طرح لَوند وغیرہ بڑھا کر اِس رَجعتِ ایّام کا اِزالہ کردیا جاتا تو نتیجہ لازماً یہ ہوتا کہ ماہِ صیام، خواہ موسمِ گرما میں واقع ہوتا یا موسمِ سَرما میں، نصف کرۂ ارض کے مسلمانوں کے لیے وبال ہوجاتا، یعنی جس طرح دسمبر جو شمالی دُنیا کے لیے موسمِ سَرما کے سب سے چھوٹے دنوں کا مہینا ہے، نصف جنوبی دُنیا کے لیے رحمت اور دوسری آدھی کے لیے زحمت بن جاتا۔ اِسلامی مُساوات و ہمہ گیری کا تقاضہ ہی یہ تھا کہ اسلامی سال کے حساب کا مَدار لَوند وغیرہ کے کھٹ راگ سے پاک خالص تغیر پر رکھا جاتا۔

94 - اہلِ شریعت رؤیتِ ہلال سے رؤیتِ ہلال تک حقیقی مہینا مانتے ہیں، جس کی ابتدا غُرّہ (چاندرات) اور انتہا سَلخ (چاندرات کا دن) ہے۔ مہینے کا طول 29 دن سے کم اور 30 دن سے زیادہ نہیں ہوسکتا۔ زیادہ سے زیادہ 4 مہینے متواتر تیس تیس دن کے اور 3 مہینے مُسلسل اُنتیس اُنتیس دن کے ہوسکتے ہیں۔ ایسے 12 مہینوں کو سالِ قمری حقیقی کہتے ہیں، جس کا طول 354 دن سے کم اور 355 دن سے بیش نہیں ہوتا۔

95 - اعتدالِ اوسط کے لحاظ سے 365·25 دنوں کے جولیائی سال میں چاند کی طولی سَیرِ اوسط 13 x 360° + 477644·409 اور سورج کی 685·27 + 360° ہے۔ لہٰذا ماہتاب کی اضافی ارضی المرکز حرکتِ اوسط آفتاب سے 12 x 360° + 477616·724 ہوتی ہے۔ پس قمر کی ماہانہ گردش یا قمری مہینے کی مُدت

$$365·25 \times \frac{360°}{477616·724 + 360° \times 12} = 29·53058754619$$

یوم یا 29 دن، 12 گھنٹے، 44 منٹ، 2·763990816 سکنڈ اور 12 قمری مہینوں کی مُدت 354·36705055428 دن، یا 354 دن، 8 گھنٹے، 48 منٹ 33·167889792 سکنڈ ہوئی۔

96 - اسلامی معاشرت میں چاند کی حقیقی تاریخیں مُتداوِل ہیں اور انھیں پر مذہبی اُمور کی انجام دہی کا مَدار ہے (فقرہ 93)، لیکن اختلافِ رؤیت کی بِنا پر بسا اَوقات تاریخیں متفاوت ہوتی ہیں اور جب تک دنوں کا حوالہ موجود نہ ہو قمری تاریخ کی شمسی تاریخ سے مطابقت نہیں ہوسکتی۔

ے تحفۂ شاہیہ علّامہ قطبُ الدین شیرازی اور زیج اُلُغ بیگ، قلمی، باب اوّل در معرفتِ تاریخ ہجری، ص 6 - مملوکہ رضا لائبریری، رام پور - ۱۲ منہ

اِس اِشکال کو رفع کرنے کے لیے اہلِ ہیئت مہینوں کے دنوں کی تعداد کو سالِ ہجری میں بموجب جدول 5 مُعین کرتے اور اسے 'سالِ اِصطلاحی' یا 'سالِ تقویمی' سے موسوم کرتے ہیں۔ 30 دن والے مہینے کو 'کامل' اور 29 دن والے کو 'ناقص' کہتے ہیں۔ اِس طرح 354 دن کا سالِ معمولی 'ناقص' اور 355 دن کا سالِ کبیسہ 'کامل' کہلاتا ہے۔

جدول 5 :۔ ہجری مہینوںؑ کے نام و تعدادِ ایّام

شمارہ	مہینا	دن	افزوں		شمارہ	مہینا	دن	افزوں
1	مُحَرَّم	30	..		7	رَجَب	30	207
2	صَفَر	29	59		8	شَعْبان	29	236
3	رَبِیعُ الاَوّل	30	89		9	رَمَضان	30	266
4	رَبِیعُ الآخِر	29	118		10	شَوّال	29	295
5	جُمادَی الاُولیٰ	30	148		11	ذُوالقَعدہ	30	325
6	جُمادَی الآخِرہ	29	177		12	ذُوالحِجّہ	29 (30)	354

97۔ فلکیوں کے نزدیک سنینِ قمری اِصطلاحاً دورِ صغیر و کبیر پر مُنقسم ہیں۔ تیس برس کا دورِ صغیر اور سات دورِ صغیر کا دورِ کبیر ہوتا ہے۔ دورِ صغیر کے 19 سال ناقص اور 11 سال کامل ہوتے ہیں۔ سالِ کامل کا ذوالحجہ 30 دن کا شمار ہوتا ہے۔ اس حساب سے قمری تقویمی یا اِصطلاحی سال کا طولِ اوسط $354\frac{11}{30}$ یوم یا 354 دن، 8 گھنٹے، 48 منٹ ہوا اور پھر سال کی اس تقویمی اوسط کو 12 پر تقسیم کریں تو مہینے کی لمبائی $29\frac{191}{360}$ یوم یا 29 دن، 12 گھنٹے، 44 منٹ نکلتی ہے جو ہیئتی تغیرِ اوسط (فقرہ 95) کے مقابلے میں تقریباً 2·763990816 سکنڈ کم ہے۔ گو یہ خفیف تفاوت فی الحال باعتبارِ تقویم قابلِ اِعتنا نہیں مگر تقریباً 2605 برس میں اسی کا ایک دن بن جائے گا۔

سالِ ناقص و کامل کا استعلام

98۔ یہ جاننے کے لیے کہ فلاں سالِ ہجری اصطلاحی ناقص ہے یا کامل

الف۔ اِسے دورِ صغیر پر تقسیم کریں تو خارجِ قسمت سے اَدوارِ صغیر کی تعداد اور باقی از قسمت سے دورِ رَواں کے سال کی تعداد برآمد ہوگی۔ اگر باقی از قسمت بہزیجوح ادوط مُراد 2، 5، 7، 10، 13، 16، 18، 21، 24، 26 اور 29 میں سے کوئی عدد ہو تو وہ سال کامل مُتصوّر ہوگا ورنہ ناقص ہوگا

ب۔ یا اگر س سے سالِ ہجری کی تعداد مُراد لیں تو باقی از قسمت بضابطۂ الجبرا نکالنے کے لیے

ع ہجری مہینے کے ناموں کے تلفّظ کی صحت قاموس اور منتخب الصّحاح سے کی گئی ہے۔ ۱۲ منہ

عہ زیجِ الُغ بیگ، قلمی، بابِ اوّل درمعرفتِ تاریخِ ہجری، ص 6۔ مملوکہ رضا لائبریری، رام پور۔ ۱۲ منہ

$$\text{ب} = \left(\frac{11\,\overline{\text{س}} + 14}{30}\right)_{\text{ب}'} \qquad \ldots\ldots\ldots\ldots \qquad (9)$$

بشرطے کہ ب 11 سے کم تر ہو۔

مثال 1۔ سنہ 1379ھ کامل ہے یا ناقص؟

تو یہاں $\overline{\text{س}} = 1379$، پس

حسبِ مساوات (9) $\text{ب} = \left(\frac{14 + 11 \times 1379}{30}\right)_{\text{ب}'}$

یا $\text{ب} = \left(\frac{14 + 15169}{30}\right)_{\text{ب}'}$

یا $\text{ب} = \left(\frac{15183}{30}\right)_{\text{ب}'} = 3$ کم تر از 11

لہذا سنہ 1379ھ سالِ کامل ہے، جس کا ذوالحجہ 30 دن کا شمار ہوگا۔

مثال 2۔ سنہ 1380ھ کامل ہے یا ناقص؟

تو حسبِ مساوات (9) $\text{ب} = \left(\frac{14 + 11 \times 1380}{30}\right)_{\text{ب}'}$

یا $\text{ب} = \left(\frac{14 + 15180}{30}\right)_{\text{ب}'}$

یا $\text{ب} = \left(\frac{15194}{30}\right)_{\text{ب}'} = 14$ بیش تر از 11

لہذا سنہ 1380ھ سالِ ناقص ہے، جس کا ذوالحجہ 29 دن کا شمار ہوگا۔

ہجری تقویم کے مدخل کا استخراج

99۔ الف۔ سالِ یکم سے $\overline{\text{س}}$ مشمولہ تک الحاقی سالوں کی تعداد $= \left(\frac{11\,\overline{\text{س}} + 14}{30}\right)_{\text{ہفتہ}}$ اور سال $\overline{\text{س}} - 1 = \left(\frac{11\,\overline{\text{س}} + 3}{30}\right)_{\text{ہفتہ}}$ ہوتی ہے۔

ب۔ سالِ ہجری کا نوروز جاننے کے لیے ملحوظ رکھیں کہ پہلا سالِ ہجری جمعہ کو شروع ہوا تھا (فقرہ 92) اور ہر 354 دنوں یا 50 ہفتے اور 4 دنوں کے سالِ معمولی کے بعد ہر سالِ کبیسہ کے اضافی دن کے علاوہ ہفتے کا دن چار دنوں تک معطل رہتا ہے، پس اگر ہفتہ یا ہ = 1 سے یکشنبہ، 2 سے دوشنبہ، 3 سے سہ شنبہ، 4 سے چہارشنبہ، 5 سے پنجشنبہ، 6 سے جمعہ اور 7 سے شنبہ[5] مفہوم لیں تو سال $\overline{\text{س}}$ کے آغاز کا دن

$$\text{ہ} = 2 + 4\left(\frac{\text{س}}{7}\right)_{\text{ب}} + \left(\frac{11\,\text{س} + 3}{30}\right)_{\text{ہ}} \quad (\text{ہفتے نکال کر}) \qquad \ldots\ldots \qquad (10)$$

---

[5] ڈاکٹر ضیاء الدین سجادی صاحب دیکتب استاد کی تحقیق ہے کہ کلمۂ 'شنبہ' دراصل عبرانی شَبَت یا شُبات کا مفرس ہے۔ سریانی میں 'شُبتا' اکدی میں 'شَباتو' اور عربی میں 'سَبَت' بمعنی تعطّل یا آرام کرنا مستعمل ہے۔ یہی لفظ فرانسیسی میں 'SAMEDI' اور آلمانی (جرمنی زبان) میں 'SAMASTAY' ہے۔ فارسی میں شَبَت میں بے سے پہلے نون ہے یعنی شنبت، پرانی فارسی میں تے کو دال یا ذال سے بدلتے تھے۔ پس 'شنبت' سے 'شنبد' ہوگیا۔ منوچہر کہتا ہے بفالِ نیک و بروزِ مبارک شنبد + نبیذ گیر و مدہ روزگار خویش ببد + اگر توانی یکشنبہ را صبوحی کن + کجا صبوحی نیکو بود بیکشنبد + بروزگار دوشنبد نبیذ خور بنشاط + برسم موبد بنشیں و موبداں موبذ۔ ہفتے کے نام اگرچہ ایران میں اسلام سے پہلے متعارف ہو چکے تھے مگر ان کی رسمی ترویج اسلام کے بعد ہوئی۔ (ملخص از ص 174 و 175) ہفتے کے ناموں میں جمعہ عربی ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ تنافرِ لفظی کی بنا پر 'پرستش شنبہ' کے عوض فصحائے فارس نے جمعے کو اختیار کیا۔ ۱۲ منہ

ہوگا لیکن

30 ہ((3+11س)/30) + ب((3+11س)/30) = 3+11،

سے 120 ہ((3+11س)/30) = 12 + 44س − 4 ب((3+11س)/30)،

یا ہ((3+11س)/30) = 5 + 2س + 3 ب((3+11س)/30)، (ہفتے نکال کر)

حاصل ہوتا ہے، اس لیے

ہ = 6 ب(س/7) + 3 ب((3+11س)/30) (ہفتے گرا کر)،

کی قیمت دورِ صغیر کی ست گنی مدت یعنی 210 برس میں چکر کاٹتی رہتی ہے اور دورِ کبیر کے بعد ہفتے کے ایام پھر اپنی سابقہ ترتیب پر عود کرتے ہیں۔

ج ۔ فرض کریں د̄ سے دورِ گزشتہ اور س̄ سے سالِ رواں کا سال مراد ہو تو س̄ = 30د + س اور

ہ = 5 ب(د/7) + 6 ب(س/7) + 3 ب((3+11س)/30) (ہفتے نکال کر) . . . . (11)

100 ۔ متذکرۂ بالا مساواتوں میں سے کسی ایک کے وسیلے سے سنہ کا مدخل دریافت کیا جاسکتا ہے۔

مثال 1۔ سنہ 17ھ کا مدخل دریافت کرنا ہے،

توحسبِ مساوات (10) ہ = 2 + 4 ب(17/7) + ہ((3+17×11)/30)،

یا ہ = 2 + 4 ب(17/7) + ہ(190/30)،

یا ہ = 2 + 4 ب(3) + ہ(6)،

یا ہ = 2 + 12 + 6،

یا ہ = 20 ÷ 7 = باقی 6 = جمعہ

مثال 2۔ سنہ 1381ھ کا نوروز معلوم کرنا ہے،

توحسبِ مساوات (10) ہ = 2 + 4 ب(1381/7) + ہ((3+1381×11)/30)،

یا ہ = 2 + 4 ب(2) + ہ(506)،

یا ہ = 2 + 8 + 506،

یا ہ = 516 ÷ 7 = باقی 5 = پنجشنبہ

دیگر:۔ اگر س = 1381، د = 30، پس س/د = 1381/30 = 46 1/د،

توحسبِ مساوات (11) ہ = 5 ب(46/7) + 6 ب(1/7) + 3 ب((3+1×11)/30)،

یا ہ = 5 ب(4) + 6 ب(1) + 3 ب(14)،

یا ہ = 20 + 6 + 42،

یا ہ = 68 ÷ 7 = باقی 5 = پنجشنبہ

ہجری دَوامی جَدولوں کی اِفادیت اور استعمال

151 - گزشتہ مُساواتوں سے جَدوَل 6 الف و ب مُرتّب کی گئی ہے جس سے ہجری تاریخوں کے ایّام معلوم کیے جاسکتے ہیں -

الف - کسی تاریخ کا دن دریافت کرنے کے لیے سالِ ہجری کو دَورِ صغیر پر قسمت کریں تو خارجِ قسمت اَدوارِ صغیر کی اور جو تقسیم سے بچ رہے دَورِ صغیر کے درمیانی سال کی تعداد ہوگی جو داہنی جانب خانۂ دَورِ صغیر کے درمیانی سال کے تحت صِفر سے تیس تک ملے گی، پھر اَدوارِ صغیر کو دَورِ کبیر پر تقسیم کریں تو باقی از قسمت دَورِ کبیر کی درمیانی مدت ہوگی جو بائیں طرف خانۂ مدت میں صِفر تا چھ ملے گی اور اسی کے نیچے حرفِ مَدخَل (فقرہ 99) ملے گا۔

ب - حرفِ مَدخَل مِل جائے تو اُسے جَدوَل کے حِصّۂ ب میں ماہِ مطلوب کے سامنے تلاش کرکے اسی کے نیچے یومِ مُتعلِقہ اور داہنی طرف تاریخِ مطلوبہ دیکھنی چاہیے -

مثال 1 - ~~11~~ھ کی ~~13~~ ربیع الاوّل کا دن مطلوب ہے،

تو اس مثال میں س = 11، پس جدول 6 الف کے خانۂ سال کے مُقابل صِفر مدت کے تحت حرفِ مَدخَل آ ملا، جس سے واضح ہوا کہ سالِ مذکور کا مَدخَل یکشنبہ ہے - اب اس حرف کو جَدوَل 6 ب میں ربیع الاوّل کے سامنے دیکھا تو اس کے نیچے دوشنبے کے محاذ میں تیرھویں تاریخ درج ہے -

مثال 2 - ~~1260~~ھ کا مَدخل معلوم کرنا ہے،

تو س = 1260، پس $\frac{\text{س}}{\text{دورِ صغیر}} = \frac{1260}{30} = 42$، باقی صفر - اب $\frac{\text{اَدوارِ صغیر}}{\text{دَورِ کبیر}} = \frac{42}{7} =$ باقی صفر پس خانۂ درمیانی سال کے صفر کے مقابل مدتِ صِفر میں بَ مکتوب ہے - معلوم ہوا کہ مَدخَل دوشنبہ ہے -

مثال 3 - ~~1386~~ھ کی 10 محرّم کا دن چاہیے،

تو $\frac{1381}{30} = 46$، باقی 1 = ادوارِ صغیر 46 اور سالِ رواں یکم - اب $\frac{46}{7} =$ باقی از قسمت 4 جو مدت ہے - لہٰذا سالِ یکم، مدت 4 کا حرفِ مدخل ہ ہے - جدول کے حصّۂ ب میں محرّم کے محاذ میں ہ کے نیچے 10 تاریخ کے مقابل شنبہ تحریر ہے -

مثال 4 - 2 محرّم ~~3578~~ھ کا دن جاننا ہے،

تو یہاں س = 3578، پس $\frac{\text{س}}{\text{دورِ صغیر}} = \frac{3578}{30} = 119$، باقی 8 - اب $\frac{\text{ادوارِ صغیر}}{\text{دورِ کبیر}} = \frac{119}{7} =$ باقی صِفر - اس لیے خانۂ درمیانی سال کے 8 کے سامنے مدت صِفر کے تحت حرفِ بَ ملا، جس کو اسی جَدوَل کے حِصّۂ بَ میں محرّم کے سامنے حرفِ بَ کے نیچے دیکھیں تو دوسری تاریخ کی سیدھ میں سہ شنبہ مکتوب ہے -

---

ؔ تاریخِ وفات سرکارِ دو عالَم احمدِ مُجتبیٰ محمد مُصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم (نُطق الہلال بارخ وِلادا لحبیب والوصال، مصنفہ مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی رحمت اللہ تعالیٰ علیہ) ۱۲ منہ

ہجری دوامی جدول 6

الف

دورِ صغیر کے درمیانی سال (س)				دورِ کبیر کی درمیانی مدت (سنہ/کبیر) اور حرفِ مدخل						
				0	1	2	3	4	5	6
0	8	·	·	ب	ز	ہ	ج	ا	و	د
1	9	17	25	و	د	ب	ز	ہ	ج	ا
(2)	(10)	(18)	(26)	ج	ا	و	د	ب	ز	ہ
3	11	19	27	ا	و	د	ب	ز	ہ	ج
4	12	20	28	ہ	ج	ا	و	د	ب	ز
(5)	(13)	(21)	(29)	ب	ز	ہ	ج	ا	و	د
6	14	22	30	ز	ہ	ج	ا	و	د	ب
7	15	23	·	د	ب	ز	ہ	ج	ا	و
·	(16)	(24)	·	ا	و	د	ب	ز	ہ	ج

مہینا تاریخ اور حرفِ مدخل

ب

مہینا اور تاریخ					حرفِ مدخل اور دن						
محرم 30		شوال 29			ا	ز	و	ہ	د	ج	ب
صفر 29		رجب 30			و	ہ	د	ج	ب	ا	ز
ربیع الاول 30		ذوالحجہ 29 (30)			ہ	د	ج	ب	ا	ز	و
ربیع الآخر 29		رمضان 30			ج	ب	ا	ز	و	ہ	د
جمادی الاولیٰ 30					ب	ا	ز	و	ہ	د	ج
جمادی الآخرہ 29		ذوالقعدہ 30			ز	و	ہ	د	ج	ب	ا
شعبان 29					د	ج	ب	ا	ز	و	ہ
1	8	15	22	29	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ
2	9	16	23	30	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ
3	10	17	24	·	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ
4	11	18	25	·	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ
5	12	19	26	·	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ
6	13	20	27	·	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ
7	14	21	28	·	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ

یادداشت :- جدول 6 میں سال کبیسہ مطابق فقرہ 98 اور حرفِ مدخل حسب فقرہ 99 صورت 1 متعین کیے گئے ہیں۔

102 - بعض اہلِ ہیئت سولھویں (فقرہ 98) کے عوض بہزیجحادو طیعنی پندرھویں سال کو کبیسہ مانتے ہیں۔ اگر چہ اس تبدیلی سے تقویم پر چنداں اثر نہیں پڑتا پھر بھی قانونِ مذکورہ کو مدِ نظر رکھ کر جدول 7 الف و ب مرتب کرکے درج کر رہے ہیں، جس کا طریقۂ استعمال مثالوں سے واضح ہوگا۔

مثال 1۔ سنہ 11ھ کے ربیع الاوّل کا مدخل دیکھنا ہو،

تو سنہ 11ھ دَورِ صغیر کا درمیانی سال ہو۔ پس دورِ کبیر کے خانۂ صفر کے مقابل دَورِ صغیر کے گیارھویں برس کے تحت آ تحریر ہو اور ماہِ ربیع الاوّل کے سامنے اِسی حرف کے نیچے چہار شنبہ درج ہو۔

مثال 2۔ سنہ 1380ھ کا نوروز معلوم کرنا ہو،

تو 1380 ÷ 210 = باقی از قسمت 120 حاصل ہوا، جس کا یہ مطلب ہو کہ دَورِ کبیر کی تیسری مدت ختم ہو کر چوتھی مدت کا تیسواں سال ہو۔ اس لیے دَورِ کبیر کی درمیانی مدت کے خانۂ 90 کے تحت تیسویں سال کی سطر میں آ ملا، جس کو بطریقۂ معلوم جدول 7 ب میں دیکھا تو سالِ مسئول کا مدخل یکشنبہ مکتوب ہو۔

مثال 3۔ سنہ 1381ھ کی پہلی رمضان کا دن جاننا ہو،

تو 1381 ÷ 210 = باقی از قسمت 121، یعنی دَورِ کبیر کی چوتھی مدت ختم ہو کر پانچویں کا پہلا سال ہو۔ لہذا دورِ کبیر کی درمیانی مدت کے خانۂ 120 کے نیچے پہلے درمیانی سال کی سیدھ میں د تحریر ہو، جسے حصّۂ ب میں دیکھا تو پتا چلا کہ پہلی رمضان کو سہ شنبہ ہو۔

عہ تاریخ الغ بیگ، قلمی، باب اوّل درمعرفت تاریخ ہجری، ص 6۔ مملوکہ رضا لائبریری، رام پور۔ ۱۲ منہ

حروفِ اصطلاحی — الف — ماہ تاریخ و یوم — ب

دورِ صغیر کے درمیانی سال	0	30	60	90	120	150	180
	دورِ کبیر کی درمیانی مدّت						
1	ج	ہ	ز	ب	د	و	ا
(2)	و	ا	ج	ہ	ز	ب	د
3	ا	ج	ہ	ز	ب	د	و
4	د	و	ا	ج	ہ	ز	ب
(5)	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
6	ب	د	و	ا	ج	ہ	ز
(7)	ہ	ز	ب	د	و	ا	ج
8	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
9	ج	ہ	ز	ب	د	و	ا
(10)	و	ا	ج	ہ	ز	ب	د
11	ا	ج	ہ	ز	ب	د	و
12	د	و	ا	ج	ہ	ز	ب
(13)	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
14	ب	د	و	ا	ج	ہ	ز
(15)	ہ	ز	ب	د	و	ا	ج
16	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
17	ج	ہ	ز	ب	د	و	ا
(18)	و	ا	ج	ہ	ز	ب	د
19	ا	ج	ہ	ز	ب	د	و
20	د	و	ا	ج	ہ	ز	ب
(21)	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
22	ب	د	و	ا	ج	ہ	ز
23	ہ	ز	ب	د	و	ا	ج
(24)	ا	ج	ہ	ز	ب	د	و
25	ج	ہ	ز	ب	د	و	ا
(26)	و	ا	ج	ہ	ز	ب	د
27	ا	ج	ہ	ز	ب	د	و
28	د	و	ا	ج	ہ	ز	ب
(29)	ز	ب	د	و	ا	ج	ہ
30	ب	د	و	ا	ج	ہ	ز

ماہ و تاریخ		حرفِ اصطلاحی و یوم						
محرم 30	شوال 29	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
جمادی الآخرہ 29	ذوالقعدہ 30	ب	ج	د	ہ	و	ز	ا
صفر 29	رجب 30	ج	د	ہ	و	ز	ا	ب
ربیع الاول 30	ذوالحجہ 29 (30)	د	ہ	و	ز	ا	ب	ج
شعبان 29		ہ	و	ز	ا	ب	ج	د
ربیع الآخر 29	رمضان 30	و	ز	ا	ب	ج	د	ہ
جمادی الاولیٰ 30		ز	ا	ب	ج	د	ہ	و

1	8	15	22	29	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ
2	9	16	23	30	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ
3	10	17	24	·	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ
4	11	18	25	·	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ
5	12	19	26	·	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ	جمعہ
6	13	20	27	·	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ	شنبہ
7	14	21	28	·	شنبہ	جمعہ	پنجشنبہ	چہارشنبہ	سہ شنبہ	دوشنبہ	یکشنبہ

یادداشت :۔ جدول ہٰذا میں سالِ کامل فقرہ 102 کے مطابق اور حروفِ مدخل (حروف اصطلاحی) برخلاف فقرہ 99 تنزولاً درج ہیں۔

HAKU

دَورِ صغیر کے کامل سال اور مجوّزہ تصحیح

103۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ ہیئتی تقمیرِ اوسط کے مقابلے میں اِصطلاحی قمری مہینا تقریباً 2.763990816 سکنڈ کم ہے (فقرہ 97) جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اصطلاحی قمری تقویم میں اب تک 12 گھنٹے سے زیادہ کی کمی ہوئی ہے جو سال بہ سال بڑھتی ہی جائے گی۔ اس خطا کی اصلاح کے لیے مناسب ہے کہ 1301ھ سے ادوط بہزیجح پر عمل کریں یعنی فقرہ 98 کے الحاقی سالوں کو دَورِ صغیر میں ایک برس پیچھے کر دیں تاکہ 2600ھ تک ایک دن کی کمی پوری ہو جائے اور پھر انھیں مثلِ سابق بہزیجوح ادوط کر دیں۔ اس طرح اصطلاحی یا تقویمی سال کی لمبائی ہیئتی اعتبار سے برابر ہوتی رہے گی۔

104۔ حسبِ منشائے فقرۂ 103 جدول 8 الف و ب وضع کر کے پیش کرتے ہیں تاکہ ہیئتی اور اصطلاحی سالوں کے طول میں تخالف واقع نہ ہو، نیز حال و مستقبل میں کارآمد ہو۔ طریقۂ استعمال مثل جدول 6 ہے۔

مُجوّزہ ہجری دَوَامی جَدوَل 8

حرفِ مُدخَل　　　　　　　　　　　　　　　　　　الف

دورِ صغیر کے درمیانی سال (س)				دورِ کبیر کی درمیانی مُدّت (صغیر—کبیر)ب اور حرفِ مُدخَل						
				0	1	2	3	4	5	6
·	7	·	·	ه	ج	ا	و	د	ب	ز
0	8	16	24	ب	ز	ه	ج	ا	و	د
(1)	(9)	(17)	(25)	و	د	ب	ز	ه	ج	ا
2	10	18	26	د	ب	ز	ه	ج	ا	و
3	11	19	27	ا	و	د	ب	ز	ه	ج
(4)	(12)	(20)	(28)	ه	ج	ا	و	د	ب	ز
5	13	21	29	ج	ا	و	د	ب	ز	ه
(6)	14	22	30	ز	ه	ج	ا	و	د	ب
·	(15)	(23)	·	د	ب	ز	ه	ج	ا	و

مہینا تاریخ اور حرفِ مُدخَل　　　　　　　　　　　　　　　　　　ب

مہینا اور تاریخ		حرفِ مُدخَل اور دِن						
محرّم 30	شوّال 29	ا	ب	ج	د	ه	و	ز
جُمادی الاُولیٰ 30		ب	ج	د	ه	و	ز	ا
ربیع الآخر 29	رمضان 30	ج	د	ه	و	ز	ا	ب
شعبان 29		د	ه	و	ز	ا	ب	ج
ربیع الاوّل 30	ذوالحجہ 29 (30)	ه	و	ز	ا	ب	ج	د
صفر 29	رجب 30	و	ز	ا	ب	ج	د	ه
جُمادی الآخرہ 29	ذوالقعدہ 30	ز	ا	ب	ج	د	ه	و

1	8	15	22	29	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
2	9	16	23	30	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ
3	10	17	24	·	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ
4	11	18	25	·	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ
5	12	19	26	·	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ
6	13	20	27	·	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ
7	14	21	28	·	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ

یادداشت :- اِس جَدوَل میں سالِ کابِل فقرہ 103 کے مطابق اور حرفِ مدخل فقرہ 99 کے موافق صوواً مکتوب ہیں۔

کسی سالِ ہجری کے یومِ مدخل سے متعلقہ مہینوں کے یومِ مدخل معلوم کرنا

105۔ اگر سالِ ہجری کے یومِ مدخل صُعُوداً ہوں جیسے کہ جدول 6 اور جدول 8 میں تو باقی گیارہ مہینوں کے یومِ مدخل

جدول 9 الف

سال کا یومِ مدخل	باقی مہینوں کا ترتیباً یومِ مدخل										
	صفر	ربیع الاول	ربیع الآخر	جمادی الاولیٰ	جمادی الآخرہ	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذوالقعدہ	ذوالحجہ
ا	ج	د	و	ز	ب	ج	ہ	و	ا	ب	د
ب	د	ہ	ز	ا	ج	د	و	ز	ب	ج	ہ
ج	ہ	و	ا	ب	د	ہ	ز	ا	ج	د	و
د	و	ز	ب	ج	ہ	و	ا	ب	د	ہ	ز
ہ	ز	ا	ج	د	و	ز	ب	ج	ہ	و	ا
و	ا	ب	د	ہ	ز	ا	ج	د	و	ز	ب
ز	ب	ج	ہ	و	ا	ب	د	ہ	ز	ا	ج

کے مطابق اور نُزُولاً ہوں جیسے کہ جدول 7 میں تو

جدول 9 ب

سال کا یومِ مدخل	باقی مہینوں کا ترتیباً یومِ مدخل										
	صفر	ربیع الاول	ربیع الآخر	جمادی الاولیٰ	جمادی الآخرہ	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذوالقعدہ	ذوالحجہ
ا	و	ہ	ج	ب	ز	و	د	ج	ا	ز	ہ
ب	ز	و	د	ج	ا	ز	ہ	د	ب	ا	و
ج	ا	ز	ہ	د	ب	ا	و	ہ	ج	ب	ز
د	ب	ا	و	ہ	ج	ب	ز	و	د	ج	ا
ہ	ج	ب	ز	و	د	ج	ا	ز	ہ	د	ب
و	د	ج	ا	ز	ہ	د	ب	ا	و	ہ	ج
ز	ہ	د	ب	ا	و	ہ	ج	ب	ز	و	د

کے مطابق ہوں گے۔

ہجری مدخل کا حسا باً استعلام

106۔ سالِ ہجری ناقص کے دنوں کو ہفتے پر تقسیم کریں تو 4، سالِ کامل کو تقسیم کریں تو 5، اور دَورِ صغیر کے دنوں کو تقسیم کریں تو 5 روز باقی رہتے ہیں۔ دَورِ کبیر سات کا ضعف ہے، اِس لیے کوئی دن نہیں بچتا۔ پس دورِ کبیر کے بعد سالِ ہجری اصطلاحی کے ایّام مثلِ ترتیبِ سابق عود کرتے ہیں۔

قاعدہ:۔ جس سال کا مدخل دریافت کرنا ہو اس سے ایک سال گھٹا کر باقی کو دَورِ کبیر پر تقسیم کریں اور خارجِ قسمت کو نظر انداز کرتے ہوئے باقی از قسمت کے ہر دَورِ صغیر کے لیے 5، سالِ کامل کے لیے 5 اور سالِ ناقص کے لیے 4 دن شمار کریں۔ ان زیادہ دنوں کی میزان پر بطورِ محفوظ 6 کا اضافہ کریں، اس لیے کہ پہلا سال جمعے کو شروع ہوا تھا (فقرہ 92) جو ہفتے کا چھٹا دن تھا۔ اب افزوں کو ہفتے پر بانٹیں، جو بچ رہے وہ سالِ مسؤلہ کا نیا دن ہوگا۔

مثال 1۔ 425ھ کا نیا دن نکالنا ہے،

تو 425ھ کے زیادہ دن شمار کریں (424 ÷ 210 = باقی 4)،
1 سالِ کامل کے لیے زیادہ دن . . . 1×5 = 5،
3 سالِ ناقص 〃 〃 〃 . . . 3×4 = 12،
مجموع . . = 17،
محفوظ . . 6
افزوں . . 23 ÷ 7 = باقی 2 = دوشنبہ

مثال 2۔ 1380ھ کا نوروز جاننا ہے،

تو 1379ھ کے زیادہ دن گنیں، (1379 ÷ 210 = 119)،
90 سال یا 3 دَورِ صغیر کے زیادہ دن . . 3×5 = 15،
18 سالِ ناقص کے 〃 〃 . . . 18×4 = 72،
11 سالِ کامل کے 〃 〃 . . . 11×5 = 55،
مجموع . . = 142
محفوظ . . 6
افزوں . . 148 ÷ 7 = باقی 1 = یکشنبہ

مثال 3۔ 3578ھ کا مدخل دریافت کرنا ہے،

تو 3577 کے بیش دن شمار کریں، (3577 ÷ 210 = باقی 7)،
3 سالِ کامل کے لیے زیادہ دن . . 3×5 = 15،
4 سالِ ناقص کے لیے زیادہ دن . . 4×4 = 16،
مجموع . . = 31،

مجموع . . =31

محفوظ . . 6

افزوں . . 37 ÷ 7 باقی 2 = دوشنبہ

تیسرا باب

تاریخِ ہجری کا عیسوی میں مبادلہ اور اس کا عکس

تاریخ ہجری کا تاریخ عیسوی میں مبادلہ

107 الف ۔ گریگوروی قاعدے سے (فقرہ 66 الف تا ج) 3600 معمولی عیسوی سالوں میں الحاقی دنوں کی تعداد $\frac{3600 \text{ سال}}{400 \text{ سال}}$ x 97 دن = 873 دن ہے۔ چھتیسویں صدی کے بعد چالیسویں صدی مشمولہ میں الحاقی دن 96 اور چالیسویں صدی کے بعد چوالیسویں صدی مشمولہ میں الحاقی دن 97 ہیں۔ پس چوالیس صدیوں میں لوند کے کل 1066 دن ہوتے ہیں۔ اس حساب سے گریگوروی برس کی لمبائی $\frac{1066}{4400}$ + 365 دن یا 365·24227272727 یوم ہوتی ہے،

ب ۔ سالِ قمری اصطلاحی (فقرہ 97) کا طول $\frac{11}{30}$ 354 دن یا 354·366666667 یوم ہوتا ہے،

ج ۔ سالِ قمری اصطلاحی کی سالِ شمسی گریگوروی سے نسبت $\frac{354 \cdot 366666667 \text{ یوم}}{365 \cdot 242272727 \text{ یوم}}$ = 0·9702255834 سال،

د ۔ سالِ شمسی گریگوروی اور سالِ قمری اصطلاحی کا تفاوت 365·24227272727 − 354·366666667 = 10·87560606 یوم،

ہ ۔ ہجری سنہ کا پہلا سال جولیانی حساب سے 16 جولائی اور گریگوروی حساب سے 19 جولائی 622ء کو شروع ہوا ہے (فقرہ 92) ۔ اس لیے سال گریگوروی منقضی کے لحاظ سے 19 جولائی مشمولہ کے دنوں کی تعداد 200 ہوتی ہے، جس کی سالِ شمسی گریگوروی سے نسبت $\frac{200 \text{ دن}}{365 \cdot 242272727 \text{ دن}}$ = 0·5475817421 سال اور

و ۔ سال گریگوروی رواں کے اعتبار سے دنوں کی تعداد 19 جولائی مشمولہ کے ایام + شمسی گریگوروی اور سالِ قمری اصطلاحی کا تفاوت = 200 + 10·87560606 دن = 210·87560606 دن، جس کی سالِ گریگوروی سے نسبت $\frac{210 \cdot 87560606 \text{ دن}}{365 \cdot 242272727 \text{ دن}}$ = 0·5773581587 سال ہے۔

108۔ شمسی گریگوروی اور قمری اصطلاحی تقویموں میں لوند کے دن باقاعدگی سے آتے ہیں، لہٰذا شمسی گریگوروی سال میں سال $\overline{\text{س}}$ کا مدخل جاننے کے لیے مساوات

تاریخ عیسوی جدید = 0·97022358 (س − 1) + 622·54758174 . . . . . . (12)

یا تاریخ عیسوی جدید = 0·97022358 س + 621·57735816 . . . . . . (13)

ہوئی، جس کی روشنی میں کسی سالِ ہجری کی تاریخ کا آغاز گریگوروی تقویم میں دریافت کرنے کا قاعدہ یہ ہے۔

قاعدہ :۔ سنہ گزشتہ یعنی ایک کم کو 0·97022358 سے ضرب دے کر حاصلِ ضرب میں

622 · 54758174 جمع کریں (مساوات 12) یا سنہ رواں کو 0 · 97022358 سے ضرب کرکے 621 · 57735816 بڑھائیں (مساوات 13) تو مجموع کے عددِ صحیح سے سنہ رواں اور عددِ عُشری کو 365 سے ضرب دینے پر سالِ عیسوی گریگوری کا دن برآمد ہوگا۔

تنبیہ :۔ ملحوظ رہے کہ دونوں تقویموں میں لوند کے دن بیک وقت واقع نہ ہونے کی بنا پر کبھی تاریخِ مستخرجہ ایک دن متفاوت ہوتی ہے؛ لیکن چوں کہ ہفتے کے ایام تقویمی جدولوں سے بصحتِ تام حاصل کیے جاسکتے ہیں اس لیے جواب کو آسانی سے درست کرسکتے ہیں۔

مثال ۱۔ 10 محرم سنہ 425ھ یوم چہار شنبے کے مطابق تاریخِ عیسوی گریگوری (تقویمِ جدید) دریافت کرنی ہے،

	97022358	. . . . توبموجب مساوات (12)
	424	. . ضرب
3	88089432	
19	4044716	
388	089432	
411	37479792	= حاصلِ ضرب
622	54758174	+
1033ء	92237966	= مجموع
	97022358	. . . . یا بموجب مساوات (13)
	425	. . ضرب
4	85111790	
19	4044716	
388	089432	
412	34502150	= حاصلِ ضرب
621	57735816	+
1033ء	92237966	= مجموع
	365	. ضرب
4	61189830	
55	3427796	
276	713898	
336 دن	66857590	= حاصلِ ضرب

اب یکم محرم 425ھ کو 1033ء گریگوری کے . . .	.	336 دن
محرم کے دس دنوں میں سے مدخل کم کرکے . . .	+	9 "
مجموع	=	345 دن
از جدول ۱، یکم جنوری تا 30 نومبر مشمولہ کے . . .	-	334 "
باقی دسمبر کے	=	11 دن

لہٰذا، 10 محرم 425ھ = 11 دسمبر 1033ء (گریگوری)

اطمینان کے لیے ہجری اور عیسوی تاریخوں کے دنوں کو جانچیں تو جدول 6 الف و ب سے 10 محرم 425ھ کو چہارشنبہ اور جدول 2 الف و ب سے 11 دسمبر 1033ء گریگوری کو چہارشنبہ نکلتا ہے، جس سے ثابت ہوا کہ تاریخ مستخرجہ صحیح ہے۔

مثال 2۔ 24 شوّال 1327ھ یوم دوشنبے کے مطابق نئے حساب سے تاریخ عیسوی دیکھنی ہے،

تو از روئے مساوات (12)		97022358
ضرب .		1326
	5	82134148
	19	4044716
	291	067074
	970	22358
حاصلِ ضرب =	1286	51646708
+	622	54758174
مجموع =	1909ء	06404882
ضرب .		365
		32024410
	3	8429292
	19	214646
حاصلِ ضرب =	23 دن	3778193

اب یکم محرم 1327ھ کو 1909ء گریگوری کے . . .		23 دن
از جدول 5، 2 محرم تا 24 شوّال مشمولہ کے	+	289
مجموع	=	312
از جدول 1، یکم جنوری تا 31 اکتوبر مشمولہ کے . . .	-	304
باقی نومبر کے		8 دن

لہذا، 24 شوال 1327ھ = 8 نومبر 1909ء (گریگوروی)

جدول 6 الف و ب سے 24 شوال 1327ھ کا دن اور جدول 2 الف و ب سے 8 نومبر 1909ء گریگوروی کا دن دوشنبہ نکلا۔

مثال 3۔ 10 ذوالحجہ 1377ھ یوم شنبہ کے مطابق نئے حساب سے عیسوی تاریخ معلوم کرنی ہے،

توحسبِ مساوات (13) 97022358

ضرب . 1377

6	79156506
67	9156506
291	067074
970	22358
1335	99786966 = حاصلِ ضرب
621	57735816 +
1957ء	57522782 = مجموع
	365 . ضرب
2	87613910
34	5136692
172	568346
209	9581543 = حاصلِ ضرب

اب یکم محرم 1377ھ کو 1957ء گریگوروی کے . . . . 209 دن

از جدول 5، 2 محرم تا 10 ذوالحجہ مشمولہ کے . . . . . . 334 + ″

مجموع = 543 ″

سالِ شمسی معمولی کے . . . . 365 − ″

باقی = 178 ″

از جدول 1، یکم جنوری تا 31 مئی مشمولہ کے . . . . 151 − ″

باقی جون کے = 27 ″

لہذا، 10 ذوالحجہ 1377ھ = 27 جون 1958ء (گریگوروی)

اطمینان کے لیے جدول 6 الف و ب سے 10 ذوالحجہ 1377ھ کا دن دریافت کیا تو شنبہ اور جدول 2 الف و ب سے 27 جون 1958ء کا دن جمعہ حاصل ہوا۔ اس لیے بجائے 27 کے 28 جون ہی صحیح ہے۔

لہذا، 10 ذوالحجہ سنہ 1377ھ = 28 جون سنہ 1958ء (گریگوروی)

مثال 4 ۔ 2 محرم سنہ 3578ھ سہ شنبہ کے مطابق نئے حساب سے عیسوی تاریخ دریافت کرنی ہے،

توبموجب مساوات (12) 97022358

	3577 . ضرب .
6	79156506
67	9156506
485	111790
2910	67074
3470	48974566 = حاصلِ ضرب
622	54758174 +
سنہ 4093ء	0373274 = مجموع
	365 . ضرب.
0	1866370
2	239644
11	19822
دن 13	624501

اب یکم محرم سنہ 3578ھ کو سنہ 4093ء گریگوروی کے . . . . 13 "

2 محرم کا . . . . 1 "

مجموع = 14 "

لہذا، 2 محرم سنہ 3578ھ = 14 جنوری سنہ 4093ء (گریگوروی)

جدول 6 یا 7 یا 8 سے 2 محرم سنہ 3578ھ کا دن سہ شنبہ حاصل ہوا اور یہی دن 14 جنوری سنہ 4093ء کا جدول 3 سے برآمد ہوا۔

109۔ دنوں کے لحاظ سے عیسوی و ہجری تاریخوں کی تطبیقی مساوات

ایامِ عیسوی = ایامِ ہجری + ایامِ عیسوی ماقبلِ سنہ ھ . . . . (14)

ہے، جس سے تاریخِ ہجری کو تاریخِ عیسوی میں بدلنے کے مندرجۂ ذیل قاعدے ملتے ہیں۔

قاعدۂ اوّل ۔ تاریخِ ہجری کو پہلے دنوں میں تحویل کریں، یعنی سالِ منقضی کو 354 سے ضرب دیں، پھر دَورِ صغیر پر تقسیم کرکے خارجِ قسمت کو 11 سے ضرب دیں، باقی از قسمت میں جتنے سال کامل ہوں (فقرہ 98 یا 102 یا 103) اُتنے دن اور لیں، مہینے اور دن شامل ہوں تو اُنھیں بھی دنوں میں بدلیں، آخر میں ماقبلِ سنہ ھ کے جولیائی مدت کے دن (فقرہ 92) بڑھاکر مجموع کو

جدول 4 کی مدد سے تاریخ میں تبدیل کریں، تو سالِ رواں کی تعداد اور تاریخ
الف ۔ 1600ء سے کم کے لیے مطابق عیسوی قدیم اور
ب ۔ 1600ء یا اس سے بیش کے لیے موافق عیسوی جدید برآمد ہوگی۔
ترمیم 1 ۔ الف کو گریگوروی میں بدلنا ہو تو ہر معمولی صدی (فقرہ 64) کے لیے ایک دن اضافہ کرکے آخر میں 2 دن بابت فرقِ مدخل (فقرہ 69 ج) تاریخِ مستخرجہ سے گھٹائیں۔
ترمیم 2 ۔ ب کو جولیائی میں تبدیل کرنا ہو تو پُرانی اور نئی تقویم کا فرق یعنی نسی کے دس دن (فقرہ 64) اور سولھویں صدی کے بعد کی ہر صدی کے لیے ایک دن تاریخِ مستخرجہ سے منہا کریں۔

مثال 1 ۔ ۱۰ محرم 425ھ کو تاریخِ عیسوی قدیم و جدید میں بدلنا ہے،
تو تاریخِ ہجری کے ایام

354 × 424	. . . .	150096
424 ÷ 30 = خارجِ قسمت 14، پس 14 × 11	. . . . . .	154
باقی از قسمت 4 سال، جن میں ۱ کامل ہے، پس اس کے لیے	. . . . .	1
محرم کے	. . . .	10
کل ایامِ ہجری	. . . .	150261
ما قبل ۱ھ کے جولیائی مدت کے ایام	. . . . . +	1948439
مجموعِ جولیائی ایام	. . . .	2098700
1020 سال کے جولیائی ایام از جدول 4 الف	. . . . −	2093612
باقی	. . . .	5088
13 سال، ۱۱ ماہ کے جولیائی ایام از جدول 4 ب	. . . . −	5083
باقی دسمبر کے	. . . .	5

لہٰذا، ۱۰ محرم 425ھ = 5 دسمبر 1033ء (جولیائی تقویم)
جدول 2 الف و ب سے 5 دسمبر 1033ء (تقویم قدیم) کا دن چہار شنبہ نکلا۔
چوں کہ تاریخِ مستخرجۂ بالا 1600ء سے کم ہے اس لیے بموجب ترمیم 1، دس صدیوں میں آٹھ معمولی ہیں، پس آٹھ سے دو کم کیے تو چھ دن رہے، جن کو تاریخِ مستخرجہ پر بڑھایا تو گیارہ دن ہوئے۔
لہٰذا، ۱۰ محرم 425ھ یوم چہار شنبہ = 5 دسمبر 1033ء (جولیائی) = 11 دسمبر 1033ء (گریگوروی)

مثال 2 ۔ 24 شوال 1827ھ یوم دوشنبہ کو تاریخِ عیسوی جدید و قدیم میں بدلنا ہے،
تو تاریخِ ہجری کے دن

354 × 1326	469404
1326 ÷ 30 = خارج قسمت 44، پس 44 × 11	484
باقی از قسمت 6 میں 2 سال کامل ہیں جن کے لیے	2
محرم تا شوال 24 مشمولہ کے دن از جدول 5	290
کل ایام ہجری	470180
ماقبل سنہ ہجری کے جولیائی دن	+ 1948439
مجموع جولیائی دن	2418619
1900 سال کے جولیائی دن از جدول 4 الف	− 2415019
باقی	3600
9 سال، 10 ماہ کے جولیائی دن از جدول 4 ب	− 3592
باقی نومبر کے دن	8

لہٰذا 24 شوال 1327ھ = 8 نومبر 1909ء (گریگوروی تقویم)

چوں کہ تاریخ مستخرجہ 1600ء سے بیش ہے، اس لیے بموجب ترمیم 2، نسی کے 10 دن اور سترھویں، اٹھارویں اور انیسویں صدی کے لیے 3 دن جملہ 13 دن 8 نومبر سے گھٹائیں تو اکتوبر کے 26 دن باقی رہیں گے۔

جدول 2 الف و ب سے 26 اکتوبر 1909ء (پرانی تقویم) کا دن دوشنبہ دریافت ہوا۔

لہٰذا 24 شوال 1327ھ یوم دوشنبہ = 8 نومبر 1909ء گریگوروی = 26 اکتوبر 1909ء جولیائی

مثال 3۔ 10 ذوالحجہ 1377ھ شنبے کو تاریخ عیسوی جدید و قدیم میں بدلنا ہے،

تو تاریخ ہجری کے دن

354 × 1376	487104
1376 ÷ 30 = خارج قسمت 45، پس 45×11	495
باقی از قسمت 26 میں 10 سال کامل ہیں، جن کے لیے	10
محرم سے ذوالحجہ کے 10 دن مشمولہ از جدول 5	335
کل ایام ہجری	487944
ماقبل سنہ ھ کے جولیائی ایام	+ 1948439
مجموع جولیائی ایام	2436383
1940 سال کے جولیائی ایام از جدول 4 الف	− 2429629
باقی	6754

باقی	6754
18 سال، 5 ماہ کے جولیائی ایام از جدول 4 ب	6726 −
باقی جون کے	28

لہذا، 10 ذوالحجہ سنہ 1377ھ = 28 جون سنہ 1958ء گریگوروی

چوں کہ تاریخ محصلہ سنہ 1600ء سے زیادہ ہے، اس لیے حسب ترمیم 2 نئی اور پرانی تقویم کا فرق اُنیسویں صدی تک 13 دن ہوا، جس کو اٹھائیس جون سے ناقص کیا تو 15 باقی رہے۔

جدول 2 الف و ب سے 15 جون سنہ 1958ء تقویم قدیم کا دن شنبہ نکلا۔

لہذا، 10 ذوالحجہ سنہ 1377ھ شنبہ = 28 جون سنہ 1958ء گریگوروی = 15 جون سنہ 1958ء جولیائی

مثال 4 ۔ سہ شنبہ 2 محرم سنہ 3578ھ کو گریگوروی اور جولیائی تقویم میں بدلنا ہے،

تو تاریخ ہجری کے دن

3577 × 354	1266258
3577 ÷ 30 = خارج قسمت 119، پس 119 × 11	1309
باقی از قسمت 7 میں سے 3 کامل برس ہیں، جن کے لیے	3
ماہِ محرم کے	2
کل ہجری دن	1267572
سنہ ھ شروع ہونے سے پہلے کے جولیائی مدت کے دن	1948439 +
کل جولیائی مدت کے دن	3216011
4080 برس کے جولیائی دن از جدول 4 الف	3211248 −
باقی	4763
13 برس کے جولیائی دن از جدول 4 ب	4749 −
باقی جنوری کے	14

لہذا، 2 محرم سنہ 3578ھ = 14 جنوری سنہ 4093ء گریگوروی

چوں کہ تاریخ عیسوی محصلہ سنہ 1600ء سے زیادہ ہے، اس لیے بموجب ترمیم 2، نسی کے 10 دن اور سترھویں صدی مشمولہ سے چالیسویں صدی مشمولہ تک یعنی 17، 18، 19، 21، 22، 23، 25، 26، 27، 29، 30، 31، 33، 34، 35، 37، 38، 39، 40 کے لیے 19 دن جملہ 29 دن 14 جنوری سنہ 4093ء گریگوروی سے گھٹائیں تو دسمبر سنہ 4092ء پرانی تقویم کے 16 دن بچیں گے۔

جدول 2 الف و ب سے 16 دسمبر سنہ 4092ء جولیائی تقویم کا دن سہ شنبہ برآمد ہوا۔

لہذا، 2 محرم سنہ 3578ھ سہ شنبہ = 14 جنوری سنہ 4093ء تقویم جدید = 16 دسمبر سنہ 4092ء تقویم قدیم

قاعدۂ دوم :- تاریخ ہجری کو بقاعدۂ اوّل تحویل کر چکیں تو پُرانے حساب سے ماقبل سنہ ھ کے 227016 دن ایزاد کرکے مجموع کو 4 عیسوی سال کے دنوں کی تعداد یعنی 1461 سے تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خارج قسمت مضروب میں شامل کریں تو عیسوی تقویم قدیم کے سالِ منقضیٰ کی تعداد مع تاریخ حاصل ہوگی۔

ترمیم الف- تاریخ مستخرجہ قبلِ زمانۂ اصلاح ہو (فقرہ 64) تو ہر صدی کے لیے جو گریگوری قاعدے سے غیر کبیسہ ہو ایک دن زیادہ کرکے آخر میں 2 دن بابت فرقِ مدخل (فقرہ 69 ج) کم کرنے پر اور

ب- تاریخ مستخرجہ بعد از زمانۂ اصلاح ہو تو نئی اور پرانی تقویم کا فرق، مطلب یہ کہ نسی کے 10 دن اور ہر معمولی صدی کے لیے ایک دن بیش کرنے پر تاریخ بموجب تقویم جدید نکلے گی۔

مثال 1- 10 محرم سنہ 425ھ یوم چہارشنبے کو تاریخ عیسوی قدیم و جدید میں بدلیں،

تو ایامِ ہجری محصلہ از مثال 1، قاعدۂ اوّل، فقرۂ ہذا	150261
پُرانے حساب سے ماقبل سنہ ھ کے ایام . . . . . +	227016
مجموع	377277

پس 377277 ÷ 1461 = خارج قسمت 258، باقی از قسمت 339 دن

4 x 258 = 1032 سال، 339 - 334 (جدول 1) = 11 ماہ، 5 دن،

لہذا، 10 محرم سنہ 425ھ = 5 دسمبر سنہ 1033ء جولیائی تقویم

چوں کہ تاریخ محصلہ قبل زمانۂ اصلاح ہے، یعنی 4 اکتوبر سنہ 1582ء سے پہلے کی ہے اس لیے بموجب ترمیم الف، قاعدۂ دوم 1033 سال میں آٹھ صدیاں معمولی ہیں، جن کے 8 دن ہوے۔ ان سے 2 دن بابت فرقِ مدخل کم کیے تو 6 رہے۔ پس تقویم قدیم کے 5 دسمبر پر 6 دن بڑھائے تو گریگوری تقویم کے موافق دسمبر کے 11 دن ہوے۔

لہذا، 10 محرم سنہ 425ھ یوم چہارشنبہ = 5 دسمبر سنہ 1033ء جولیائی = 11 دسمبر سنہ 1033ء گریگوری

مثال 2- 24 شوال سنہ 1327ھ، دوشنبے کو تاریخ عیسوی قدیم و جدید میں تبدیل کریں،

تو ایامِ ہجری محصلہ از مثالِ 2، قاعدۂ اوّل، فقرۂ ہذا	470180
پُرانے حساب سے ماقبل سنہ ھ کے ایام . . . . . +	227016
مجموع	697196

پس 697196 ÷ 1461 = خارج قسمت 477، باقی از قسمت 299 دن،

4 x 477 = 1908 سال، 299 - 273 (جدول 1) = 9 ماہ، 26 یوم

لہذا، 24 شوال سنہ 1327ھ دوشنبہ = 26 اکتوبر سنہ 1909ء تقویم پارینہ

چوں کہ تاریخ محصلہ بعد زمانۂ اصلاح ہے، اس لیے حسب ترمیم ب، قاعدۂ دوم نسی کے 10 دن اور سترھویں، اٹھارویں، انیسویں صدی کے لیے 3 دن کُل 13 دن 26 اکتوبر پر ایزاد کیے تو 39 دن ہوئے۔ پس 39-31 = 8 نومبر سنہ 1909ء تقویم نو۔

لہٰذا، 24 شوال 1327ھ دوشنبہ = 26 اکتوبر 1909ء جولیائی = 8 نومبر 1909ء گریگوری

مثال 3 - 10 ذوالحجہ 1377ھ یوم شنبے کو تاریخِ عیسوی جولیائی اور گریگوری میں مُبادلہ کریں،

تو ایامِ ہجری محصلہ از مثال 3، **قاعدۂ اول**، فقرۂ ہذا 487944

پُرانے حساب سے ماقبل سنہ کے دن . . . . 227016 +

مجموع 714960

پس، 714960 ÷ 1461 = خارجِ قسمت 489، باقی از قسمت 531 یوم،

489 × 4 = 1956 برس، 531 - 365 = ایک برس، 166 دن،

166 - 151 (**جدول 1**) = 5 مہینے، 15 دن،

لہٰذا، 10 ذوالحجہ 1377ھ = 15 جون 1958ء جولیائی

حسب ترمیم ب، قاعدۂ دوم تاریخِ مستخرجہ پر 13 دن بابت فرقِ تقویم بڑھائے تو جون کے 28 دن ہوئے۔

لہٰذا، 10 ذوالحجہ 1377ھ = 15 جون 1958ء جولیائی = 28 جون 1958ء گریگوری

مثال 4 - 2 محرم 3578ھ، سہ شنبے کو تاریخِ عیسوی قدیم و جدید میں مبدل کریں،

تو ایامِ ہجری محصلہ از مثال 4، **قاعدۂ اول**، فقرۂ ہذا 1267572

پُرانے حساب سے ماقبل سنہ کے ایام . . . . . . 227016 +

مجموع 1494588

پس، 1494588 ÷ 1461 = خارجِ قسمت 1022، باقی از قسمت 1446 دن،

1022 × 4 = 4088 سال، 1446 ÷ 365 = 3 سال اور 351 دن،

351 - 335 (**از جدول 1**) = 11 ماہ، 16 دن،

لہٰذا، 2 محرم 3578ھ = 16 دسمبر 4092ء جولیائی

بموجب ترمیم ب، قاعدۂ دوم تاریخِ محصلہ پر نسی کے 10 دن اور سترھویں صدی مشمولہ سے چالیسویں صدی مشمولہ تک کے لیے 19 دن، جملہ 29 دن تاریخِ جولیائی یعنی 16 دسمبر 4092ء پر بڑھائے تو گریگوری حساب سے 14 جنوری 4093ء حاصل ہوئی۔

یہ واضح رہے کہ سنہ 92 لوند کا سال ہے، اس لیے 11 مہینے کے دن بجائے 334 کے ایک دن بڑھا کر محسوب کیے گئے ہیں۔

لہٰذا، 2 محرم 3578ھ = 16 دسمبر 4092ء تقویمِ قدیم = 14 جنوری 4093ء تقویمِ جدید

تاریخِ عیسوی کا ہجری میں مُبادلہ

110 - ہجری و عیسوی تاریخوں کی مطابقتی مساوات **ایامِ ہجری = ایامِ عیسوی - ایامِ عیسوی ماقبل سنہ ہجری** . . . . . . (15)

ہے، جس سے تاریخِ عیسوی کو تاریخِ ہجری میں بقواعدِ ذیل بدل سکتے ہیں۔

قاعدۂ اول - تاریخِ عیسوی کے مُساوی جولیائی دن جدول 4 سے حاصل کرکے ماقبلِ سنہ کے جولیائی ایام

1948439 گھٹاکر باقی کو ہجری دَورِ صغیر کے دنوں کی تعداد 10631 پر تقسیم کریں، خارجِ قسمت کو دَورِ صغیر سے ضرب دیں اور باقی از قسمت کو 354 پر تقسیم کرکے خارجِ قسمت کو خارجِ قسمت مضروب میں جمع کریں، پھر خارجِ قسمت ثانی میں جتنے سال کامل ہوں (فقرہ 98، 102، 103) اُتنے دن منہا کریں تو تقویمِ ہجری اصطلاحی کے سالِ منقضی کی تعداد اور تاریخ برآمد ہوگی؛ بشرطے کہ

الف۔ تاریخِ عیسوی جولیائی 1600ء یا اس سے بیش ہو تو نسی کے 10 دن اور ہر معمولی صدی کے لیے ایک دن لے کر مجموع کو تاریخِ محصّلہ پر بڑھائیں، یا

ب۔ تاریخِ عیسوی گریگوروی 1600ء سے کم ہو تو ہر معمولی صدی کے لیے ایک دن لے کر 2 دن بابت فرق مدخل کم کرکے باقی کو تاریخِ محصّلہ سے گھٹائیں۔

مثال 1۔ 5 دسمبر 1033ء جولیائی کو تاریخِ ہجری میں بدلنا ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے جولیائی ایام

1020 سال کے از جدول 4 الف	2093612
13 سال 11 ماہ کے از جدول 4 ب	+ 5083
دسمبر کے	+ 5
مجموع جولیائی ایام	2098700
ماقبل سنہ کے جولیائی ایام	− 1948439
ایامِ ہجری	150261

پس، 150261 ÷ 10631 = خارجِ قسمت 14، باقی از قسمت 1427 دن،

14 × 30 = 420 سال، 1427 ÷ 354 = 4 سال اور 11 دن،

4 سال میں ایک کامل ہے، پس اس کے لیے ایک دن گھٹایا 11 سے تو 10 بچے۔

لہذا، 5 دسمبر 1033ء تقویمِ قدیم = 10 محرم 425ھ

مثال 2۔ 11 دسمبر 1033ء گریگوروی کو تاریخِ ہجری میں بدلنا ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے جولیائی دن

1020 سال کے از جدول 4 الف	2093612
13 سال، 11 ماہ کے از جدول 4 ب	+ 5083
دسمبر کے	+ 11
مجموع جولیائی ایام	2098706

مجموع جولیائی ایام	2098706
ماقبل سنہ ھ کے جولیائی ایام	1948439 −
ایام ہجری	150267

پس، 150267 ÷ 10631 = خارجِ قسمت 14، باقی از قسمت 1433 دن،

14 × 30 = 420 سال، 1433 ÷ 354 = 4 سال اور 17 دن،

4 برس میں ایک کامل ہے، اس لیے 17 سے ایک گھٹایا تو 16 بچے،

چوں کہ تاریخِ عیسوی گریگوروی 1600ء سے کم ہے اس لیے شرطِ ب کے مطابق دس صدیوں میں آٹھ معمولی ہیں، پس 8 سے 2 کم کیے تو 6 دن رہے، جنھیں 16 سے گھٹایا تو 10 دن باقی بچے۔

لہٰذا، 11 دسمبر 1033ء تقویم جدید = 10 محرم 425ھ

مثال 3 ۔ 8 نومبر 1909ء گریگوروی کو تاریخِ ہجری میں مبدّل کرنا ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے جولیائی ایام

1900 برس کے از **جدول 4 الف**	2415019
9 برس، 10 مہینے کے از **جدول 4 ب**	3592 +
نومبر کے	8 +
کل جولیائی دن	2418619
سنہ ھ سے پیشتر کے جولیائی دن	1948439 −
ایام ہجری	470180

پس، 470180 ÷ 10631 = خارجِ قسمت 44، باقی از قسمت 2416 دن،

44 × 30 = 1320 سال، 2416 ÷ 354 = 6 برس اور 292 دن،

6 سال میں 2 کامل ہیں، جن کے لیے 2 دن گھٹائے تو 290 باقی رہے۔

290 — 266 (از **جدول 5**) = 7 ماہ، 24 یوم،

لہٰذا، 8 نومبر 1909ء تقویمِ نو = 24 شوّال 1327ھ

مثال 4 ۔ 15 جون 1958ء جولیائی کو تاریخِ ہجری میں تبدیل کرنا ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے جولیائی دن

1940 سال کے از **جدول 4 الف**	2429629
18 سال، 5 ماہ کے از **جدول 4 ب**	6726 +
جون کے	15 +

کل جولیائی دن 2436370

ماقبل سنہ کے جولیائی دن . . . . 1948439 –

ایام ہجری 487931

پس، 487931 ÷ 10631 = خارج قسمت 45، باقی از قسمت 9562 دن،

45 × 30 = 1350 سال، 9562 ÷ 354 = 26 سال اور 332 دن،

26 سال میں 10 کامل ہیں، پس 332 – 10 = 322 دن،

چوں کہ تاریخ عیسوی جولیائی 1600ء سے زیادہ ہے، اس لیے بموجب شرط الف نئی اور پرانی تقویم کا فرق 13 دن (فقرہ 109، قاعدۂ اول، مثال 2) بڑھایا تو 335 دن ہوئے پس 335 – 325 (جدول 5) = 11 ماہ، 10 یوم،

لہذا، 15 جون 1958ء تقویم پارینہ = 10 ذوالحجہ 1377ھ

مثال 5 ۔ 14 جنوری 4093ء تقویم نو کو تاریخ ہجری میں تبدیل کریں،

تو تاریخ عیسوی کے جولیائی ایام

4080 برس کے جولیائی ایام از جدول 4 الف 3211248

13 برس کے جولیائی ایام از جدول 4 ب 4749

جنوری کے . . . . 14 +

مجموع جولیائی ایام 3216011

ماقبل سنہ کے جولیائی دن . . . . 1948439 –

ایام ہجری 1267572

پس، 1267572 ÷ 10631 = خارج قسمت 119، باقی از قسمت 2483 دن،

119 × 30 = 3570 سال، 2483 ÷ 354 = 7 سال اور 5 دن،

7 سال میں 3 کامل ہیں، جن کے لیے 3 دن کم کیے تو 2 دن باقی رہے،

لہذا، 14 جنوری 4093ء گریگوروی = 2 محرم 3578ھ

مثال 6 ۔ 16 دسمبر 4092ء تقویم پارینہ کو تاریخ ہجری میں بدلنا ہے،

تو تاریخ عیسوی کے جولیائی دن

4080 برس کے جولیائی دن از جدول 4 الف 3211248

12 برس کے جولیائی دن از جدول 4 ب . . . . . 4383 +

صفر جنوری سے صفر دسمبر کے دن از جدول 4 ب . . . 335 +

دسمبر کے . . . . 16 +

کل جولیائی دن 3215982
ماقبل سنہ کے جولیائی دن 1948439
ایامِ ہجری 1267543

پس، 1267543 ÷ 10631 = خارجِ قسمت 119، باقی از قسمت 2454 دن،

119 × 30 = 3570 برس، 2454 ÷ 354 = 6 برس 11 مہینے، 5 دن،

6 برس میں 2 کامل ہیں، جن کے لیے 2 دن گھٹائے تو 3 دن رہے۔

چوں کہ تاریخِ عیسوی جولیائی 1600ء سے بیش ہے، اس لیے بربنائے شرط الف گریگوروی اور جولیائی تقویموں کا فرق 29 دن (فقرہ 109، قاعدہ اوّل، مثال 4) ایزاد کیا تو 3+29 = 32 دن ہوئے۔ ہجری دورِ صغیر کے ساتویں برس کا ماہِ ذوالحجہ کامل ہے، اس لیے 32 ـ 30 = محرم کے 2 دن باقی رہے۔

لہٰذا، 16 دسمبر 4092ء جولیائی = 2 محرم 3578ھ

قاعدۂ دوم۔ سالِ عیسوی منقضی کو پہلے 365 سے ضرب دیں، پھر 4 پر قسمت کرکے خارجِ قسمت کو حاصلِ ضرب میں جمع کریں، مہینے اور دن شامل ہوں تو انھیں بھی دنوں میں تحویل کریں، پھر مجموع سے پُرانے حساب کے 227016 دن منقوص کرکے حاصلِ تفریق کو بقاعدۂ اوّل تاریخ میں بدلیں تو تقویمِ ہجری اصطلاحی کے سالِ منقضی کی تعداد و تاریخ دستیاب ہوگی؛ بشرطے کہ

الف ـ تاریخِ عیسوی گریگوروی اصلاح سے پہلے کی ہو (فقرہ 64) تو ہر صدی کے لیے جو گریگوری حساب سے معمولی ہو ایک دن لے کر آخر میں 2 دن فرقِ مدخل کم کریں اور باقی کو ایامِ عیسوی سے گھٹائیں،

ب ـ تاریخِ عیسوی گریگوروی بعد زمانۂ اصلاح ہو (فقرہ 64) تو لنسی کے دس دن اور ہر معمولی صدی کے لیے ایک دن کم کریں۔

مثال 1۔ 5 دسمبر 1033ء تقویمِ قدیم کو تاریخِ ہجری میں بدلنا ہے، تو تاریخِ عیسوی کے ایام

365 × 1032 376680
1032 ÷ 4 258
عیسوی 11 مہینوں کے از جدول 1 334
دسمبر کے 5
کل تقویمِ قدیم کے ایام 377277
پرانے عیسوی حساب سے سنہ سے پہلے کے ایام 227016
ایامِ ہجری 150261

پس بقیہ عمل مثل فقرۂ ہذا، قاعدہ اوّل، مثال 1 ہے۔

لہذا، 5 دسمبر 1033ء جولیائی = 10 محرم 425ھ

مثال 2۔ 11 دسمبر 1033ء تقویم نو کو تاریخ ہجری میں بدلنا ہے،

تو تاریخ عیسوی کے ایام

365x 1032	376680
4 ÷ 1032	258
11 ماہ عیسوی کے از جدول 1	334
دسمبر کے	11
کل تقویم قدیم کے ایام	377283
مطابق قاعدۂ ہذا شرطِ الف قبل زمانۂ اصلاح کا فرق (مستخرجہ فقرہ 109، قاعدۂ دوم، مثال 1) گھٹایا	6 −
کل تقویم جدید کے ایام	377277
پرانے حساب سے ماقبل سنہ ھ کے ایام	227016 −
ایامِ ہجری	150261

پس بقیہ عمل مثل فقرۂ ہذا، قاعدۂ اوّل، مثال 1 ہے۔

لہذا، 11 دسمبر 1033ء گریگوری = 10 محرم 425ھ

مثال 3۔ 26 اکتوبر 1909ء جولیائی کو تاریخ ہجری میں تبدیل کرنا ہے،

تو تاریخ عیسوی کے دن

365x 1908	696420
4 ÷ 1908	477
9 ماہ کے از جدول 1	273
اکتوبر کے	26
کل تقویم قدیم کے دن	697196
پرانے حساب سے ماقبل سنہ ھ کے دن	227016 −
ایامِ ہجری	470180

پس بقیہ عمل مثل فقرۂ ہذا، قاعدۂ اوّل، مثال 3 ہے۔

لہذا، 26 اکتوبر 1909ء = 24 شوال 1327ھ

مثال 4 ۔ 28 جون 1958ء گریگوری کے مطابق تاریخِ ہجری معلوم کرنی ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے دن

365 X 1957	714305
4 ÷ 1957	489
5 ماہ کے از جدول 1	151
جون کے	28
کل پرانی تقویم کے دن	714973
بموجب قاعدۂ ہذا شرط ب بعد زمانۂ اصلاح کا فرق (مستخرجہ فقرہ 109، قاعدۂ دوم، مثال 2) گھٹایا	− 13
کل نئی تقویم کے دن	714960
پرانے حساب سے ماقبل سنہ کے دن	− 227016
ہجری دن	487944

پس 487944 ÷ 10631 = خارجِ قسمت 45، باقی از قسمت 9549 دن،

45 x 30 = 1350 برس، 9549 ÷ 354 = 26 برس اور 345 دن،

26 برس میں 10 لوند کے ہیں، اس لیے 345 − 10 لوند کے = 335 دن،

335 − 325 (جدول 5) = 11 مہینے، 10 دن،

لہذا، 28 جون 1958ء مروجہ تقویم = 10 ذوالحجہ 1377ھ

مثال 5 ۔ 14 جنوری 4093ء مروجہ کے مطابق تاریخِ ہجری دیکھنی ہے،

تو تاریخِ عیسوی کے دن

365 X 4092	1493580
4 ÷ 4092	1023
جنوری کے	14
کل متروکہ تقویم کے دن	1494617
مروجہ اور متروکہ تقویم کا فرق (محصلہ فقرہ 109، قاعدۂ اول، مثال 4) بموجب قاعدۂ ہذا، شرط ب گھٹائیں	− 29
کل نئی تقویم کے دن	1494588
متروکہ حساب سے ماقبل سنہ کے عیسوی دن	227016

کل نئی تقویم کے دن 1494588
متروکہ حساب سے ماقبلِ سنہ کے عیسوی دن . . . . . . 227016 -
ہجری دن 1267572

پس بقیہ عمل مثل فقرۂ ہذا، قاعدۂ اول، مثال 5 ہے۔
لہذا، 14 جنوری گریگوروی 4093ء = 2 محرم 3578ھ

مثال 6 ۔ 16 دسمبر 4092ء متروکہ تقویم کے موافق تاریخِ ہجری معلوم کرنی ہے،
تو تاریخِ عیسوی کے ایام

365 x 4091 1493215
4 ÷ 4091 1022
11 ماہ سالِ کبیسہ کے از جدول 1 335
دسمبر کے 16
کل متروکہ تقویم کے دن 1494588
پرانے حساب سے ماقبلِ سنہ کے عیسوی دن . . . . . . 227016 -
ہجری دن 1267572

پس باقی عمل مثل فقرۂ ہذا، قاعدۂ اول، مثال 5 ہے۔
لہذا، 16 دسمبر 4092ء جولیائی = 2 محرم 3578ھ

آسان تطبیقی جدول کی افادیت اور استعمال

111۔ جدول 10 میں چار ہزار، چار سو، چالیس، (4440) ہجری سالوں کے ایام فقرۂ 98 الف اور فقرہ 103 کے مطابق اور اسی قدر عیسوی سالوں کے ایام 1582ع تک جولیائی قاعدے کے مطابق (فقرہ 62) اور 1582ع سے 4440ع تک گریگوروی قاعدے کے مطابق (فقرہ 66) ترتیباً درج کیے گئے ہیں۔ اس جدول کی مدد سے ایک تاریخ کو دوسری تاریخ میں تبدیل کرنا نسبتاً سہل ہے۔

112۔ الف۔ پہلے تاریخِ ہجری معلوم سے ایک برس کم کریں، پھر جدول 10 سے اس کے برابر ہجری دن لے کر ماقبلِ سنہ کے عیسوی دن 227016 جمع کریں تاکہ تاریخِ ہجری معلوم کے مساوی عیسوی تاریخ کے ایام حاصل ہوں۔ محصلہ دنوں کو اسی جدول کی مدد سے عیسوی سالوں اور دنوں میں بدل کر ایک سال بڑھائیں۔

ب۔ تاریخِ عیسوی جان لینے کے بعد جدول 2 کی وساطت سے دن دریافت کریں۔

مثال 1 ۔ 10 محرم 425ھ کے مطابق عیسوی تاریخ دیکھنی ہے،
تو 420 سال کے ہجری ایام (از جدول 10) 148834
4 " " " (از جدول 10) . . . . . . 1417 +

تو	420 سال کے ہجری ایام (از جدول 10)	148834 .
	〃 〃 〃 (از جدول 10)	1417 +
	محرم کے 〃 〃 〃	10 +
	ماقبل ــــھ کے عیسوی ایام	227016 +
	مجموع عیسوی ایام	377277 .
اب	1020 سال کے عیسوی ایام (از جدول 10)	372555 −
	باقی 〃 〃 〃	4722 .
	12 〃 〃 〃 (از جدول 10)	4383 −
	باقی عیسوی ایام	339 .
	11 ماہ کے عیسوی ایام (از جدول 1)	334 −
	باقی ماہِ دسمبر کے دن	5 .

لہذا 10 محرم 425ھ = 5 دسمبر 1033ء جولیائی

مثال 2 ۔ 17 رمضان 990ھ کے مطابق عیسوی تاریخ معلوم کرنی ہے،

تو	960 برس کے ہجری دن (از جدول 10)	340192 .
	29 〃 〃 〃 (از جدول 10)	10277 +
	8 مہینے کے 〃 〃 (از جدول 5)	236 +
	رمضان کے دن	17 +
	ــــھ سے قبل کے عیسوی دن	227016 +
	مجموع عیسوی دن	577738 .
اب	1560 برس کے عیسوی دن (از جدول 10)	569790 −
	باقی عیسوی دن	7948
	21 برس کے عیسوی دن (از جدول 10)	7670 −
	باقی عیسوی دن	278 .
	9 مہینے کے عیسوی دن (از جدول 1)	273 −
	باقی اکتوبر کے دن	5 .

لہذا، 17 رمضان 990ھ = 5 اکتوبر 1582ء جولیائی

مثال 3 ۔ 10 ذوالحجہ 1377ھ کے مطابق عیسوی تاریخ جاننی ہے،

1320 سال کے ہجری ایام (از جدول 10) 467764
56 " " " (از جدول 10) . . . + 19845
11 ماہ کے " " (از جدول 5) . . . + 325
ذو الحجہ کے . . . . + 10
ماقبل سنہ ھ کے عیسوی ایام . . . . + 227016
مجموع عیسوی ایام 714960
اب 1920 سال کے عیسوی ایام (از جدول 10) . . . . – 701267
باقی عیسوی ایام 13693
37 سال کے عیسوی ایام (از جدول 10) . . . . – 13514
باقی عیسوی ایام 179
5 ماہ کے عیسوی ایام (از جدول 1) . . . . – 151
باقی جون کے ایام 28

لہذا، 10 ذوالحجہ سنہ 1377ھ = 28 جون سنہ 1958ء گریگوروی

مثال 4 - 2 محرم سنہ 3578ھ کے مطابق عیسوی مروّجہ تاریخ اور دن دریافت کرنا ہے۔

تو 3540 سال کے ہجری ایام (از جدول 10) 1254458
37 " " " (از جدول 10) . . . + 13112
محرم کے . . . . + 2
ماقبل سنہ ھ کے عیسوی ایام . . . . + 227016
مجموع عیسوی ایام 1494588
اب 4080 سال کے عیسوی ایام (از جدول 10) . . . . – 1490191
باقی " " 4397
12 سال کے " " (از جدول 10) . . . . – 4383
باقی جنوری کے ایام 14

2 محرم سنہ 3578ھ کا دن جدول 6 یا 7 یا 8 سے سہ شنبہ اور یہی دن 14 جنوری سنہ 4093ء مروّجہ کا جدول 3 سے حاصل ہوا۔

لہذا، 2 محرم سنہ 3578ھ = 14 جنوری سنہ 4093ء مروّجہ = سہ شنبہ

113 - الف - تاریخِ عیسوی معلوم سے ایک برس گھٹا کر جدول 10 کی وساطت سے عیسوی دنوں میں بدلیں اور سنہ ہجری سے پہلے کے عیسوی دن 227016 منہا کر کے باقی کو جو ہجری دنوں کی تعداد ہے اسی جدول سے ہجری برسوں اور دنوں میں تبدیل کریں۔

ب ۔ تاریخ ہجری دریافت ہو جائے تو ہجری دوامی جدولوں سے دن معلوم کریں ۔

مثال 1 ۔ 5 دسمبر 1033ء متروکہ تقویم کو ہجری تاریخ میں بدلنا ہے

	بیان	ماخذ	عمل	عدد
تو	1020 برس کے عیسوی دن	(از جدول 10)		372555
	12 " " " "	(از جدول)	+	4383
	11 مہینوں " " "	(از جدول 1)	+	334
	دسمبر کے		+	5
	مجموع عیسوی دن			377277
	ماقبلِ سنہ ھ کے عیسوی دن		−	227016
	باقی ہجری دن			150261
اب	420 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	−	148834
	باقی ہجری دن			1427
	4 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	−	1417
	باقی محرم کے دن			10

لہٰذا، 5 دسمبر 1033ء متروکہ تقویم = 10 محرم 425ھ

مثال 2 ۔ 5 اکتوبر 1582ء (جولیانی) کو ہجری تاریخ میں مبدل کرنا ہے

	بیان	ماخذ	عمل	عدد
تو	1560 برس کے عیسوی دن	(از جدول 10)		569790
	21 " " " "	(از جدول 10)	+	7670
	9 مہینے " " "	(از جدول 1)	+	273
	اکتوبر " " "		+	5
	مجموع عیسوی دن			577738
	ماقبلِ سنہ ھ کے عیسوی دن		−	227016
	ہجری دن			350722
اب	960 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	−	340192
	باقی			10530
	29 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	−	10277
	باقی			253
	8 مہینے کے ہجری دن	(از جدول 5)	−	236

باقی		253
8 مہینے کے ہجری دن (از جدول 5)	−	236
باقی رمضان کے دن۔		17

لہذا، 5 اکتوبر 1582ء (جولیائی) = 17 رمضان 990ھ

مثال 3۔ 28 جون 1958ء (گریگوری) کو ہجری تاریخ بنانا ہے،

1920 برس کے عیسوی دن (از جدول 10)		701267
37 برس " " " (")	+	13514
5 مہینے " " " (از جدول 1)	+	151
جون کے " "	+	28
مجموع عیسوی دن		714960
ماقبل سنہ کے عیسوی دن	−	227016
ہجری دن		487944
اب 1320 برس کے ہجری دن (از جدول 10)	−	467764
باقی		20180
56 برس کے ہجری دن (از جدول 10)	−	19845
باقی		335
11 مہینے کے ہجری دن (از جدول 5)	−	325
باقی ذوالحجہ کے دن۔		10

لہذا، 28 جون 1958ء (گریگوری) = 10 ذوالحجہ 1377ھ

مثال 4۔ 14 جنوری 4093ء کو ہجری تاریخ میں بدلنا ہے،

تو 4080 برس کے عیسوی دن (از جدول 10)		1490191
12 " " " (")	+	4383
جنوری کے	+	14
مجموع عیسوی دن		1494588
ماقبل سنہ کے عیسوی دن	−	227016
ہجری دن		1267572
اب 3540 برس کے ہجری دن (از جدول 10)	−	1254458

ہجری دن		1267572
اب 3540 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	1254458 −
باقی		13114
37 برس کے ہجری دن	(از جدول 10)	13112 −
باقی محرم کے دن		2

لہذا، 14 جنوری 4093ء = 2 محرم 3578ھ

آسان دو تقویمی تطبیقی جدول 10

چار ہزار چار سو چالیس برس کے ہجری اور عیسوی دنوں کی تعداد مع ایام مخرج

سال	ایام ہجری	یوم مخرج	ایام عیسوی	یوم مخرج
1	354/55	دوشنبہ	365	شنبہ
2	709	شنبہ	730	یکشنبہ
3	1063	چہارشنبہ	1095	دوشنبہ
4	1417/18	یکشنبہ	1461	چہارشنبہ
5	1772	جمعہ	1826	پنجشنبہ
6	2126/27	سہ شنبہ	2191	جمعہ
7	2481	یکشنبہ	2556	شنبہ
8	2835	پنجشنبہ	2922	دوشنبہ
9	3189/90	دوشنبہ	3287	سہ شنبہ
10	3544	شنبہ	3652	چہارشنبہ
11	3898	چہارشنبہ	4017	پنجشنبہ
12	4252/53	یکشنبہ	4383	شنبہ
13	4607	جمعہ	4748	یکشنبہ
14	4961	سہ شنبہ	5113	دوشنبہ
15	5315/16	شنبہ	5478	سہ شنبہ
16	5670	پنجشنبہ	5844	پنجشنبہ
17	6024/25	دوشنبہ	6209	جمعہ
18	6379	شنبہ	6574	شنبہ
19	6733	چہارشنبہ	6939	یکشنبہ
20	7087/88	یکشنبہ	7305	سہ شنبہ
21	7442	جمعہ	7670	چہارشنبہ
22	7796	سہ شنبہ	8035	پنجشنبہ
23	8150/51	شنبہ	8400	جمعہ
24	8505	پنجشنبہ	8786	یکشنبہ
25	8859/60	دوشنبہ	9131	دوشنبہ
26	9214	شنبہ	9496	سہ شنبہ
27	9568	چہارشنبہ	9861	چہارشنبہ
28	9922/23	یکشنبہ	10227	جمعہ
29	10277	جمعہ	10592	شنبہ
30	10631	سہ شنبہ	10957	یکشنبہ
31	10985/86	شنبہ	11322	دوشنبہ
32	11340	پنجشنبہ	11688	چہارشنبہ
33	11694	دوشنبہ	12053	پنجشنبہ
34	12048/49	جمعہ	12418	جمعہ
35	12403	چہارشنبہ	12783	شنبہ
36	12757/58	یکشنبہ	13149	دوشنبہ
37	13112	جمعہ	13514	سہ شنبہ
38	13466	سہ شنبہ	13879	چہارشنبہ
39	13820/21	شنبہ	14244	پنجشنبہ
40	14175	پنجشنبہ	14610	شنبہ
41	14529	دوشنبہ	14975	یکشنبہ
42	14883/84	جمعہ	15340	دوشنبہ
43	15238	چہارشنبہ	15705	سہ شنبہ
44	15592	یکشنبہ	16071	پنجشنبہ
45	15946/47	پنجشنبہ	16436	جمعہ
46	16301	سہ شنبہ	16801	شنبہ
47	16655/56	شنبہ	17166	یکشنبہ
48	17010	پنجشنبہ	17532	سہ شنبہ
49	17364	دوشنبہ	17897	چہارشنبہ
50	17718/19	جمعہ	18262	پنجشنبہ

سال	ایام ہجری	یوم مخرج	ایام عیسوی	یوم مخرج
51	18073	چہارشنبہ	18627	جمعہ
52	18427	یکشنبہ	18993	یکشنبہ
53	{18781/82}	پنجشنبہ	19358	دوشنبہ
54	19136	سہ شنبہ	19723	سہ شنبہ
55	{19490/91}	شنبہ	20088	چہارشنبہ
56	19845	پنجشنبہ	20454	جمعہ
57	20199	دوشنبہ	20819	شنبہ
58	{20553/54}	جمعہ	21184	یکشنبہ
59	20908	چہارشنبہ	21549	دوشنبہ
60	21262	یکشنبہ	21915	چہارشنبہ
60	21262	یکشنبہ	21915	چہارشنبہ
120	42524	چہارشنبہ	43830	دوشنبہ
180	63786	شنبہ	65745	شنبہ
240	85048	سہ شنبہ	87660	پنجشنبہ
300	106310	جمعہ	109575	سہ شنبہ
360	127572	دوشنبہ	131490	یکشنبہ
420 دے 2	148834	پنجشنبہ	153405	جمعہ
480	170096	یکشنبہ	175320	چہارشنبہ
540	191358	چہارشنبہ	197235	دوشنبہ
600	212620	شنبہ	219150	شنبہ
660	233882	سہ شنبہ	241065	پنجشنبہ
720	255144	جمعہ	262980	سہ شنبہ
780	276406	دوشنبہ	284895	یکشنبہ
840 دے 4	297668	پنجشنبہ	306810	جمعہ
900	318930	یکشنبہ	328725	چہارشنبہ
960	340192	چہارشنبہ	350640	دوشنبہ
1020	361454	شنبہ	372555	شنبہ
1080	382716	سہ شنبہ	394470	پنجشنبہ
1140	403978	جمعہ	416385	سہ شنبہ
1200	425240	دوشنبہ	438300	یکشنبہ
1260 دے 6	446502	پنجشنبہ	460215	جمعہ
1320	467764	یکشنبہ	482130	چہارشنبہ
1380	489026	چہارشنبہ	504045	دوشنبہ
1440	510288	شنبہ	525960	شنبہ
1500	531550	سہ شنبہ	547875	پنجشنبہ
1560	552812	جمعہ	569790	سہ شنبہ
1582	560608	چہارشنبہ	577815	جمعہ
1620	574074	دوشنبہ	591695	پنجشنبہ
1680 دے 8	595336	پنجشنبہ	613610	سہ شنبہ
1700	{602423/24}	یکشنبہ	620914	جمعہ
1740	616598	یکشنبہ	635524	شنبہ
1800	637860	چہارشنبہ	657438	چہارشنبہ
1860	659122	شنبہ	679353	دوشنبہ
1900	673297	شنبہ	693962	دوشنبہ
1920	680384	سہ شنبہ	701267	جمعہ
1980	701646	جمعہ	723182	چہارشنبہ

HRKU

سال	ایام ہجری	یوم مخرج	ایام عیسوی	یوم مخرج
2040	722908	دوشنبہ	745097	دوشنبہ
2100 لہ 10	744170	پنجشنبہ	767011	جمعہ
2160	765432	یکشنبہ	788926	چہارشنبہ
2200	779607	یکشنبہ	803535	چہارشنبہ
2220	786694	چہارشنبہ	810840	یکشنبہ
2280	807956	شنبہ	832755	جمعہ
2300	815043 / 44	سہ شنبہ	840059	دوشنبہ
2340	829218	سہ شنبہ	854669	سہ شنبہ
2400	850480	جمعہ	876584	یکشنبہ
2460	871742	دوشنبہ	898499	جمعہ
2500	885917	دوشنبہ	913108	جمعہ
2520 لہ 12	893004	پنجشنبہ	920413	سہ شنبہ
2580	914266	یکشنبہ	942328	یکشنبہ
2600	921353 / 54	چہارشنبہ	949632	چہارشنبہ
2640	935528	چہارشنبہ	964242	پنجشنبہ
2700	956790	شنبہ	986156	دوشنبہ
2760	978052	سہ شنبہ	1008071	شنبہ
2820	999314	جمعہ	1029986	پنجشنبہ
2880	1020576	دوشنبہ	1051901	سہ شنبہ
2900	1027663	پنجشنبہ	1059205	جمعہ
2940 لہ 14	1041838	پنجشنبہ	1073815	شنبہ
3000	1063100	یکشنبہ	1095729	چہارشنبہ
3060	1084362	چہارشنبہ	1117644	دوشنبہ

سال	ایام ہجری	یوم مخرج	ایام عیسوی	یوم مخرج
3100	1098537	چہارشنبہ	1132253	دوشنبہ
3120	1105624	شنبہ	1139558	جمعہ
3180	1126886	سہ شنبہ	1161473	چہارشنبہ
3240	1148148	جمعہ	1183388	دوشنبہ
3300	1169410	دوشنبہ	1205302	جمعہ
